اَعْرِبُوا الْقُرآنَ وَ الْتَمِسُوا غَرَائِبَه (الحدیث)

# مَعارفُ البیان
فِی
# اِعرابِ القرآن

جلد چہارم سُورۃُ صٓ تا سُورۃُ النَّاسِ

تالیف

www.KitaboSunnat.com



اُستاذُ العُلماء شیخُ الحدیث حضرت مولانا
ابو اُسامہ عبدُ الرحمٰن صاحب حفظہ اللہ لودھروی
فاضل جامعہ خیرُ المدارس مُلتان
مدیر: جامعہ نورُ القرآن والسُّنّۃ پُل شاہ نال لودھراں
واستاذ الحدیث: جامعہ سراجُ العلوم لودھراں

ناشر
مکتبہ امدادیہ
مُلتان، پاکستان
061-4544965
0300-7828402

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَعْرِبُوا الْقُرْآنَ وَالْتَمِسُوْا غَرَائِبَهٗ (الحدیث)

# مَعَارِفُ الْبَیَان

فِیْ

# اِعْرَابِ الْقُرْآن

جلدِ رابع

سُوْرَۃُ صٓ تا سُوْرَۃُ النَّاسِ

## تالیف


استاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا

ابو اسامہ عبد الرحمٰن صاحب لودھروی حفظہ اللہ

فاضل: جامعہ خیر المدارس ملتان

مدیر: جامعہ نور القرآن والسنۃ پل شاہ نال لودھراں

واستاد الحدیث: جامعہ سراج العلوم لودھراں



ناشر

مکتبہ امدادیہ ملتان پاکستان


www.kitabosunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کتاب کے جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب **مَعَارِفُ الْبَیَانِ فِیْ اِعْرَابِ الْقُرْآن** جلد رابع

سُوْرَۃُ صٓ تا سُوْرَۃُ النَّاسِ

تالیف : ابواسامہ حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب لودھروی

ناشر مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان
فون نمبر ۰۶۱-۴۵۴۴۹۶۵/۰۳۰۰-۷۸۲۸۴۰۲

المکتبۃ الرحمانیۃ
۹۹ جے ماڈل ٹاؤن - لاہور
نمبر ............

ملنے کے پتے

☆کتب خانہ مجیدیہ ملتان ☆ادارہ اشاعت الخیر ملتان ☆مکتبہ حقانیہ ملتان
☆مکتبہ رحمانیہ اُردو بازار لاہور فون ۰۴۲-۳۷۲۲۴۲۲۸/۳۷۲۲۱۳۹۵
☆مکتبہ خلیل لاہور
☆مکتبہ العلم اُردو بازار لاہور فون ۰۴۲-۳۷۲۳۱۷۸۸/۳۷۲۱۱۷۸۸
☆قدیمی کتب خانہ بالمقابل آرام باغ کراچی فون ۰۲۱-۳۲۲۱۲۲۲۱/۳۲۲۱۲۲۲۰
☆مکتبہ الشیخ بہادر آباد کراچی
☆کتب خانہ اشرفیہ کراچی فون نمبر ۰۲۱-۳۲۲۱۳۰۵۸
☆دارالاشاعت اُردو بازار کراچی فون نمبر ۰۲۱-۳۲۲۱۳۷۶۸

بتعاون
محمد حمزہ صدیق قریشی صاحب

ضروری گزارش

اس کتاب کی تصحیح کی حتی الوسع کوشش کی گئی ہے۔ اگر اس کے باوجود کہیں کتابتی غلطی نظر آئے تو نشاندہی فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کی جاسکے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء (ادارہ)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# فہرست

## سُورَةُ صٓ



| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۱ | ۹ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۴ | ۱۸ |
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۲ | ۱۱ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۵ | ۲۲ |
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۳ | ۱۵ | | |



## سُورَةُ الزُّمَر



| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۱ | ۲۷ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۵ | ۴۰ |
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۲ | ۳۱ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۶ | ۴۴ |
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۳ | ۳۴ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۷ | ۴۷ |
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۴ | ۳۷ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۸ | ۴۹ |



## سُورَةُ الْمُؤْمِن



| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۱ | ۵۲ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۶ | ۶۷ |
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۲ | ۵۴ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۷ | ۶۹ |
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۳ | ۵۷ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۸ | ۷۲ |
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۴ | ۵۹ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۹ | ۷۴ |
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۵ | ۶۳ | | |



## سُورَةُ حٰمٓ السَّجْدَة



| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۱ | ۷۷ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۴ | ۸۳ |
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۲ | ۷۸ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۵ | ۸۵ |
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۳ | ۸۱ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۶ | ۸۹ |



## سُورَةُ الشُّوْرٰی



| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۱ | ۹۳ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۳ | ۹۹ |
| ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۲ | ۹۵ | ترکیب رکوع نمبر ــــــــ ۴ | ۱۰۲ |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com




| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۵ | ۱۰۵ | | |

## سُوْرَۃُ الزُّخْرُفِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۱۰۹ | ترکیب رکوع نمبر ۵ | ۱۱۸ |
| ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۱۱۱ | ترکیب رکوع نمبر ۶ | ۱۲۰ |
| ترکیب رکوع نمبر ۳ | ۱۱۴ | ترکیب رکوع نمبر ۷ | ۱۲۳ |
| ترکیب رکوع نمبر ۴ | ۱۱۶ | | |

## سُوْرَۃُ الدُّخَانِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۱۲۸ | ترکیب رکوع نمبر ۳ | ۱۳۴ |
| ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۱۳۲ | | |

## سُوْرَۃُ الْجَاثِیَۃِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۱۳۶ | ترکیب رکوع نمبر ۳ | ۱۴۱ |
| ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۱۳۸ | ترکیب رکوع نمبر ۴ | ۱۴۲ |

## سُوْرَۃُ الْاَحْقَافِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۱۴۶ | ترکیب رکوع نمبر ۳ | ۱۵۳ |
| ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۱۴۹ | ترکیب رکوع نمبر ۴ | ۱۵۵ |

## سُوْرَۃُ مُحَمَّدٍ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۱۵۹ | ترکیب رکوع نمبر ۳ | ۱۶۵ |
| ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۱۶۲ | ترکیب رکوع نمبر ۴ | ۱۶۷ |

## سُوْرَۃُ الْفَتْحِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۱۷۱ | ترکیب رکوع نمبر ۳ | ۱۷۶ |
| ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۱۷۳ | ترکیب رکوع نمبر ۴ | ۱۷۹ |

## سُوْرَۃُ الْحُجُرَاتِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۱۸۲ | ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۱۸۵ |


" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## سُوْرَۃُ قٓ


| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۱۸۹ | ترکیب رکوع نمبر ۳ | ۱۹۳ |
| ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۱۹۱ | | |


## سُوْرَۃُ الذّٰرِیٰتِ


| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۱۹۷ | ترکیب رکوع نمبر ۳ | ۲۰۳ |
| ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۱۹۹ | | |


## سُوْرَۃُ الطُّوْرِ


| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۲۰۶ | ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۲۰۹ |


## سُوْرَۃُ النَّجْمِ


| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۲۱۳ | ترکیب رکوع نمبر ۳ | ۲۱۹ |
| ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۲۱۷ | | |


## سُوْرَۃُ الْقَمَرِ


| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۲۲۲ | ترکیب رکوع نمبر ۳ | ۲۲۸ |
| ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۲۲۵ | | |


## سُوْرَۃُ الرَّحْمٰنِ


| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۲۳۱ | ترکیب رکوع نمبر ۳ | ۲۳۶ |
| ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۲۳۳ | | |


## سُوْرَۃُ الْوَاقِعَۃِ


| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۲۴۰ | ترکیب رکوع نمبر ۳ | ۲۴۶ |
| ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۲۴۲ | | |


## سُوْرَۃُ الْحَدِیْدِ


| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۱ | ۲۵۰ | ترکیب رکوع نمبر ۲ | ۲۵۳ |


" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com




| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۳ | ۲۵۶ | ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۴ | ۲۵۹ |

## سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۱ | ۲۶۲ | ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۳ | ۲۶۸ |
| ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۲ | ۲۶۴ | | |

## سُوْرَةُ الْحَشْرِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۱ | ۲۷۲ | ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۳ | ۲۷۹ |
| ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۲ | ۲۷۶ | | |

## سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۱ | ۲۸۱ | ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۲ | ۲۸۴ |

## سُوْرَةُ الصَّفِّ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۱ | ۲۸۸ | ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۲ | ۲۹۰ |

## سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۱ | ۲۹۳ | ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۲ | ۲۹۵ |

## سُوْرَةُ الْمُنَافِقُوْنَ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۱ | ۲۹۷ | ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۲ | ۲۹۹ |

## سُوْرَةُ التَّغَابُنِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۱ | ۳۰۱ | ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۲ | ۳۰۴ |

## سُوْرَةُ الطَّلَاقِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۱ | ۳۰۶ | ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۲ | ۳۰۹ |

## سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۱ | ۳۱۲ | ترکیب رکوع نمبر ـــــ ۲ | ۳۱۴ |

## سُوْرَةُ الْمُلْكِ


” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com




| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۱ | ۳۱۷ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۲ | ۳۲۰ |

سُوْرَۃُ الْقَلَمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۱ | ۳۲۵ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۲ | ۳۲۹ |

سُوْرَۃُ الْحَآقَّۃِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۱ | ۳۳۳ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۲ | ۳۳۷ |

سُوْرَۃُ الْمَعَارِجِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۱ | ۳۳۹ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۲ | ۳۴۲ |

سُوْرَۃُ نُوْحٍ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۱ | ۳۴۴ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۲ | ۳۴۷ |

سُوْرَۃُ الْجِنِّ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۱ | ۳۵۰ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۲ | ۳۵۴ |

سُوْرَۃُ الْمُزَّمِّلِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۱ | ۳۵۶ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۲ | ۳۵۸ |

سُوْرَۃُ الْمُدَّثِّرِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۱ | ۳۶۱ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۲ | ۳۶۴ |

سُوْرَۃُ الْقِیٰمَۃِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۱ | ۳۶۷ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۲ | ۳۷۰ |

سُوْرَۃُ الدَّھْرِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۱ | ۳۷۲ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۲ | ۳۷۵ |

سُوْرَۃُ الْمُرْسَلٰتِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۱ | ۳۷۸ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۲ | ۳۸۱ |


" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## سُوْرَۃُ النَّبَا



| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱ | ۳۸۳ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲ | ۳۸۵ |



## سُوْرَۃُ النّٰزِعٰتِ



| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱ | ۳۸۸ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲ | ۳۹۱ |



## سُوْرَۃُ عَبَسَ تا سُوْرَۃُ النَّاسِ



| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب سُوْرَۃُ عَبَسَ | ۳۹۴ | ترکیب سُوْرَۃُ الْبَیِّنَةِ | ۴۳۴ |
| ترکیب سُوْرَۃُ التَّکْوِیْرِ | ۳۹۸ | ترکیب سُوْرَۃُ الزِّلْزَالِ | ۴۳۷ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الْاِنْفِطَارِ | ۴۰۰ | ترکیب سُوْرَۃُ الْعٰدِیٰتِ | ۴۳۷ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الْمُطَفِّفِیْنَ | ۴۰۲ | ترکیب سُوْرَۃُ الْقَارِعَةِ | ۴۳۹ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الْاِنْشِقَاقِ | ۴۰۷ | ترکیب سُوْرَۃُ التَّکَاثُرِ | ۴۴۰ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الْبُرُوْجِ | ۴۱۰ | ترکیب سُوْرَۃُ الْعَصْرِ | ۴۴۱ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الطَّارِقِ | ۴۱۲ | ترکیب سُوْرَۃُ الْھُمَزَةِ | ۴۴۱ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الْاَعْلٰی | ۴۱۴ | ترکیب سُوْرَۃُ الْفِیْلِ | ۴۴۲ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الْغَاشِیَةِ | ۴۱۶ | ترکیب سُوْرَۃُ قُرَیْشٍ | ۴۴۳ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الْفَجْرِ | ۴۱۹ | ترکیب سُوْرَۃُ الْمَاعُوْنِ | ۴۴۳ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الْبَلَدِ | ۴۲۲ | ترکیب سُوْرَۃُ الْکَوْثَرِ | ۴۴۴ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الشَّمْسِ | ۴۲۴ | ترکیب سُوْرَۃُ الْکَافِرُوْنَ | ۴۴۵ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الَّیْلِ | ۴۲۶ | ترکیب سُوْرَۃُ النَّصْرِ | ۴۴۵ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الضُّحٰی | ۴۲۸ | ترکیب سُوْرَۃُ اللَّھَبِ | ۴۴۶ |
| ترکیب سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ | ۴۲۹ | ترکیب سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ | ۴۴۷ |
| ترکیب سُوْرَۃُ التِّیْنِ | ۴۳۰ | ترکیب سُوْرَۃُ الْفَلَقِ | ۴۴۷ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الْعَلَقِ | ۴۳۱ | ترکیب سُوْرَۃُ النَّاسِ | ۴۴۸ |
| ترکیب سُوْرَۃُ الْقَدْرِ | ۴۳۳ | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## ترکیب سُوْرَۃُ صٓ

رکوع نمبر ا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ ①

**آیت نمبر ۱**: صٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھِیَ کی، یا مفعول بہ ہے فعل محذوف اُذْکُرْ کا، واؤ قسمیہ جارہ اَلْقُرْاٰنِ موصوف ذِی الذِّکْرِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قسم، جواب قسم محذوف ہے اِنَّ الْقُرْاٰنَ لَمُعْجِزٌ، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

بَلِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِیْ عِزَّۃٍ وَّ شِقَاقٍ ②

**آیت نمبر ۲**: بَلْ حرف عطف و اضراب اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مبتدا، فِیْ جارہ عِزَّۃٍ وَّشِقَاقٍ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

کَمْ اَھْلَکْنَا مِنْ قَبْلِھِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ ③

**آیت نمبر ۳**: کَمْ خبریہ ممیز مِنْ قَرْنٍ تمیز، ممیز با تمیز محلاً منصوب مفعول بہ مقدم اَھْلَکْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ قَبْلِھِمْ متعلق و مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ نَادَوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ لَاتَ حرف مشابہ "بہ لَیْسَ" اَلْحِیْنُ محذوف اس کا اسم حِیْنَ مَنَاصٍ مرکب اضافی خبر، لَاتَ با اسم و خبر جملہ اسمیہ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَھُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْھُمْ وَقَالَ الْکٰفِرُوْنَ ھٰذَا سٰحِرٌ کَذَّابٌ ④

**آیت نمبر ۴**: واؤ عاطفہ عَجِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ مصدریہ جَآءَ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ مُنْذِرٌ موصوف مِنْھُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالَ فعل اَلْکٰفِرُوْنَ فاعل سے مل کر قول، ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، سَاحِرٌ کَذَّابٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر مقولہ مفعول بہ، فعل بافاعل جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَجَعَلَ الْاٰلِھَۃَ اِلٰھًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ ھٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ⑤

**آیت نمبر ۵**: ھَمزہ استفہامیہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْاٰلِھَۃَ مفعول بہ اوّل اِلٰھًا وَّاحِدًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ھٰذَا اسم اشارہ محلاً منصوب اس کا اسم، لَام مزحلقہ شَیْءٌ عُجَابٌ مرکب توصیفی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓی اٰلِهَتِكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ یُّرَادُ ۝۶

**آیت نمبر ۶:** واؤ استینافیہ اِنْطَلَقَ فعل اَلْمَلَاُ ذوالحال مِنْهُمْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال پھر ذوالحال، اَنْ مصدریہ اِمْشُوْا فعل ۔ باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِصْبِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰی جارہ اٰلِهَتِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر قَائِلِیْنَ محذوف کا مقولہ مفعول بہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اِنْطَلَقَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا محلًا منصوب اس کا اسم لَام مذحلقہ شَیْءٌ موصوف یُرَادُ فعل مجہول باھُوَ مستتر نائب فاعل جملہ خبریہ صفت، موصوف باصفت خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ معللہ ہوا۔

مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝۷

**آیت نمبر ۷:** مَا نافیہ سَمِعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهٰذَا جار بامجرور متعلق اوّل فِی جارہ اَلْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ نافیہ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء اِخْتِلَاقٌ مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

ءَاُنْزِلَ عَلَیْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَیْنِنَا ؕ بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِیْ ۚ بَلْ لَّمَّا یَذُوْقُوْا عَذَابِ ۝۸

**آیت نمبر ۸:** ھَمزہ حرف استفہام اُنْزِلَ فعل مجہول اَلذِّكْرُ نائب فاعل عَلٰی حرف جارہ ہٖ ضمیر ذوالحال مِنْ بَیْنِنَا کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اِنْكَارُهُمْ لَیْسَ عَنْ عِلْمٍ، هُمْ ضمیر مبتدا، فِیْ جارہ شَكٍّ موصوف مِنْ ذِكْرِیْ کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ بَلْ حرف عطف و اضراب لَمَّا حرف جازم یَذُوْقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَذَابِیْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآىِٕنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِیْزِ الْوَهَّابِ ۝۹

**آیت نمبر ۹:** اَمْ منقطعہ عِنْدَهُمْ مرکب اضافی کَائِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم خَزَآىِٕنُ مضاف رَحْمَةِ مضاف الیہ مضاف رَبِّكَ موصوف اَلْعَزِیْزِ الْوَهَّابِ دو صفت، موصوف باصفتین رَحْمَةِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خَزَآىِٕنُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا ۫ فَلْیَرْتَقُوْا فِی الْاَسْبَابِ ۝۱۰

**آیت نمبر ۱۰:** اَمْ منقطعہ لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْكُ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاَرْضِ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول بَیْنَهُمَا مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ زَعَمُوْا ذٰلِکَ، لِیَرْتَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِی الْاَسْبَابِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ﴿۱۱﴾

**آیت نمبر ۱۱:** جُنْدٌ موصوف مَا زائدہ هُنَالِكَ "كَائِنٌ" کامفعول فیہ ہو کر صفت اولیٰ، مَهْزُوْمٌ صفت ثانیہ مِنَ الْاَحْزَابِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ خبر، مبتدا محذوف هُمْ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

## كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّ عَادٌ وَّ فِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ﴿۱۲﴾ وَ ثَمُوْدُ وَ قَوْمُ لُوْطٍ وَّ اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ ؕ اُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ ﴿۱۳﴾

**آیت نمبر ۱۲،۱۳:** كَذَّبَتْ فعل قَبْلَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ قَوْمُ نُوْحٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَادٌ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ فِرْعَوْنَ موصوف ذُو الْاَوْتَادِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، واؤ عاطفہ ثَمُوْدُ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ قَوْمُ لُوْطٍ مرکب اضافی معطوف رابع، واؤ عاطفہ اَصْحَابُ الْاَيْكَةِ مرکب اضافی معطوف خامس، معطوف علیہ بامعطوفات خمسہ كَذَّبَتْ کافاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔اُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ﴿۱۴﴾

**آیت نمبر ۱۴:** اِنْ نافیہ كُلٌّ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء كَذَّبَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلرُّسُلَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ حَقَّ فعل عِقَابِ مرکب اضافی فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

## وَ مَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾

**آیت نمبر ۱۵:** واؤ استینا فیہ مَا نافیہ يَنْظُرُ فعل هٰٓؤُلَآءِ فاعل اِلَّا حرف استثناء صَيْحَةً وَّاحِدَةً مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔مَا نافیہ لَهَا كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ فَوَاقٍ مجرور لفظاً مرفوع مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صَيْحَةً کی صفت ثانیہ ہے۔(حاشیہ الجمل)

## وَ قَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۱۶﴾

**آیت نمبر ۱۶:** واؤ استینا فیہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، رَبَّنَا دراصل يَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے عَجِّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَنَا جار بامجرور متعلق قِطَّنَا مرکب اضافی مفعول بہ قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعولین

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۱۷﴾

**آیت نمبر ۱۷:** اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلٰى حرف جار مَا اسم موصول يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَبْدَنَا مرکب اضافی مبدل منہ دَاوٗدَ موصوف ذَا الْاَيْدِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت بدل الکل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم اَوَّابٌ خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ﴿۱۸﴾ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ۭ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۱۹﴾

**آیت نمبر ۱۸، ۱۹:** اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم سَخَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ اَلْجِبَالَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلطَّيْرَ ذوالحال مَحْشُوْرَةً اسم مفعول هِيَ ضمیر سے مل کر حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال يُسَبِّحْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل بَاء جارہ اَلْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال سَخَّرْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ كُلٌّ مبتدا، لَهٗ جار بامجرور متعلق مقدم اَوَّابٌ صیغہ مبالغہ متعلق مقدم و ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾

**آیت نمبر ۲۰:** واؤ عاطفہ شَدَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُلْكَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل اَلْحِكْمَةَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فَصْلَ الْخِطَابِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾

**آیت نمبر ۲۱، ۲۲:** واؤ استینافیہ هَلْ حرف استفہام اَتٰى فعل کاف ضمیر منصوب مفعول نَبَؤُا الْخَصْمِ مرکب اضافی فاعل اِذْ مضاف تَسَوَّرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْمِحْرَابَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ اِذْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مضاف دَخَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰی دَاوٗدَ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ فَزِعَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل، مبدل منہ بابدل نَبَؤُا کے مضاف الیہ محذوف تَحَاکُمُ کا مفعول فیہ، کیونکہ نَبَؤُا الْخَصْمِ دراصل نَبَؤُا تَحَاکُمِ الْخَصْمِ ہے، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ ہوا۔ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، لَا تَخَفْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ خَصْمَانِ موصوف بَغٰی فعل بَعْضُنَا مرکب اضافی فاعل عَلٰی بَعْضٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ صفت، موصوف باصفت خبر ہے مبتدا محذوف نَحْنُ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا تَخَاصَمْنَا، اُحْکُمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَیْنَنَا مرکب اضافی مفعول فیہ بِالْحَقِّ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تُشْطِطْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ اِهْدِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اِلٰی حرف جر سَوَآءِ الصِّرَاطِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ هٰذَآ اَخِیْ ۫ لَهٗ تِسْعٌ وَّ تِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِیَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۫ فَقَالَ اَكْفِلْنِیْهَا وَ عَزَّنِیْ فِی الْخِطَابِ ﴿۲۳﴾

**آیت نمبر ۲۳:** اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا مبدل منہ اَخِیْ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل اِنَّ کا اسم لَهٗ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ معطوف علیہ بامعطوف ممیز، نَعْجَةً تمیز، ممیز باتمیز معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِیْ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰی نِعَاجِهٖ ؕ وَ اِنَّ كَثِیْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَیَبْغِیْ بَعْضُهُمْ عَلٰی بَعْضٍ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ قَلِیْلٌ مَّا هُمْ ؕ وَ ظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَ خَرَّ رَاكِعًا وَّ اَنَابَ ﴿۲۴﴾

**آیت نمبر ۲۴:** قَالَ فعل با هُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، لام موطئہ للقسم اور یہاں قسم محذوف ہے قَدْ حرف تحقیق ظَلَمَ فعل هُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ بَاء حرف جار سُؤَالِ مصدر مضاف نَعْجَتِكَ مرکب اضافی مضاف الیہ معنًی مفعول بہ اِلٰی حرف جار نِعَاجِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل محذوف لِیَضُمَّ کے یَضُمَّ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور سُؤَالِ مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر بامضاف الیہ معنًی مفعول بہ اور متعلق سے مل کر مجرور، جار بامجرور ظَلَمَ کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق کَثِیْرًا موصوف مِنَ الْخُلَطَآءِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اِنَّ کا اسم لَام مزحلقہ یَبْغِیْ فعل بَعْضُهُمْ مرکب اضافی مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل، واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ قَلِیْلٌ خبر مقدم مَا زائدہ هُمْ ضمیر مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال عَمِلُوْا کا فاعل، اَلصّٰلِحٰتِ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ یَبْغِیْ کا فاعل عَلٰی بَعْضٍ جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہے۔

واؤ عاطفہ ظَنَّ فعل دَاوٗدُ فاعل اَنَّ حرف تحقیق مَا کافہ فَتَنّٰا فعل بافاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ظَنَّ کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ قَالَ کا معطوف اوّل، فاء عاطفہ اِسْتَغْفَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل رَبَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ خَرَّ فعل هُوَ مستتر ذوالحال رَاكِعًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَنَابَ فعل با هُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ جملہ مستانفہ ہوا۔

## فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۲۵﴾

**آیت نمبر ۲۵:** فاء عاطفہ غَفَرْنَا فعل با نَا ضمیر فاعل لَهٗ متعلق ذٰلِکَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق لَهٗ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم عِنْدَنَا مرکب اضافی کَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم لَام مزحلقہ زُلْفٰی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حُسْنَ مَاٰبٍ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مرفوع تقدیرًا خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿۲۶﴾

**آیت نمبر ۲۶:** یَا حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اور اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے، دَاوٗدُ محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، کاف ضمیر مفعول بہ اوّل خَلِیْفَةً موصوف فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ ندائیہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ کَذٰلِکَ، اُحْکُمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَیْنَ النَّاسِ مرکب اضافی مفعول فیہ بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر اُحْکُمْ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَتَّبِعْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل اَلْهَوٰی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ سببیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُضِلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

(لَاتَتَّبِعُ الْهَوٰی فَیُضِلَّکَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ کی اصل عبارت لَا یَکُنْ مِّنْکَ اِتِّبَاعُ الْهَوٰی فَاِضْلَالُکَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ہو گی پھر ترکیب ہوگی)۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَضِلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لَهُمْ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ موصوف شَدِیْدٌ صفت اولی، بَاء جارہ مَا مصدریہ نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل یَوْمَ الْحِسَابِ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## ❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَمَاخَلَقْنَاالسَّمَآءَ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَیْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَیْلٌ لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ؕ﴿۲۷﴾

**آیت نمبر ۲۷:** واؤ استینافیہ مَا نافیہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلسَّمَآءَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاَرْضَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول بَیْنَهُمَا مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ، بَاطِلًا بواسطہ موصوف محذوف خَلْقًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ ذَالِکَ اسم اشارہ مبتدا، ظَنُّ مضاف اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ وَیْلٌ موصوف مِنَ النَّارِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، لَام جارہ اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ نَجْعَلُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِیْنَ فِی الْاَرْضِ ۫ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِیْنَ كَالْفُجَّارِ ﴿۲۸﴾

**آیت نمبر ۲۸:** اَمْ عاطفہ منقطعہ نَجْعَلُ فعل نَحْنُ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّالِحَاتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ اوّل، کاف بمعنی مِثْلَ مضاف اَلْمُفْسِدِیْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ نَجْعَلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْمُتَّقِیْنَ مفعول بہ اوّل کَالْفُجَّارِ "مِثْلَ الْفُجَّارِ" کے معنی میں ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

کِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۹﴾

**آیت نمبر ۲۹:** کِتٰبٌ موصوف اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اِلَيْكَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولی، مُبٰرَكٌ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین خبر ہے مبتدا محذوف ھٰذَا کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لام جارہ تعلیلیہ یَدَّبَّرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اٰیٰتِهٖ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ یَتَذَكَّرَ فعل اُولُوا الْاَلْبَابِ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنْزَلْنَا کے متعلق ہوئے۔

وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۳۰﴾

**آیت نمبر ۳۰:** واؤ استینافیہ وَهَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لِدَاوٗدَ متعلق سُلَيْمٰنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ نِعْمَ فعل مدح اَلْعَبْدُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ خبر اور مخصوص بالمدح مبتدا محذوف ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اسم اَوَّابٌ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ﴿۳۱﴾

**آیت نمبر ۳۱:** اِذْ ظرف زمان مضاف عُرِضَ فعل مجہول عَلٰی حرف جارہ ہٖ ضمیر ذوالحال بِالْعَشِيِّ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اَلصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ مرکب توصیفی نائب فاعل، فعل مجہول نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا۔

فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿۳۲﴾

**آیت نمبر ۳۲:** فَاء عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَحْبَبْتُ تَاء مضمومہ ضمیر فاعل حُبَّ الْخَيْرِ مرکب اضافی مفعول بہ یا مفعول مطلق عَنْ حرف جار ذِكْرِ رَبِّيْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اول ہوئے حَتّٰى حرف جر برائے غایت تَوَارَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل بِالْحِجَابِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و مفعول و متعلقین جملہ فعلیہ خبر یہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رُدُّوْهَا عَلَيَّ ؕ فَطَفِقَ مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿۳۳﴾

**آیت نمبر ۳۳:** رُدُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ عَلَيَّ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر مقولہ ہوا قَالَ محذوف کا، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف فَرَدُّوْهَا عَلَيْهِ، طَفِقَ فعل مقارب ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مَسْحًا مصدر مفعول مطلق ہے فعل محذوف يَمْسَحُ کا، يَمْسَحُ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَاء حرف جار اَلسُّوْقِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَالْاَعْنَاقِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے، فعل بافاعل ومفعول مطلق ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل مقارب باسم وخبر فعلیہ انشائیہ ہوا۔

## وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمٰنَ وَاَلْقَیْنَا عَلٰی كُرْسِیِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾

**آیت نمبر ۳۴:** واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور یہاں قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، فَتَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل سُلَیْمَانَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْقَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰی كُرْسِیِّهٖ متعلق جَسَدًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل ثُمَّ عاطفہ اَنَابَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

## قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَهَبْ لِیْ مُلْكًا لَّا یَنْۢبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِیْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾

**آیت نمبر ۳۵:** قَالَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبِّ منادیٰ مضاف، بیائے متکلم محذوف تقدیرًا منصوب مفعول بہ اَدْعُوْ کا، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء، اِغْفِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اور لِیْ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هَبْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِیْ جار بامجرور متعلق ہوئے، مُلْكًا موصوف لَا یَنْۢبَغِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل لام جار اَحَدٍ موصوف مِنْ بَعْدِیْ جار بامجرور كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم اَنْتَ ضمیر فصل اَلْوَهَّابُ خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

## فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّیْحَ تَجْرِیْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَیْثُ اَصَابَ ﴿۳۶﴾ وَالشَّیٰطِیْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَّاٰخَرِیْنَ مُقَرَّنِیْنَ فِی الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾

**آیت نمبر ۳۶، ۳۷، ۳۸:** فاء عاطفہ سَخَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهٗ جار بامجرور متعلق ہوئے اَلرِّیْحَ ذوالحال تَجْرِیْ فعل هِیَ مستتر ذوالحال رُخَآءً حال، ذوالحال باحال فاعل بِاَمْرِهٖ جار بامجرور متعلق حَیْثُ مضاف اَصَابَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ اَلرِّیْحَ کا حال، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلشَّیٰطِیْنَ مبدل منہ كُلَّ مضاف بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل، مبدل منہ بابدل معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰخَرِیْنَ موصوف مُقَرَّنِیْنَ اسم مفعول هُمْ ضمیر پوشیدہ نائب فاعل اور فِی الْاَصْفَادِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین سَخَّرْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

## هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۳۹**: ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، عَطَآؤُنَا مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ ہے قُلْنَا لَہٗ قول محذوف کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ ذَالِکَ کَذَا، اُمْنُنْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَمْسِکْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِغَیْرِ حِسَابٍ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَ حُسْنَ مَاٰبٍ ۝۴۰

**آیت نمبر ۴۰**: واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق لَہٗ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوئے اور عِنْدَنَا مرکب اضافی مفعول فیہ ہے، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ خبر مقدم، لَام مزحلقہ زُلْفٰی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حُسْنَ مَاٰبٍ مرکب اضافی معطوف، دونوں مل کر اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ سَخَّرْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

رکوع نمبر ۴

## وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّ عَذَابٍ ۝۴۱

**آیت نمبر ۴۱**: واؤ استینافیہ اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل عَبْدَنَا مرکب اضافی مبدل منہ اَیُّوْبَ مبدل منہ اِذْ مضاف نَادٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل رَبَّہٗ مرکب اضافی مفعول بہ اَنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر متکلم اسم کا اسم مَسَّ فعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ اَلشَّیْطٰنُ فاعل بَاء حرف جار نُصْبٍ وَّعَذَابٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ منصوب بنزع الخافض نَادٰی کے متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل عَبْدَنَا کا بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

## اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّ شَرَابٌ ۝۴۲

**آیت نمبر ۴۲**: اُرْکُضْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اور بِرِجْلِکَ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ مقولہ قول محذوف قِیْلَ لَہٗ کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ شَرَابٌ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِی الْاَلْبَابِ ۝۴۳

**آیت نمبر ۴۳**: واؤ عاطفہ وَهَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَہٗ جار با مجرور متعلق ہوئے اَھْلَہٗ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِثْلَھُمْ مرکب اضافی ذوالحال مَعَھُمْ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، رَحْمَۃً موصوف مِنَّا ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذِکْرٰی موصوف لَام جارہ اُولِی الْاَلْبَابِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



علیہ بامعطوف مفعول لہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

## وَ خُذْ بِیَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَ لَا تَحْنَثْ ؕ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾

**آیت نمبر ۴۴:** واؤ عاطفہ خُذْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل بِیَدِكَ متعلق ضِغْثًا مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِضْرِبْ فعل اَنْتَ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا تَحْنَثْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم وَجَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، صَابِرًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ نِعْمَ فعل مدح الْعَبْدُ فاعل، دونوں مل کر خبر مقدم، اور مخصوص بالمدح مبتدا محذوف ہے هُوَ ضمیر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اسم اَوَّابٌ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

## وَ اذْكُرْ عِبٰدَنَاۤ اِبْرٰهِیْمَ وَ اِسْحٰقَ وَ یَعْقُوْبَ اُولِی الْاَیْدِیْ وَ الْاَبْصَارِ ﴿۴۵﴾

**آیت نمبر ۴۵:** واؤ استینافیہ اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل عِبَادَنَا مرکب اضافی مبدل منہ اِبْرَاهِیْمَ وَاِسْحَاقَ وَیَعْقُوْبَ معطوف علیہ بامعطوفین موصوف اُولِیْ مضاف اَلْاَیْدِیْ وَالْاَبْصَارِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ صفت، موصوف باصفت بدل الکل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

## اِنَّاۤ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ﴿۴۶﴾

**آیت نمبر ۴۶:** اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَخْلَصْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء حرف جار خَالِصَةٌ مبدل منہ ذِكْرَى الدَّارِ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

## وَ اِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَیْنَ الْاَخْیَارِ ﴿۴۷﴾

**آیت نمبر ۴۷:** واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم عِنْدَنَا مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم، لَام مزحلقہ مِنْ حرف جار اَلْمُصْطَفَیْنَ الْاَخْیَارَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## وَ اذْكُرْ اِسْمٰعِیْلَ وَ الْیَسَعَ وَ ذَا الْكِفْلِ ؕ وَ كُلٌّ مِّنَ الْاَخْیَارِ ﴿۴۸﴾

**آیت نمبر ۴۸:** واؤ استینافیہ اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اِسْمٰعِیْلَ وَالْیَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ كُلٌّ مبتدا، مِنَ الْاَخْیَارِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



هٰذَا ذِكْرٌ ؕ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ۝۴۹ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ۝۵۰

**آیت نمبر ۴۹، ۵۰:** هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، ذِكْرٌ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تشبیہ لِلْمُتَّقِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لام مزحلقہ حُسْنَ مَاٰبٍ مرکب اضافی مبدل منہ، جَنّٰتِ عَدْنٍ مرکب اضافی ذوالحال مُفَتَّحَةً اسم مفعول لَهُمْ جار با مجرور متعلق الْاَبْوَابُ نائب فاعل، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال با حال بدل، مبدل منہ با بدل اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ۝۵۱

**آیت نمبر ۵۱:** مُتَّكِـِٕيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ ذوالحال فِيْهَا جار با مجرور متعلق يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال فِيْهَا كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل بَاء حرف جار فَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ شَرَابٍ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق حال، ذوالحال با حال مُتَّكِـِٕيْنَ کا فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر لَهُمْ کی هُمْ ضمیر سے حال ہے۔

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ۝۵۲

**آیت نمبر ۵۲:** واؤ عاطفہ عِنْدَهُمْ مرکب اضافی كَائِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ مرکب اضافی موصوف اَتْرَابٌ صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ۝۵۳

**آیت نمبر ۵۳:** هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، مَا اسم موصول تُوْعَدُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل لِيَوْمِ الْحِسَابِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ۝۵۴ۚۖ

**آیت نمبر ۵۴:** اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اسم اشارہ اس کا اسم، لام مزحلقہ رِزْقُنَا مرکب اضافی ذوالحال مَا نافیہ لَهٗ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ نَفَادٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا ؕ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ۝۵۵ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝۵۶

**آیت نمبر ۵۵، ۵۶:** هٰذَا اسم اشارہ مبتدا لِلْمُؤْمِنِيْنَ مقدر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق لِلطَّاغِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لام مزحلقہ شَرَّ مَاٰبٍ مرکب اضافی مبدل منہ جَهَنَّمَ ذوالحال يَصْلَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال بدل، مبدل منہ با بدل اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَرَدْتَ اَنْ تَعْلَمَ حَقِيْقَةَ جَهَنَّمَ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بِئْسَ فعل ذم اَلْمِهَادُ فاعل سے مل کر خبر، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے ھِیَ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

## هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّ غَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾

**آیت نمبر ۵۷:** هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء اعتراضیہ لِيَذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معترضہ ہوا۔

## وَّ اٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾

**آیت نمبر ۵۸:** واؤ عاطفہ اٰخَرُ موصوف مِنْ شَكْلِهٖ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت اولی، اَزْوَاجٌ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین بواسطہ عطف کے خبر ہے هٰذَا کی۔

## هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ؕ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ﴿۵۹﴾

**آیت نمبر ۵۹:** هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، فَوْجٌ موصوف مُقْتَحِمٌ صفت اولی، مَعَكُمْ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین ذوالحال لَا نافیہ مَرْحَبًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف رَحِبَتْ کا، اور بِهِمْ مَرْحَبًا کے متعلق ہے، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ لَهُمْ قول محذوف کا مقولہ ہو کر حال، ذوالحال با حال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم صَالُوا النَّارِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

## قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۟ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ؕ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾

**آیت نمبر ۶۰:** قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، بَلْ حرف اضراب اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، لَا نافیہ مَرْحَبًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف رَحِبَتْ کا، بِكُمْ مَرْحَبًا کے متعلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ يُقَالُ لَكُمْ محذوف کا مقولہ ہو کر اَنْتُمْ کی خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اَنْتُمْ مبتدا، قَدَّمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ لَنَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَرَدْتَّ اَنْ تَعْلَمَ حَقِيْقَةَ النَّارِ، بِئْسَ فعل ذم اَلْقَرَارُ فاعل سے مل کر خبر، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

## قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿۶۱﴾

**آیت نمبر ۶۱:** قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، رَبَّنَا منادیٰ مضاف فعل محذوف اَدْعُوْ کا مفعول بہ، فعل محذوف فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ نداء، مَنْ اسم شرط مبتدا، قَدَّمَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَنَا متعلق هٰذَا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ زِدْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ اوّل عَذَابًا موصوف ضِعْفًا صفت اولی، فِي النَّارِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب نداء، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَ قَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰی رِجَالًا کُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿۶۲﴾

**آیت نمبر ۶۲:** واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، مَا اسم استفہام مبتدا، لَا مر جارہ نَا ضمیر ذوالحال لَا نَرٰی فعل نَحْنُ پوشیدہ فاعل رِجَالًا موصوف کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم نَعُدُّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الْاَشْرَارِ متعلق سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور کائنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِیًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿۶۳﴾

**آیت نمبر ۶۳:** ھمزہ استفہامیہ اِتَّخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول سِخْرِیًّا مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ زَاغَتْ فعل عَنْهُمْ متعلق اَلْاَبْصَارُ فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿۶۴﴾

**آیت نمبر ۶۴:** اِنَّ حرف تحقیق ذَالِکَ اس کا اسم لَا مر مزحلقہ حَقٌّ مبدل منہ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّ مَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۶۵﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَیْنَهُمَا الْعَزِیْزُ الْغَفَّارُ ﴿۶۶﴾

**آیت نمبر ۶۵،۶۶:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَنَا ضمیر مبتدا، مُنْذِرٌ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ مِنْ حرف جار زائد اِلٰهٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا، اِلَّا حرف استثناء اَللّٰهُ لفظاً مرفوع موصوف اَلْوَاحِدُ الْقَهَّارُ دو صفت رَبُّ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاَرْضِ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول بَیْنَهُمَا مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین رَبُّ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ صفت ثالثہ، اَلْعَزِیْزُ الْغَفَّارُ صفت رابعہ و خامسہ، موصوف باصفات خمسہ خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِیْمٌ ﴿۶۷﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿۶۸﴾

**آیت نمبر ۶۷،۶۸:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هُوَ ضمیر مبتدا، نَبَؤٌا موصوف عَظِیْمٌ صفت اولیٰ، اَنْتُمْ مبتدا، مُعْرِضُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل عَنْهُ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



باصفتین خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍۭ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰۤى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ۝٦٩

**آیت نمبر ۶۹:** مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص لِیْ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ عِلْمٍ مصدر بِآء جارہ اَلْمَلَا الْاَعْلٰی مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے اِذْ مضاف یَخْتَصِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، مصدر با متعلق ومفعول فیہ لفظاً مجرور محلاً مرفوع اسم مؤخر کَانَ اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ يُّوْحٰۤى اِلَيَّ اِلَّاۤ اَنَّمَاۤ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٧٠

**آیت نمبر ۷۰:** اِنْ نافیہ یُوْحٰی فعل مجہول اِلَیَّ جار بامجرور متعلق ہوئے اَنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَنَا ضمیر مبتدا، نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر یُوْحٰی کے نائب فاعل کے قائم مقام، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ۝٧١

**آیت نمبر ۷۱:** اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل رَبُّکَ مرکب اضافی فاعل لِلْمَلَائِکَۃِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق یَآء ضمیر اس کا اسم خَالِقٌ اسم فاعل اَنَا ضمیر فاعل بَشَرًا مفعول بہ مِنْ طِیْنٍ متعلق سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ۝٧٢

**آیت نمبر ۷۲:** فَآء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم سَوَّیْتُ فعل تَآء مضمومہ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَفَخْتُ فعل تَآء مضمومہ فاعل فِیْهِ متعلق اول، مِنْ رُّوْحِیْ متعلق ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، فَآء جزائیہ قَعُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال سَاجِدِیْنَ حال سے مل کر فاعل لَهٗ جار بامجرور متعلق مقدم، فعل بافاعل و متعلق مقدم جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ۝٧٣

**آیت نمبر ۷۳:** فَآء عاطفہ مؤکد سَجَدَ فعل اَلْمَلَائِکَۃُ مؤکد، کُلُّهُمْ مرکب اضافی تاکید اول، اَجْمَعُوْنَ تاکید ثانی، مؤکد باتاکیدین مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثنا اِبْلِیْسَ مستثنیٰ متصل یا منقطع، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اِلَّاۤ اِبْلِيْسَ ؕ اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝٧٤

**آیت نمبر ۷۴:** اِسْتَکْبَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اسم مِنَ الْکَافِرِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ہوا۔

قَالَ یٰۤاِبۡلِیۡسُ مَا مَنَعَکَ اَنۡ تَسۡجُدَ لِمَا خَلَقۡتُ بِیَدَیَّ ؕ اَسۡتَکۡبَرۡتَ اَمۡ کُنۡتَ مِنَ الۡعَالِیۡنَ ﴿۷۵﴾

**آیت نمبر ۷۵**: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یَاء حرف نداء اَدۡعُوۡ کے قائم مقام، اَدۡعُوۡ فعل اَنَا مستتر فاعل اِبۡلِیۡسُ منادی مفرد محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء، مَا استفہامیہ مبتدا، مَنَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، اَنۡ ناصبہ تَسۡجُدَ فعل اَنۡتَ مستتر فاعل لَام جارہ مَا اسم موصول خَلَقۡتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل بَاء جارہ یَدَیَّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مَنَعَ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ جواب نداء، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ھَمۡزَہ استفہامیہ اِسۡتَکۡبَرۡتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمۡ استفہامیہ کُنۡتَ فعل ناقص تَاء مفتوحہ اس کا اسم مِنَ الۡعَالِیۡنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ اَنَا خَیۡرٌ مِّنۡہُ ؕ خَلَقۡتَنِیۡ مِنۡ نَّارٍ وَّ خَلَقۡتَہٗ مِنۡ طِیۡنٍ ﴿۷۶﴾

**آیت نمبر ۷۶**: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَنَا ضمیر مبتدا، خَیۡرٌ اسم تفضیل اَنَا مستتر فاعل اور مِنۡہُ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ خَلَقۡتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ مِنۡ نَّارٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَلَقۡتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مِنۡ طِیۡنٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معللہ ہوا۔

قَالَ فَاخۡرُجۡ مِنۡہَا فَاِنَّکَ رَجِیۡمٌ ﴿۷۷﴾ وَّ اِنَّ عَلَیۡکَ لَعۡنَتِیۡۤ اِلٰی یَوۡمِ الدِّیۡنِ ﴿۷۸﴾

**آیت نمبر ۷۷، ۷۸**: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے مَتٰی اِسۡتَکۡبَرۡتَ، اُخۡرُجۡ فعل امر اَنۡتَ مستتر فاعل مِنۡہَا متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اسم رَجِیۡمٌ خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق عَلَیۡکَ جار با مجرور کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَعۡنَتِیۡ مرکب اضافی ذوالحال اِلٰی یَوۡمِ الدِّیۡنِ ظرف مستقر مُسۡتَمِرَّۃً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال منصوب تقدیرًا اسم مؤخر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معللہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ فَاَنۡظِرۡنِیۡۤ اِلٰی یَوۡمِ یُبۡعَثُوۡنَ ﴿۷۹﴾

**آیت نمبر ۷۹**: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، رَبِّ منادی مضاف مفعول بہ ہوا اَدۡعُوۡ کا، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا جَعَلْتَنِیْ رَجِیْمًا، اَنْظِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر منصوب مفعول بہ اِلٰی جارہ یَوْمِ مضاف یُبْعَثُوْنَ فعل مجہول، واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر جواب نداء، پھر نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿٨١﴾

**آیت نمبر ۸۰، ۸۱:** قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا سَاَلْتَنِی الْاِنْظَارَ، اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اِنَّ کا اسم مِنْ جارہ اَلْمُنْظَرِیْنَ اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلٰی جارہ یَوْمِ مضاف اَلْمَعْلُوْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٢﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٨٣﴾

**آیت نمبر ۸۲، ۸۳:** قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَنْظَرْتَنِیْ، بِعِزَّتِکَ جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ قسم، لَاُغْوِیَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مؤکد اَجْمَعِیْنَ تاکید سے مل کر مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء عِبَادَکَ مرکب اضافی ذوالحال مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال موصوف اَلْمُخْلَصِیْنَ صفت، موصوف باصفت مستثنیٰ متصل، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ اُغْوِیَنَّ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جواب قسم، قسم باجواب قسم مبتدا محذوف اَنَا کی خبر، مبتدا باخبر جزاء، شرط محذوف باجزاء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## قَالَ فَالْحَقُّ ۡ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿٨٤﴾

**آیت نمبر ۸۴:** قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ ضَلُّوْا بِکَ، اَلْحَقُّ مبتدا اپنی خبر محذوف قَسَمِیْ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اَلْحَقَّ مفعول بہ مقدم اَقُوْلُ فعل اَنَا مستتر فاعل ہا ضمیر مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

## لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٥﴾

**آیت نمبر ۸۵:** لَاَمْلَئَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل جَھَنَّمَ مفعول بہ مِنْکَ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ مَنْ موصولہ تَبِعَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال لِ مِنْھُمْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، کاف ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جملہ فعلیہ خبریہ قسم محذوف کا جواب ہوا کیونکہ لَاَمْلَئَنَّ کا لام موطئہ للقسم ہے۔ اَجْمَعِیْنَ یہ مِنْهُمْ کی هُمْ ضمیر کی تاکید ہے یا مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَ کی تاکید ہے۔

## قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾

**آیت نمبر ۸۶**: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، مَا نافیہ اَسْئَلُ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق مِنْ جارہ زائدہ اَجْرٍ محلاً منصوب مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا مشابہ " بہ لَيْسَ اَنَا ضمیر اس کا اسم مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، مَا حجازیہ اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

## اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾

**آیت نمبر ۸۷**: اِنْ نافیہ هُوَ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء ذِكْرٌ موصوف لِلْعَالَمِيْنَ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿۸۸﴾

**آیت نمبر ۸۸**: واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے، تَعْلَمُنَّ فعل واؤ محذوفہ اس کا فاعل نَبَاَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ بَعْدَ حِيْنٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ترکیب سُوْرَةُ الزُّمَر

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ①

**آیت نمبر ۱**: تَنْزِيْلُ الْكِتَابِ مرکب اضافی مبتدا، مِنْ جار، اَللّٰهِ اسم الجلالہ موصوف اَلْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ دو صفت، موصوف باصفتین مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ②

**آیت نمبر ۲**: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْكَ جار با مجرور متعلق اَلْكِتَابَ ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ ذٰلِكَ كَذَا، اُعْبُدْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال مُخْلِصًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل لَهُ متعلق اَلدِّيْنَ مفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ؕ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ③

**آیت نمبر ۳**: اَلَا حرف تنبیہ لِلّٰهِ ظرف مستقر ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلدِّيْنُ الْخَالِصُ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِهٖ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی اَوْلِيَآءَ مفعول اوّل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، مَا نافیہ نَعْبُدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لَام جارہ تعلیلیہ يُقَرِّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اِلَى اللّٰهِ جار با مجرور متعلق زُلْفٰى مفعول مطلق من غیر لفظ الفعل، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور مستثنٰی مفرغ متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ ہے قول محذوف يَقُوْلُوْنَ کا، قول با مقولہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم يَحْكُمُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ فِيْ حرف جار مَا اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا، فِيْهِ جار با مجرور متعلق مقدم يَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اسمیہ خبریہ ہوا۔اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم لَایَھْدِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول ھُوَ ضمیر مبتدا،کَاذِبٌ کَفَّارٌ دو خبر، مبتدا باخبرین صلہ،موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر،اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَوْ اَرَادَ اللّٰہُ اَنْ یَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰی مِمَّا یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَہٗ ؕ ھُوَ اللّٰہُ الْوَاحِدُ الْقَھَّارُ ۝۴

**آیت نمبر ۴:** لَوْ شرطیہ اَرَادَ فعل اَللّٰہُ فاعل اَنْ ناصبہ یَتَّخِذَ فعل ھُوَ مستتر فاعل وَلَدًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،لَام جوابیہ اِصْطَفٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ حرف جار مَا اسم موصول یَخْلُقُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ،موصول باصلہ مجرور،جار بامجرور متعلق ہوئے،مَا اسم موصول یَشَآءُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ،موصول باصلہ اِصْطَفٰی کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔سُبْحَانَہٗ مرکب اضافی مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَبَّحْنَا کا، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ھُوَ ضمیر مبتدا،اَللّٰہُ موصوف اَلْوَاحِدُ الْقَھَّارُ اس کی دو صفت،موصوف باصفتین خبر،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ یُکَوِّرُ الَّیْلَ عَلَی النَّھَارِ وَیُکَوِّرُ النَّھَارَ عَلَی الَّیْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ کُلٌّ یَّجْرِیْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ اَلَا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفَّارُ ۝۵

**آیت نمبر ۵:** خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال،ذوالحال باحال فاعل اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔یُکَوِّرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَللَّیْلَ مفعول بہ عَلَی النَّھَارِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ یُکَوِّرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلنَّھَارَ مفعول بہ عَلَی اللَّیْلِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف،معطوف علیہ بامعطوف جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہے یا خَلَقَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔واؤ عاطفہ سَخَّرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلشَّمْسَ وَالْقَمَرَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خَلَقَ پر معطوف ہے۔ کُلٌّ مبتدا،یَجْرِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَام حرف جار اَجَلٍ مُّسَمًّی مرکب توصیفی مجرور،جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔اَلَا حرف تنبیہ ھُوَ ضمیر مبتدا،اَلْعَزِیْزُ الْغَفَّارُ اس کی دو خبر،مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْھَا زَوْجَھَا وَاَنْزَلَ لَکُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِیَۃَ اَزْوَاجٍ ؕ یَخْلُقُکُمْ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّھٰتِکُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِیْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ رَبُّکُمْ لَہُ الْمُلْکُ ؕ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ فَاَنّٰی تُصْرَفُوْنَ ۝۶

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۶**: خَلَقَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْهَا متعلق زَوْجَهَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْزَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ مرکب اضافی ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ مِنَ الْاَنْعَامِ متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ یَخْلُقُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْ حرف جار بُطُوْنِ اُمَّهٰتِکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے خَلْقًا موصوف مِنْ حرف جار بَعْدِ مضاف خَلْقٍ مصدر فِیْ حرف جار ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، مصدر با متعلق مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خَلْقًا کی صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِکُمْ اسم اشارہ مبتدا، اَللّٰهُ خبر اول رَبُّکُمْ مرکب اضافی خبر ثانی، لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْمُلْکُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر ثالث، مبتدا با اخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے۔ فاء استینا فیہ اَنّٰی استفہامیہ کَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم تُصْرَفُوْنَ فعل مجہول واؤ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ استفہامیہ مستانفہ یا اِنْ کَانَ ھٰذَا شَانَ اللّٰهِ شرط محذوف کی جزاء ہوا۔

اِنْ تَکْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنْکُمْ قف وَلَا یَرْضٰی لِعِبَادِهِ الْکُفْرَ ج وَاِنْ تَشْکُرُوْا یَرْضَهُ لَکُمْ ط وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی ط ثُمَّ اِلٰی رَبِّکُمْ مَّرْجِعُکُمْ فَیُنَبِّئُکُمْ بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ط اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

**آیت نمبر ۷**: اِنْ شرطیہ تَکْفُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم غَنِیٌّ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَنْکُمْ متعلق سے مل کر خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَرْضٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل لِعِبَادِهِ متعلق اَلْکُفْرَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تَشْکُرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل شرط، یَرْضَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ لَکُمْ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَزِرُ فعل وَازِرَةٌ فاعل وِزْرَ اُخْرٰی مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ اِلٰی رَبِّکُمْ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُکُمْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، فاء عاطفہ یُنَبِّئُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء حرف جر مَا اسم موصول کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بَاء جار ذَاتِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



الصُّدُوْرِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، صیغہ صفت بافاعل و متعلق خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَ اِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِیْبًا اِلَیْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِیَ مَا كَانَ
یَدْعُوْۤا اِلَیْهِ مِنْ قَبْلُ وَ جَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّیُضِلَّ عَنْ سَبِیْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ
قَلِیْلًا ۖۗ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ⑧

**آیت نمبر ۸:** واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَسَّ فعل اَلْاِنْسَانَ مفعول بہ مقدم ضُرٌّ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، دَعَا فعل هُوَ مستتر ذوالحال مُنِیْبًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل اِلَیْهِ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل رَبَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم خَوَّلَ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ نِعْمَةً موصوف مِنْهُ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، نَسِیَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم یَدْعُوْ فعل هُوَ ضمیر فاعل اِلَیْهِ متعلق سے مل کر كَانَ کی خبر، كَانَ اپنے اسم و خبر سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر یَدْعُوْ کی ضمیر سے حال ہے۔ واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ ضمیر فاعل لِلّٰهِ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر مفعول ثانی مقدم، اَنْدَادًا مفعول اوّل، لام جارہ تعلیلیہ یُضِلَّ فعل هُوَ مستتر فعل عَنْ سَبِیْلِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ نَسِیَ پر معطوف ہے۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، تَمَتَّعْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل بِكُفْرِ كَ جار بامجرور متعلق قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف تَمَتُّعًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ امریہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّیْلِ سَاجِدًا وَّ قَآئِمًا یَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَ یَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ
هَلْ یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا یَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ⑨

**آیت نمبر ۹:** اَمْ منقطعہ مَنْ اسم موصول هُوَ ضمیر مبتدا، قَانِتٌ اسم فاعل هُوَ ضمیر پوشیدہ ذوالحال سَاجِدًا وَّ قَآئِمًا معطوف علیہ بامعطوف حال اوّل، یَحْذَرُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْاٰخِرَةَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَرْجُوْ فعل هُوَ مستتر فاعل رَحْمَةَ رَبِّهٖ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال قَانِتٌ کا فاعل اٰنَآءَ اللَّیْلِ مرکب اضافی مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مَنْ کا صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اور خبر محذوف ہے كَمَنْ هُوَ عَاصٍ بِالْكُفْرِ وَغَیْرِهٖ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل قول،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



هَلْ حرف استفهام یَسْتَوِی فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ لَایَعْلَمُوْنَ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یَتَذَکَّرُ فعل اُوْلُوا الْاَلْبَابِ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## ۞ رکوع نمبر ۲ ۞

قُلْ یٰعِبَادِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّکُمْ ؕ لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا حَسَنَةٌ ؕ وَ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۱۰﴾

**آیت نمبر ۱۰:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل قول، یَاء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل عِبَادِیْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء، اِتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ لَام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اَحْسَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ حرف جار هٰذِهِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم حَسَنَةٌ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَرْضُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا، وَاسِعَةٌ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یُوَفّٰی فعل مجہول اَلصَّابِرُوْنَ نائب فاعل اَجْرَهُمْ مرکب اضافی ذوالحال بِغَیْرِ حِسَابٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ اِنِّیْۤ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّیْنَ ﴿۱۱﴾ وَ اُمِرْتُ لِاَنْ اَکُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۲﴾

**آیت نمبر ۱۱، ۱۲:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر متکلم اس کا اسم اُمِرْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ ضمیر نائب فاعل اَنْ ناصبہ اَعْبُدَ فعل اَنَا ضمیر ذوالحال مُخْلِصًا اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل لَهٗ متعلق اَلدِّیْنَ مفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ حال، ذوالحال باحال فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمِرْتُ فعل مجہول اَنَا مستتر نائب فاعل لَام جارہ اَنْ ناصبہ اَکُوْنَ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم، اَوَّلَ الْمُسْلِمِیْنَ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قُلْ اِنِّیْۤ اَخَافُ اِنْ عَصَیْتُ رَبِّیْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۳﴾

**آیت نمبر ۱۳:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا ضمیر فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



عَذَابَ یَوۡمٍ عَظِیۡمٍ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ دال بر جزاء، اِنۡ شرطیہ عَصَیۡتُ فعل تَاء ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قُلِ اللّٰهَ اَعۡبُدُ مُخۡلِصًا لَّهٗ دِیۡنِیۡ ﴿۱۴﴾

**آیت نمبر ۱۴:** قُلۡ فعل امر اَنۡتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰهَ مفعول بہ مقدم اَعۡبُدُ فعل اَنَا ضمیر ذوالحال مُخۡلِصًا اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل لَهٗ متعلق اور دِیۡنِیۡ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فَاعۡبُدُوۡا مَا شِئۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِهٖ ؕ قُلۡ اِنَّ الۡخٰسِرِیۡنَ الَّذِیۡنَ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ وَ اَهۡلِیۡهِمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الۡخُسۡرَانُ الۡمُبِیۡنُ ﴿۱۵﴾

**آیت نمبر ۱۵:** فَاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِنۡ کُنۡتُمۡ لَاتَعۡبُدُوۡنَ اللّٰهَ (فقیر) اُعۡبُدُوۡا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول شِئۡتُمۡ فعل تُمۡ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنۡ دُوۡنِهٖ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قُلۡ فعل امر اَنۡتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق اَلۡخَاسِرِیۡنَ اس کا اسم اَلَّذِیۡنَ اسم موصول خَسِرُوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنۡفُسَهُمۡ وَ اَهۡلِیۡهِمۡ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ یَوۡمَ الۡقِیَامَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اَلَا حرف تنبیہ ذَالِکَ مبتدا، هُوَ ضمیر فصل اَلۡخُسۡرَانُ الۡمُبِیۡنُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَهُمۡ مِّنۡ فَوۡقِهِمۡ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنۡ تَحۡتِهِمۡ ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ یُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ یٰعِبَادِ فَاتَّقُوۡنِ ﴿۱۶﴾

www.kitabosunnat.com

**آیت نمبر ۱۶:** لَهُمۡ ظرف مستقر کَائِنَتَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنۡ فَوۡقِهِمۡ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم ظُلَلٌ موصوف مِنَ النَّارِ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنۡ تَحۡتِهِمۡ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم ظُلَلٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ ذَالِکَ اسم اشارہ مبتدا، یُخَوِّفُ فعل اَللّٰهُ فاعل بِهٖ متعلق عِبَادَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یَاء حرف ندا اَدۡعُوۡ کے قائم مقام، اَدۡعُوۡ فعل اَنَا ضمیر فاعل عِبَادِیۡ منادیٰ مضاف منصوب تقدیرًا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ندا، فَاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِنۡ خِفۡتُمُ النَّارَ، اِتَّقُوۡا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر متکلم مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء ندا کا جواب، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَ الَّذِیْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ یَّعْبُدُوْهَا وَ اَنَابُوْۤا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾

**آیت نمبر ۱۷،۱۸:** واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِجْتَنَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلطَّاغُوْتَ مبدل منہ، اَنْ ناصبہ یَعْبُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَابُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَى اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْبُشْرٰى مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ ذَالِکَ کَذَا، بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عِبَادِیْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَسْتَمِعُوْنَ فعل، واؤ ضمیر فاعل اَلْقَوْلَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ یَتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَحْسَنَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت بَشِّرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول هَدٰى فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، هُمْ ضمیر فصل اُولُوا الْاَلْبَابِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَفَمَنْ حَقَّ عَلَیْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِی النَّارِ ﴿۱۹﴾

**آیت نمبر ۱۹:** همزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے ءَاَنْتَ مَالِکُ اَمْرِهِمْ، مَنْ اسم شرط مبتدا، حَقَّ فعل عَلَیْهِ متعلق كَلِمَةُ الْعَذَابِ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، همزہ حرف استفہام فاء جزائیہ اَنْتَ ضمیر مبتدا، تُنْقِذُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول فِی النَّارِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

لٰكِنِ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِیَّةٌ ۙ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا یُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِیْعَادَ ﴿۲۰﴾

**آیت نمبر ۲۰:** لٰكِنْ حرف استدراک واضراب اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِتَّقَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم غُرَفٌ موصوف مِنْ فَوْقِھَا جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم غُرَفٌ موصوف مَبْنِیَّۃٌ صفت اولی، تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِھَا متعلق اَلْاَنْھٰرُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ غُرَفٌ کی صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَلَّذِیْنَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ وَعْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول مطلق ہوا فعل محذوف وَعَدَ کا، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَا یُخْلِفُ فعل اَللّٰہُ فاعل اَلْمِیْعَادَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔

**اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَکَہٗ یَنَابِیْعَ فِی الْاَرْضِ ثُمَّ یُخْرِجُ بِہٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُہٗ ثُمَّ یَھِیْجُ فَتَرٰىہُ مُصْفَرًّا ثُمَّ یَجْعَلُہٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَذِکْرٰی لِاُولِی الْاَلْبَابِ ﴿۲۱﴾**

**آیت نمبر ۲۱:** ھَمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم اَنْزَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنَ السَّمَآءِ جار با مجرور متعلق مَآءً مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ سَلَکَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ یَنَابِیْعَ موصوف فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ یُخْرِجُ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِہٖ جار با مجرور متعلق زَرْعًا موصوف مُخْتَلِفًا اسم فاعل اَلْوَانُہٗ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، ثُمَّ عاطفہ یَھِیْجُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب ذوالحال مُصْفَرًّا حال سے مل کر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف معطوف ثالث، ثُمَّ عاطفہ یَجْعَلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل حُطَامًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ لَمْ تَرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

## ❁ رکوع نمبر ۳ ❁

**اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ فَھُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّہٖ ؕ فَوَیْلٌ لِّلْقٰسِیَۃِ قُلُوْبُھُمْ مِّنْ ذِکْرِ اللّٰہِ ؕ اُولٰٓئِکَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۲﴾**

**آیت نمبر ۲۲:** ھَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے کُلُّ النَّاسِ، سَوَآءٌ مبتدا، شَرَحَ فعل اَللّٰہُ فاعل صَدْرَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ لِلْاِسْلَامِ جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، عَلٰی حرف جار نُوْرٍ موصوف مِنْ رَّبِّہٖ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، فَاء جزائیہ وَیْلٌ مبتدا، لَام جارہ اَلْقَاسِيَةِ اسم فاعل قُلُوْبُهُمْ مرکب اضافی فاعل مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ جار بامجرور متعلق، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، فِیْ حرف جر ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِیْنُ جُلُوْدُهُمْ وَ قُلُوْبُهُمْ اِلٰی ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَی اللّٰهِ یَهْدِیْ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَ مَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾

**آیت نمبر** ۲۳: اَللّٰهُ مبتدا، نَزَّلَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ مرکب اضافی مبدل منہ كِتٰبًا موصوف مُتَشَابِهًا صفت اولی، مَثَانِيَ صفت ثانیہ تَقْشَعِرُّ فعل مِنْهُ ظرف لغو متعلق ہوئے، جُلُوْدُ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَخْشَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ تَلِیْنُ فعل جُلُوْدُهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُلُوْبُهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل اِلٰی ذِكْرِ اللّٰهِ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف كِتٰبًا کی صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ بدل، مبدل منہ بابدل نَزَّلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، هُدَی اللّٰهِ مرکب اضافی خبر اوّل یَهْدِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار بامجرور متعلق مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مفعول بہ مقدم یُضْلِلْ فعل اَللّٰهُ فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ مَا حجازیہ لَهٗ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ جارہ زائدہ هَادٍ مرفوع تقدیرًا اسم مؤخر، مَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَفَمَنْ یَّتَّقِیْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ وَ قِیْلَ لِلظّٰلِمِیْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾

**آیت نمبر** ۲۴: هَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے كُلُّ النَّاسِ سَوَآءٌ، مَنْ اسم موصول یَتَّقِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِوَجْهِهٖ جار بامجرور متعلق سُوْٓءَ الْعَذَابِ مرکب اضافی مفعول بہ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اور اس کی خبر محذوف ہے كَمَنْ اٰمِنَ مِنَ الْعَذَابِ، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ قِیْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر راجع بسوئے قول مصدر کے، لِلظَّالِمِیْنَ جار بامجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اسم تَکْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ یَتَّقِیْ .....الخ پر معطوف ہے۔

کَذَّبَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَیْثُ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْیَ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

**آیت نمبر ۲۶،۲۵:** کَذَّبَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِهِمْ ظرف مستقر ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَتٰی فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْعَذَابُ فاعل مِنْ حرف جر حَیْثُ مضاف لَا یَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَذَاقَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل اَلْخِزْیَ مفعول بہ ثانی، فِیْ حرف جار اَلْحَیٰوةِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَام ابتدائیہ عَذَابُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا، اَكْبَرُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَوْ شرطیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے مَا كَذَّبُوْا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ یَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾

**آیت نمبر ۲۷:** واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، ضَرَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لِلنَّاسِ جار بامجرور متعلق اور مفعول بہ ثانی مقدم فِیْ حرف جار هٰذَا الْقُرْاٰنِ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ كُلِّ مَثَلٍ كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف مَثَلًا کے ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل و مفعولین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم یَتَذَكَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لَعَلَّ اسم اور خبر سے مل کر رَاجِیْنَ التَّذَكُّرِ کی تاویل میں ہو کر ضَرَبْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا غَیْرَ ذِیْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾

**آیت نمبر ۲۸:** قُرْاٰنًا موصوف عَرَبِیًّا صفت اولیٰ، غَیْرَ ذِیْ عِوَجٍ مرکب اضافی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین حال ہے هٰذَا الْقُرْاٰنِ سے۔ لَعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ رَاجِیْنَ التَّقْوٰی کی تاویل میں ہو کر ضَرَبْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ثانی ہے۔

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِیْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ هَلْ یَسْتَوِیٰنِ مَثَلًا ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۲۹﴾

**آیت نمبر ۲۹:** ضَرَبَ فعل اَللّٰهُ فاعل مَثَلًا مبدل منہ رَجُلًا موصوف فِیْهِ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



شُرَكَاءُ موصوف،مُتَشٰكِسُوْنَ صفت،موصوف باصفت مبتدامؤخر،مبتداباخبررَجُلًا کی صفت،موصوف باصفت معطوف علیہ،واؤ عاطفہ رَجُلًا موصوف سَلَمًا مصدر لِرَجُلٍ متعلق سے مل کرصفت،موصوف باصفت معطوف،معطوف علیہ بامعطوف بدل،مبدل منہ بابدل ضَرَبَ کا مفعول بہ،فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ھَلْ حرف استفہام يَسْتَوِيٰنِ فعل الف ضمیر فاعل مَثَلًا تمیز سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔اَلْحَمْدُ مبتدا،لِلّٰہِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوکر خبر،مبتداباخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب اَكْثَرُهُمْ مرکب اضافی مبتدا،لَا يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر،مبتداباخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾

**آیت نمبر ۳۰:** اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اسم مَيِّتٌ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم مَيِّتُوْنَ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف،معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

## ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾

**آیت نمبر ۳۱:** ثُمَّ حرف عطف۔اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم تَخْتَصِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال عِنْدَ رَبِّكُمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہوکر حال،ذوالحال باحال فاعل،فعل بافاعل ومفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ خبر،اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

(پارہ نمبر ۲۳ کی ترکیب بِحَمْدِ اللّٰہِ ۲۰۱۴،۳،۱۶ کو بوقت صبح سات بجے مدرسہ معارف اسلامیہ کراچی میں مکمل ہوئی)

❁❁❁ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْهُ لِوَجْهِكَ ❁❁❁

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

## فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾

**آیت نمبر ۳۲:** فَاء استینا فیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا،اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر اس کا فاعل مِنْ جارہ مَنْ موصولہ كَذَبَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ كَذَّبَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِالصِّدْقِ جار بامجرور متعلق ہوئے،اِذْ ظرف مضاف جَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ مضاف الیہ،مضاف بامضاف الیہ كَذَّبَ کا مفعول فیہ،فعل بافاعل ومتعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف،معطوف علیہ بامعطوف صلہ،موصول باصلہ مجرور،جار بامجرور اَظْلَمُ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل ومتعلق خبر،مبتداباخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ھمزہ استفہامیہ لَيْسَ فعل ناقص فِيْ جَهَنَّمَ كَائِنًا کے متعلق ہوکر خبر مقدم،مَثْوًى موصوف لِلْكٰفِرِيْنَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہوکر صفت،موصوف باصفت اسم مؤخر،لَيْسَ بااسم وخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِہٖٓ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾

**آیت نمبر ۳۳:** واؤ استینافیہ اَلَّذِیْ اسم موصول جَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِالصِّدْقِ متعلق سے مل کر جملہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَدَّقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِہٖ متعلق سے مل کر جملہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا اوّل، اُولٰٓئِکَ مبتدا ثانی، ھُمْ ضمیر فصل اَلْمُتَّقُوْنَ خبر، مبتدا با خبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَھُمْ مَّا یَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّھِمْ ؕ ذٰلِکَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۳۴﴾

**آیت نمبر ۳۴:** لَھُمْ کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا موصولہ یَشَآءُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال عِنْدَ رَبِّھِمْ مرکب اضافی کَآئِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول فیہ، فعل با فاعل مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اُولٰٓئِکَ کی خبر ثانی ہوئی۔ ذٰلِکَ مبتدا، جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِیْنَ مرکب اضافی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

لِیُکَفِّرَ اللّٰہُ عَنْھُمْ اَسْوَاَ الَّذِیْ عَمِلُوْا وَیَجْزِیَھُمْ اَجْرَھُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِیْ کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾

**آیت نمبر ۳۵:** لام جارہ تعلیلیہ یُکَفِّرَ فعل اَللّٰہُ فاعل عَنْھُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، اَسْوَاَ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَجْزِیَ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اَجْرَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، بَاء حرف جر اَحْسَنِ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ اَحْسَنِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور یَجْزِیَ کے متعلق ہوا، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوا فعل محذوف یُسِرُّ لِلْمُحْسِنِیْنَ ذٰلِکَ میں یُسِرُّ کا۔

اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ ؕ وَیُخَوِّفُوْنَکَ بِالَّذِیْنَ مِنْ دُوْنِہٖ ؕ وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنْ ھَادٍ ﴿۳۶﴾

**آیت نمبر ۳۶:** ھمزہ استفہامیہ لَیْسَ فعل ناقص اَللّٰہُ اسم بَاء زائدہ کَافٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل عَبْدَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر منصوب محلاً خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یُخَوِّفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ دُوْنِہٖ ظرف مستقر ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مفعول بہ مقدم، یُضْلِلِ فعل اَللّٰہُ فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر شرط، فاء جزائیہ مَا مشابہ " بہ لَیْسَ لَہٗ کَآئِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ ھَادٍ مرفوع محلاً

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اسم مؤخر، مَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾

**آیت نمبر ۳۷:** وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ اس کی ترکیب اوپر والے جملہ کی مثل ہے، هَمزہ استفہامیہ لَيْسَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ عَزِيْزٍ موصوف ذِي انْتِقَامٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب خبر، لَيْسَ با اسم وخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾

**آیت نمبر ۳۸:** واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور یہاں قسم محذوف ہے، اِنْ شرطیہ سَاَلْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مَنْ استفہامیہ مبتدا، خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ لَيَقُوْلُنَّ فعل واؤ محذوفہ فاعل سے مل کر قول، اَللّٰهُ خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے تَفَكَّرْتُمْ بَعْدَ مَا اَقْرَرْتُمْ بِهٖ، رَءَيْتُمْ بمعنی اَخْبِرُوْا فعل با فاعل، مَا اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ ذوالحال، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

اِنْ شرطیہ اَرَادَ فعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل بِضُرٍّ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جملہ استفہامیہ دال ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معترضہ ہوا۔ هَلْ استفہامیہ هُنَّ ضمیر مبتدا، كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ استفہامیہ رَءَيْتُمْ کا مفعول بہ ثانی، اَوْ عاطفہ اِنْ مقدر ہے، اِنْ شرطیہ اَرَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ بِرَحْمَةٍ متعلق سے مل کر شرط، جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جملہ دال ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ هَلْ استفہامیہ هُنَّ ضمیر مبتدا، مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل قول، حَسْبِيَ مرکب اضافی مبتدا، اَللّٰهُ خبر سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ يَتَوَكَّلُ فعل الْمُتَوَكِّلُوْنَ فاعل عَلَيْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝۴۰

**آیت نمبر** ۳۹، ۴۰: قُلْ فعل امر باأَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ امر یہ قول، يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَاقَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے، اِعْمَلُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال عَلٰى مَكَانَتِكُمْ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق يَاء ضمیر اسم عَامِلٌ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ سَوْفَ علامت فعل، تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ موصولہ يَأْتِيْ فعل هِ ضمیر منصوب مفعول بہ عَذَابٌ موصوف يُخْزِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل ہِ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف باصفت يَأْتِيْ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَحِلُّ فعل عَلَيْهِ متعلق عَذَابٌ مُّقِيْمٌ مرکب توصیفی فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ تَعْلَمُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝۴۱

**آیت نمبر** ۴۱: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے لِلنَّاسِ جار بامجرور متعلق ثانی الْكِتٰبَ ذوالحال، بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، اِهْتَدٰى فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شرط، فاء جزائیہ لِنَفْسِهٖ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف هِدَايَتُهٗ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، ضَلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا كافہ يَضِلُّ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْهَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ" اَنْتَ ضمیر مرفوع اس کا اسم بَاء زائدہ وَكِيْلٍ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ متعلق مقدم سے مل کر محلاً منصوب خبر، مَا بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ سابقہ پر معطوف ہے۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝۴۲

**آیت نمبر** ۴۲: اَللّٰهُ مبتدا، يَتَوَفَّى فعل هُوَ مستتر فاعل حِيْنَ مَوْتِهَا مرکب اضافی مفعول فیہ، الْاَنْفُسَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَلَّتِیْ اسم موصول لَمْ تَمُتْ فعل هِیَ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ۔ فِیْ مَنَامِهَا جار بامجرور یَتَوَفّٰی کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ یُمْسِكُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلَّتِیْ اسم موصول قَضٰی فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْهَا متعلق الْمَوْتَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ یُمْسِكُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُرْسِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل الْاُخْرٰی مفعول بہ، اِلٰی جارہ اَجَلٍ مُّسَمًّی مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف معطوف علیہ اوّل کا معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَللّٰهُ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِیْ ذٰلِكَ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لَام تاکیدیہ اٰيٰتٍ موصوف لَام جارہ قَوْمٍ موصوف يَتَفَكَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ؕ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۳﴾

**آیت نمبر ۲۲:** ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم كَانَتْ فعل ناقص هِيَ ضمیر اس کا اسم تَاْتِيْ فعل هِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، رُسُلُهُمْ مرکب اضافی فاعل بِالْبَيِّنٰتِ جار با مجرور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَخَذَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، اَللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم، قَوِيٌّ خبر اوّل شَدِيْدُ الْعِقَابِ مرکب اضافی خبر دوم، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾

**آیت نمبر ۲۳، ۲۴:** واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُوْسٰى منصوب تقدیرًا مفعول بہ، بَاء جارہ اٰيٰتِنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، اِلٰى جارہ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ معطوف علیہ با معطوفین مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، سٰحِرٌ كَذَّابٌ دو خبریں مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ؕ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۲۵:** فَاء استینا فیہ لَمَّا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم، جَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء جارہ اَلْحَقِّ ذوالحال، مِنْ عِنْدِنَا کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اُقْتُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَبْنَآءَ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَحْیُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نِسَآءَھُمْ مرکب اضافی ذوالحال، واؤ حالیہ مَا نافیہ کَیْدُ الْکٰفِرِیْنَ مرکب اضافی مبتدا، اِلَّا حرف استثناء فِیْ ضَلٰلٍ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ قَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِیْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰی وَ لْیَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّیْٓ اَخَافُ اَنْ یُّبَدِّلَ دِیْنَكُمْ اَوْ اَنْ یُّظْهِرَ فِی الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾

**آیت نمبر ۲۶:** واؤ استینا فیہ قَالَ فعل فِرْعَوْنُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، ذَرُوْنِیْ فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اَقْتُلْ فعل اَنَا مستتر فاعل مُوْسٰی مفعول بہ سے مل کر جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَذَرُوْنِیْ کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لِیَدْعُ فعل امر ھُوَ مستتر فاعل رَبَّهٗ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل، اَنْ ناصبہ یُبَدِّلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل دِیْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَنْ ناصبہ یُظْهِرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق اَلْفَسَادَ مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَخَافُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ قَالَ مُوْسٰۤی اِنِّیْ عُذْتُ بِرَبِّیْ وَ رَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا یُؤْمِنُ بِیَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾

**آیت نمبر ۲۷:** واؤ استینا فیہ قَالَ فعل مُوْسٰی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم، عُذْتُ فعل تَاء مضمومہ اس کا فاعل، بَاء جارہ رَبِّیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبِّكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار بامجرور متعلق اوّل ہوئے، مِنْ جارہ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ مرکب اضافی موصوف لَا یُؤْمِنُ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِیَوْمِ الْحِسَابِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور عُذْتُ کے متعلق دوم، فعل بافاعل ومتعلقین اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَ قَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ یَكْتُمُ اِیْمَانَهٗۤ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ یَّقُوْلَ رَبِّیَ اللّٰهُ وَ قَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَیِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَ اِنْ یَّكُ كَاذِبًا فَعَلَیْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَ اِنْ یَّكُ صَادِقًا یُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِیْ یَعِدُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۲۸:** واؤ استینافیہ قَالَ فعل رَجُلٌ موصوف مُؤْمِنٌ صفت اولی، مِنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، یَکْتُمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِیْمَانَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھمزہ استفہامیہ تَقْتُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رَجُلًا مفعول بہ، اَنْ ناصبہ یَقُوْلَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال، واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء جارہ اَلْبَیِّنٰتِ ذوالحال مِنْ رَّبِّکُمْ کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور جَآءَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال یَقُوْلَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول رَبِّیَ مرکب اضافی مبتدا، اَللّٰهُ خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ بتاویل مصدر تَقْتُلُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

• واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ یَکُ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم کَاذِبًا خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ عَلَیْهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، کَذِبُهٗ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ یَکُ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم صَادِقًا خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، یُصِبْ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، بَعْضُ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول یَعِدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ یُصِبْ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جزاء، شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم لَا یَهْدِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول ھُوَ ضمیر مبتدا، مُسْرِفٌ خبر اوّل، کَذَّابٌ خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ لَا یَهْدِیْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا ۭ قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ ۝

**آیت نمبر ۲۹:** یٰقَوْمِ دراصل یَاقَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے، لَام حرف جر کُمْ ضمیر ذوالحال ظٰهِرِیْنَ اسم فاعل کُمْ ضمیر فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کا متعلق ہوا، اَلْیَوْمَ کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہوا، کَائِنٌ اسم فاعل ھُوَ ضمیر فاعل و متعلق ومفعول فیہ سے مل کر خبر مقدم، اَلْمُلْكُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِنْ قَتَلْتُمْ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ (کمالین) مَنْ استفہامیہ مبتدا، یَنْصُرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ بَاْسِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ جَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر شرط محذوف کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قَالَ فعل فِرْعَوْنُ فاعل سے مل کر قول، مَا نافیہ اُرِیْ فعل مضارع اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اِلَّا حرف استثناء مَا موصولہ اَرٰی فعل اَنَا مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَهْدِیْ فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اِلَّا حرف استثناء سَبِیْلَ الرَّشَادِ مرکب اضافی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوفین مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

**وَقَالَ الَّذِيٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّيٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿۳۰﴾ مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿۳۱﴾**

**آیت نمبر ۳۰،۳۱:** واؤ عاطفہ قَالَ فعل الَّذِيْ اسم موصول اٰمَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، يٰقَوْمِ دراصل يَاقَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل عَلَيْكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، مِثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ مرکب اضافی مبدل منہ مِثْلَ مضاف دَاْبِ مضاف الیہ مضاف قَوْمِ مضاف الیہ مضاف نُوْحٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَادٍ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ثَمُوْدَ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ الَّذِيْنَ اسم موصول مِنْۢ بَعْدِهِمْ ظرف مستقر ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ قَوْمِ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ دَاْبِ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مِثْلَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل، مبدل منہ بابدل اَخَافُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا واؤ اعتراضیہ مَا نافیہ اَللّٰهُ مبتداء، يُرِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل ظُلْمًا موصوف لِلْعِبَادِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

**وَيٰقَوْمِ اِنِّيٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ﴿۳۲﴾ يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾**

**آیت نمبر ۳۲،۳۳:** واؤ عاطفہ يٰقَوْمِ اصل میں يَاقَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم، اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل عَلَيْكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، يَوْمَ التَّنَادِ مرکب اضافی مبدل منہ، يَوْمَ مضاف تُوَلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُدْبِرِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر ذوالحال، مَا حجازیہ لَكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ حرف جر زائد عَاصِمٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ اللّٰهِ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر محلاً مرفوع اسم مؤخر، مَا حجازیہ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل بافاعل شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال تُوَلُّوْنَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل، مبدل منہ بابدل اَخَافُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مفعول بہ مقدم يُضْلِلِ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ مَا حجازیہ لَهٗ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ حرف جار زائد هَادٍ محلاً مرفوع خبر، مَا حجازیہ بااسم و خبر جزاء، شرط باجزاء جواب نداء پر معطوف ہے۔

**وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ۭ حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ**

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مُّرْتَابُ ۝۳۴

**آیت نمبر ۳۴:** واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم قَدْ حرف تحقیق جَآءَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ یُوْسُفُ ذوالحال مِنْ قَبْلُ کائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل بِالْبَیِّنٰتِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ مَا زِلْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم فِیْ جارہ شَكٍّ موصوف مِنْ جارہ مَا موصولہ جَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اور بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فِیْ کا مجرور، جار بامجرور کائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، حَتّٰی جارہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم هَلَكَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، قُلْتُمْ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، لَنْ یَّبْعَثَ فعل اللّٰهُ فاعل مِنْۢ بَعْدِهٖ کائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، رَسُوْلًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال لَنْ یَّبْعَثَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ محلًا مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل ناقص کے، فعل ناقص بااسم وخبر و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم محذوف باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ كَذٰلِكَ جار بامجرور کائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِضْلَالًا مفعول مطلق مقدم، یُضِلُّ فعل اللّٰهُ فاعل مَنْ اسم موصول هُوَ ضمیر مبتدا، مُسْرِفٌ خبر اوّل، مُّرْتَابٌ خبر ثانی، مبتدا باخبرین صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلَّذِیْنَ یُجَادِلُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِ اللّٰهِ بِغَیْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَ عِنْدَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ یَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ۝۳۵

**آیت نمبر ۳۵:** اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُجَادِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْۤ اٰیٰتِ اللّٰهِ جار بامجرور متعلق اوّل ہوئے، بَاء جارہ غَیْرِ سُلْطٰنٍ مرکب اضافی موصوف اَتٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، كَبُرَ فعل هُوَ ضمیر راجع بسوئے جِدَال فاعل مَقْتًا مصدر عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عِنْدَ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول فیہ ہوا مصدر کا، مصدر بامفعول فیہ تمیز، فعل بافاعل وتمیز جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ كَذٰلِكَ جار بامجرور کائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ طَبْعًا موصوف محذوف کے مفعول مطلق مقدم، یَطْبَعُ فعل اللّٰهُ فاعل عَلٰى حرف جر كُلِّ قَلْبِ مرکب اضافی موصوف مُتَكَبِّرٍ صفت اولیٰ، جَبَّارٍ صفت ثانی، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور یَطْبَعُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول مطلق و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ قَالَ فِرْعَوْنُ یٰهَامٰنُ ابْنِ لِیْ صَرْحًا لَّعَلِّیْۤ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ۝۳۶ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰۤى اِلٰهِ مُوْسٰى وَ اِنِّیْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ وَ كَذٰلِكَ زُیِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَ صُدَّ عَنِ السَّبِیْلِ ؕ وَ مَا كَیْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِیْ تَبَابٍ ۝۳۷

**آیت نمبر ۳۶، ۳۷:** واؤ استینافیہ قَالَ فعل فِرْعَوْنُ فاعل سے مل کر قول، یَاء حرف ندا، اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ضمیر فاعل، هَامَانُ محلاً منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، اِبْنِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَامْ جارہ یَاء ضمیر ذوالحال، لَعَلَّ حرف ترجی یَاء ضمیر اس کا اسم اَبْلُغُ فعل اَنَا مستتر فاعل الْاَسْبَابَ مبدل منہ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ مرکب اضافی بدل الکل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر لَعَلَّ کی خبر، لَعَلَّ باسم و خبر جملہ انشائیہ ترجیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور اِبْنِ کے متعلق ہوئے، صَرْحًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امر یہ جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فاء سببیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے اَطَّلِعَ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلٰٓی اِلٰہِ مُوْسٰی متعلق سے مل کر جواب امر ہو کر جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَبْنِ کی، (اَلَآ ءُ تَامَنَّ بِہِ الرَّحْمٰن) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم لَامْ تاکیدیہ اَظُنُّ فعل اَنَا مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، کَاذِبًا مفعول بہ ثانی سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ کَذٰلِکَ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَزْیِیْنًا کے مفعول مطلق مقدم، زُیِّنَ فعل مجہول لِفِرْعَوْنَ جار بامجرور متعلق ہوئے، سُوْٓءُ عَمَلِہٖ مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صُدَّ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل عَنِ السَّبِیْلِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ کَیْدُ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لغو، فِیْ تَبَابٍ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَقَالَ الَّذِیْٓ اٰمَنَ یٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ اَھْدِکُمْ سَبِیْلَ الرَّشَادِ ﴿۳۸﴾

**آیت نمبر ۳۸:** واؤ استینافیہ اَلَّذِیْٓ اسم موصول اٰمَنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل قول، یٰقَوْمِ یہ اصل میں یَاقَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے، اِتَّبِعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ سے مل کر جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اَھْدِ فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، سَبِیْلَ الرَّشَادِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَتَّبِعُوْنِیْ کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

یٰقَوْمِ اِنَّمَا ھٰذِہِ الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا مَتَاعٌ ز وَّاِنَّ الْاٰخِرَۃَ ھِیَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿۳۹﴾

**آیت نمبر ۳۹:** یٰقَوْمِ دراصل یَاقَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ ھٰذِہِ الْحَیٰوۃُ موصوف باصفت پھر موصوف الدُّنْیَا صفت، موصوف باصفت مبتدا، مَتَاعٌ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق الْاٰخِرَۃَ اس کا اسم ھِیَ ضمیر فصل دَارُ الْقَرَارِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

مَنْ عَمِلَ سَیِّئَۃً فَلَا یُجْزٰٓی اِلَّا مِثْلَھَا ج وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَکَرٍ اَوْ اُنْثٰی وَ ھُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِکَ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ یُرْزَقُوْنَ فِیْھَا بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۴۰﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۴۰:** مَنْ شرطیہ مبتدا، عَمِلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سَیِّئَۃً مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ لَا یُجْزٰی فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل، اِلَّا حرف استثناء لغو مِثْلَھَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، عَمِلَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْ جارہ ذَکَرٍ اَوْ اُنْثٰی معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال اولیٰ، واؤ حالیہ ھُوَ مُؤْمِنٌ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال دوم، ذوالحال باحالین فاعل، صَالِحًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، یَدْخُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، یُرْزَقُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال فِیْھَا کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، بَاء حرف جار غَیْرِ حِسَابٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ رِزْقًا موصوف محذوف کے مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول مطلق حال، ذوالحال باحال یَدْخُلُوْنَ کا فاعل، اَلْجَنَّۃَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَیٰقَوْمِ مَا لِیْٓ اَدْعُوْکُمْ اِلَی النَّجٰوۃِ وَتَدْعُوْنَنِیْٓ اِلَی النَّارِ ﴿۴۱﴾ تَدْعُوْنَنِیْ لِاَکْفُرَ بِاللّٰہِ وَاُشْرِکَ بِہٖ مَا لَیْسَ لِیْ بِہٖ عِلْمٌ وَّاَنَا اَدْعُوْکُمْ اِلَی الْعَزِیْزِ الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾

**آیت نمبر ۴۱، ۴۲:** واؤ عاطفہ یٰقَوْمِ دراصل یَاقَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے، مَا استفہامیہ مبتدا، لام جارہ یَاء ضمیر ذوالحال، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اِلَی النَّجٰوۃِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَی النَّارِ متعلق سے مل کر مبدل منہ تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ، لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، اَکْفُرَ فعل اَنَا مستتر فاعل بِاللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُشْرِکَ فعل اَنَا مستتر فاعل بِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَا اسم موصول لَیْسَ فعل ناقص لِیْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عِلْمٌ مصدر بِہٖ متعلق مقدم سے مل کر اسم مؤخر، لَیْسَ بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اُشْرِکَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور تَدْعُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَا ضمیر مبتدا، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلٰی حرف جر اَلْعَزِیْزِ الْغَفَّارِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف پہلے تَدْعُوْنَ کا بدل، مبدل منہ بابدل اَدْعُوْا کا معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِیْٓ اِلَیْہِ لَیْسَ لَہٗ دَعْوَۃٌ فِی الدُّنْیَا وَلَا فِی الْاٰخِرَۃِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَی اللّٰہِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِیْنَ ھُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾

**آیت نمبر ۴۳:** لَا نافیہ جَرَمَ بمعنی حَقَّ فعل اَنَّ حرف تحقیق مَا اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ضمیر منصوب مفعول بہ، اِلَیْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَنَّ کا اسم، لَیْسَ فعل ناقص لَهٗ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اس کی خبر مقدم، دَعْوَةٌ موصوف فِی الدُّنْیَا جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ فِی الْاٰخِرَةِ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم وخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق مَرَدَّنَا مرکب اضافی اس کا اسم اِلَی اللّٰهِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق الْمُسْرِفِیْنَ اس کا اسم هُمْ ضمیر فصل اَصْحٰبُ النَّارِ مرکب اضافی خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین بتاویل مصدر جَرَمَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ؕ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَی اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾

**آیت نمبر ۴۴**: فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا نَزَلَ بِكُمُ الْعَذَابُ، سین علامت فعل، تَذْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول اَقُوْلُ فعل اَنَا مستتر فاعل لَكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُفَوِّضُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَمْرِیْ مرکب اضافی مفعول بہ، اِلَی اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم بَصِیْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِالْعِبَادِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

## فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَیِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾

**آیت نمبر ۴۵**: فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تَوَعَّدُوْهُ، وَقٰی فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اَللّٰهُ فاعل سَیِّاٰتِ مضاف مَا مَكَرُوْا موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ حَاقَ فعل بَاء جارہ اٰلِ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے سُوْٓءُ الْعَذَابِ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل ومتعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ محذوف بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

## اَلنَّارُ یُعْرَضُوْنَ عَلَیْهَا غُدُوًّا وَّعَشِیًّا ۚ وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۫ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿۴۶﴾

**آیت نمبر ۴۶**: اَلنَّارُ مبتدا، یُعْرَضُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَلَیْهَا ظرف لغو متعلق ہوئے غُدُوًّا وَّعَشِیًّا معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا سُوْٓءُ الْعَذَابِ سے بدل ہوا۔ واؤ عاطفہ یَوْمَ مضاف تَقُوْمُ فعل السَّاعَةُ فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فعل محذوف یَقُوْلُ اللّٰهُ کا مفعول فیہ ہے، اَدْخِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اٰلَ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، اَشَدَّ الْعَذَابِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ امریہ قول محذوف کا مقولہ ہوا۔

## وَاِذْ یَتَحَآجُّوْنَ فِی النَّارِ فَیَقُوْلُ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِیْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾

**آیت نمبر ۴۷**: واؤ استینا فیہ اِذْ ظرف زمان مضاف یَتَحَآجُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِی النَّارِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ فعل محذوف اُذْکُرْ کا، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء تفریعیہ برائے تفصیل یَقُوْلُ فعل الضُّعَفٰٓؤُا فاعل لام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اسْتَکْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم لَکُمْ متعلق مقدم تَبَعًا مصدر کا، مصدر با متعلق خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ هَلْ استفہامیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، مُغْنُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل عَنَّا جار بامجرور اس کے متعلق ہوئے، نَصِیْبًا موصوف مِنَ النَّارِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾

**آیت نمبر ۴۸**: قَالَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اسْتَکْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم کُلٌّ مبتدا، فِیْهَا کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم قَدْ حرف تحقیق حَکَمَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَیْنَ الْعِبَادِ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ فِى النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾

**آیت نمبر ۴۹**: واؤ استینافیہ قَالَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول فِی النَّارِ جار بامجرور ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل لام جارہ خَزَنَةِ جَهَنَّمَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل رَبَّکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر مقولہ، یُخَفِّفْ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنَّا جار بامجرور متعلق ہوئے، یَوْمًا مفعول فیہ مِنَ الْعَذَابِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر شَیْئًا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جزاء ہوئی شرط محذوف اِنْ تَدْعُوْا رَبَّکُمْ کی، کیونکہ یہ جواب امر ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْٓا اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۭ قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَمَا دُعٰۗؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾

**آیت نمبر ۵۰**: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، همزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے، لَمْ تَنْتَهُوْا عَنْ هٰذَا، لَمْ تَكُ فعل ناقص هُمْ ضمیر مستتر راجع بسوئے رُسُلُ (وَفِیہ تنازع) اس کا اسم تَاْتِیْ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ رُسُلُکُمْ مرکب اضافی فاعل بِالْبَیِّنٰتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



معطوف جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، بَلٰی حرف ایجاب مقولہ، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ اَرَدْتُمُ الدُّعَآءَ، اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل کے ساتھ مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا نافیہ دُعٰٓؤُا الْکٰفِرِیْنَ مرکب اضافی مبتدا، اِلَّا حرف استثناء فِیْ ضَلٰلٍ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ٦

اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ﴿٥١﴾ یَوْمَ لَا یَنْفَعُ الظّٰلِمِیْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَ لَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿٥٢﴾

**آیت نمبر ٥١، ٥٢:** اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَام تاکیدیہ نَنْصُرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل رُسُلَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کے ساتھ مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ فِیْ حرف جر اَلْحَیٰوةِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَوْمَ مضاف یَقُوْمُ فعل اَلْاَشْهَادُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ یَوْمَ مضاف لَا یَنْفَعُ فعل اَلظّٰلِمِیْنَ مفعول بہ، مَعْذِرَتُهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل، مبدل منہ بابدل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ہوا نَنْصُرُ کا، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَهُمْ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَللَّعْنَةُ مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، سُوْٓءُ الدَّارِ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف لَا یَنْفَعُ پر معطوف ہے۔

وَ لَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْهُدٰی وَ اَوْرَثْنَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الْكِتٰبَ ﴿٥٣﴾ هُدًی وَّ ذِكْرٰی لِاُولِی الْاَلْبَابِ ﴿٥٤﴾

**آیت نمبر ٥٣، ٥٤:** واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم یہاں قسم محذوف ہے، قَدْ علامت فعل، اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُوْسٰی مفعول بہ اول، اَلْهُدٰی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَوْرَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ اول، اَلْكِتٰبَ مفعول بہ ثانی، هُدًی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذِكْرٰی موصوف لَام جار اُولِی الْاَلْبَابِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَوْرَثْنَا کا مفعول لہ، فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ اسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِیِّ وَ الْاِبْكَارِ ﴿٥٥﴾

**آیت نمبر ٥٥:** فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتَ مَا قَصَصْنَا (روح المعانی) اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دونوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ مُعَلَّل، اِنَّ حرف تحقیق وَعْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی اسم حَقٌّ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّل، مُعَلَّل بامُعَلِّل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَغْفِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِذَنْۢبِكَ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال، بِحَمْدِ رَبِّكَ " كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، بَاء جارہ الْعَشِيِّ وَ الْاِبْكَارِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار بامجرور سَبِّحْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُجَادِلُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِ اللّٰهِ بِغَیْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ فِیْ صُدُوْرِهِمْ اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِیْهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ﴿۵۶﴾

**آیت نمبر** ۵۶: اِنَّ حرف تحقیق الَّذِیْنَ اسم موصول یُجَادِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، بَاء جارہ غَیْرِ سُلْطٰنٍ مرکب اضافی موصوف اَتٰی فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحا ل باحال فاعل فِیْۤ اٰیٰتِ اللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، اِنْ نافیہ فِیْ صُدُوْرِهِمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اِلَّا حرف استثناء كِبْرٌ موصوف مَا حجازیہ هُمْ ضمیر اس کا اسم بَاء حرف جر زائد بَالِغِیْهِ مرکب اضافی محلًا منصوب خبر، مَا بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، یا اِنْ جَآءُوْكَ یُجَادِلُوْنَكَ، اِسْتَعِذْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِاللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم هُوَ ضمیر فصل السَّمِیْعُ خبر اوّل، الْبَصِیْرُ خبر ثانی، اِنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا۔

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾

**آیت نمبر** ۵۷: لَام ابتدائیہ خَلْقُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا، اَكْبَرُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ خَلْقِ النَّاسِ مرکب اضافی ذوالحال، واؤ حالیہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اس کا اسم لَا یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لٰكِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ مَا یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَ الْبَصِیْرُ ۙ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ لَا الْمُسِیْٓءُ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

**آیت نمبر** ۵۸: واؤ عاطفہ مَا نافیہ یَسْتَوِی فعل الْاَعْمٰی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْبَصِیْرُ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَا زائدہ الْمُسِیْٓءُ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف تَذَکُّرًا کے مفعول مطلق مقدم مَازائدہ تَتَذَکَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ومفعول مطلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِیَةٌ لَّا رَیْبَ فِیْهَا وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾

**آیت نمبر ۵۹:** اِنَّ حرف تحقیق السَّاعَةَ اس کا اسم لَام مزحلقہ تاکیدیہ اٰتِیَةٌ خبر اوّل، لَا نفی جنس رَیْبَ اس کا اسم فِیْ حرف جر هَا ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ کی ترکیب واضح ہے اور یہ حال ہے، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر ثانی، اِنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْۤ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِیْنَ ﴿۶۰﴾

**آیت نمبر ۶۰:** واؤ استینافیہ قَالَ فعل رَبُّكُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر قول، اُدْعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یا ء ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اَسْتَجِبْ فعل اَنَا مستتر فاعل لَكُمْ متعلق سے مل کر جزاء ہوئی شرط محذوف اِنْ تَدْعُوْنِیْ کی، (کیونکہ یہ جواب امر ہے) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَسْتَكْبِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ عِبَادَتِیْ ظرف لغو متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، سِین علامت فعل، یَدْخُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، دٰخِرِیْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل جَهَنَّمَ مفعول بہ (علی السعۃ) فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۷

اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ وَ النَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۶۱﴾

**آیت نمبر ۶۱:** اَللّٰهُ مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول جَعَلَ بمعنی خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے اَلَّیْلَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ النَّهَارَ ذوالحال مُبْصِرًا حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ با معطوف جَعَلَ کا مفعول بہ، لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، تَسْكُنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهِ جار بامجرور متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم لَام مزحلقہ ذُوْ مضاف فَضْلٍ مصدر عَلَى النَّاسِ مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر با متعلق مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اس کا اسم لَا یَشْكُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لٰكِنَّ بااسم وخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ ۘ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۲﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۶۲:** ذٰلِكُمُ اسم اشارہ مبتدا، اَللّٰهُ خبر اوّل، رَبُّكُمْ مرکب اضافی خبر ثانی، خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ خبر ثالث، مبتدا با اخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ کی ترکیب سورۃ المزمل میں دیکھیے۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، یا اِذَا كَانَتْ صِفَاتُ اللّٰهِ هٰذِهٖ، اَنّٰى كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، تُؤْفَكُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال، ذوالحال با حال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۶۳﴾

**آیت نمبر ۶۳:** كَذٰلِكَ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِفْكًا کے مفعول مطلق مقدم، يُؤْفَكُ فعل مجہول الَّذِيْنَ اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، يَجْحَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً وَّ صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ښ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۴﴾

**آیت نمبر ۶۴:** اَللّٰهُ مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، الْاَرْضَ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ اوّل، قَرَارًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ السَّمَآءَ جَعَلَ کا مفعول بہ اوّل، بِنَآءً مفعول بہ ثانی، اور یہ دونوں بواسطہ عطف کے ہیں، واؤ عاطفہ صَوَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَحْسَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل صُوَرَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رَزَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنَ الطَّيِّبٰتِ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین معطوف علیہ اوّل کا معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكُمْ مبتدا، اَللّٰهُ خبر اوّل، رَبُّكُمْ مرکب اضافی خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ تَبٰرَكَ فعل اَللّٰهُ موصوف رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ سابقہ جملہ اسمیہ پر معطوف ہے۔

هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۵﴾

**آیت نمبر ۶۵:** هُوَ مبتدا، الْحَيُّ خبر اوّل، لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ "لَا اپنے اسم و خبر سے مل کر خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ ہے اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اُدْعُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال ل مُخْلِصِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل لَهٗ متعلق الدِّيْنَ مفعول بہ سے مل کر حال، ذوالحال با حال فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اَلْحَمْدُ مبتدا، لام جارہ اَللّٰهِ موصوف رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ ۡ وَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



أُمِرْتُ أَنْ أُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۶﴾

**آیت نمبر ۶۶:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول ہوا، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم نُهِیْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ نائب فاعل اَنْ ناصبہ اَعْبُدَ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل اور فاعل مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اَعْبُدَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض مفعول بہ، لَمَّا بمعنی حِیْنَ مضاف، جَآءَ فعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ اَلْبَیِّنٰتُ ذوالحال مِنْ رَّبِّیْ کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ نُهِیْتُ کا مفعول فیہ، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمِرْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ نائب فاعل اَنْ ناصبہ اُسْلِمَ فعل اَنَا مستتر فاعل لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ یُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُیُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ یُّتَوَفّٰی مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّی وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾

**آیت نمبر ۶۷:** هُوَ مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ تُرَابٍ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ مِنْ نُّطْفَةٍ جار بامجرور معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ مِنْ عَلَقَةٍ جار بامجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ یُخْرِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر ذوالحال، طِفْلًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ لَام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، تَبْلُغُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَشُدَّ كُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَام جارہ تَكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم شُیُوْخًا خبر سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف یُبْقِیْكُمْ کے، یُبْقِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ و متعلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مِنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول یُتَوَفّٰی فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ قَبْلُ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ خَلَقَكُمْ پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ لَام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، تَبْلُغُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَجَلًا مُّسَمًّی مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف نَفْعَلُ ذٰلِكَ کے، نَفْعَلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ذٰلِكَ مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْقِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لَعَلَّ بااسم وخبر جملہ انشائیہ ترجیہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



هُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰۤی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿۶۸﴾

**آیت نمبر ۶۸:** هُوَ مبتدا، الَّذِیْ اسم موصول یُحْیٖ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُمِیْتُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، قَضٰی فعل هُوَ مستتر فاعل اَمْرًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَاكَافہ یَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل لَهٗ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، كُنْ فعل تام بااَنْتَ مستتر فاعل مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء استینافیہ یَكُوْنُ فعل تام هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّمَا یَقُوْلُ پر معطوف ہے۔

❁ رکوع نمبر ❁

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ یُجَادِلُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰى یُصْرَفُوْنَ ﴿۶۹﴾ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَ بِمَاۤ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۛ فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ﴿۷۰﴾ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ وَ السَّلٰسِلُ ؕ یُسْحَبُوْنَ ﴿۷۱﴾ فِی الْحَمِیْمِ ۙ۬ ثُمَّ فِی النَّارِ یُسْجَرُوْنَ ﴿۷۲﴾

**آیت نمبر ۶۹، ۷۰، ۷۱، ۷۲:** هَمزہ استفہامیہ لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰی جارہ الَّذِیْنَ اسم موصول یُجَادِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْۤ اٰیٰتِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبدل منہ، اَلَّذِیْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْكِتٰبِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَاء جارہ مَا موصولہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهٖ متعلق رُسُلَنَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف كَذَّبُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور لَمْ تَرَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اَنّٰی استفہامیہ كَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم یُصْرَفُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال موخر، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ فَاء استینا فیہ یا فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا جَآءَ الْعَذَابُ، سَوْفَ علامت فعل، یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِذْ مضاف الْاَغْلٰلُ وَ السَّلٰسِلُ معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، فِیْ حرف جر اَعْنَاقِ مضاف هِمْ ضمیر ذوالحال، یُسْحَبُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِی الْحَمِیْمِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ یُسْجَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِی النَّارِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال اَعْنَاقِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ یَعْلَمُوْنَ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ یا شرط محذوف کی جزاء ہے۔

ثُمَّ قِیْلَ لَهُمْ اَیْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۳﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَیْـًٔا ؕ كَذٰلِكَ یُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۷۴﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۷۳، ۷۴:** ثُمَّ عاطفہ قِیْلَ ماضی مجہول لَهُمْ جار بامجرور قائم مقام نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل قول، اَیْنَ کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُشْرِكُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، ضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنَّا متعلق سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ بیانیہ ہوا۔ بَلْ برائے اضراب لَمْ نَكُنْ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اسم، نَدْعُوْا فعل نَحْنُ ضمیر ذوالحال، مِنْ قَبْلُ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل شَيْئًا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ كَذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر اِضْلَالًا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق مقدم يُضِلُّ فعل اللّٰهُ فاعل الْكٰفِرِيْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾

**آیت نمبر ۷۵:** ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، بَاء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَفْرَحُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَيْرِ الْحَقِّ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فِي الْاَرْضِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## اُدْخُلُوْا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾

**آیت نمبر ۷۶:** اُدْخُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال، خٰلِدِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل فِيْهَا متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَبْوَابَ جَهَنَّمَ مرکب اضافی مفعول بہ (عَلَى السِّعَةِ) فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ یا فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ تَدْخُلُوْا جَهَنَّمَ، بِئْسَ فعل ذم مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل خبر، مبتدا محذوف ہے جَهَنَّمُ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

## فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾

**آیت نمبر ۷۷:** فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ صَدُّوْا وَاَعْرَضُوْا، اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر مُعَلَّل، اِنَّ حرف تحقیق وَعْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی اسم حَقٌّ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مُعَلِّل، مُعَلَّل بامُعَلِّل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء استینا فیہ اِنْ شرطیہ مَا زائدہ نُرِيَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل بَعْضَ مضاف الَّذِيْ اسم موصول نَعِدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اس کی جزاء محذوف ہے فَهُوَ ذٰلِكَ، شرط باجزاء معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ یہاں اِنْ شرطیہ مقدر ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



لَنَتَوَفَّيَنَّ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ یُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَیْنَا جار باجرور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَ مِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَ مَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَ خَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾

قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، اٰذَنّٰ فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر مقولہ، مَا نافیہ مِنَّا كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ جارہ زائدہ شَهِيْدٍ محلًا مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اٰذَنّٰا کا مفعول بہ ثانی، واؤ عاطفہ ضَلَّ فعل عَنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، مِنْ قَبْلُ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ظَنُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا نافیہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ جارہ زائدہ مَحِيْصٍ محلًا مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ظَنُّوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

لَا يَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ۫ وَ اِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوْسٌ قَنُوْطٌ ﴿۴۹﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۴۹:** لَا یَسْئَمُ فعل الْاِنْسَانُ فاعل مِنْ دُعَآءِ الْخَیْرِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ مَسَّ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، الشَّرُّ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ یَئُوْسٌ قَنُوْطٌ مبتدا محذوف ھُوَ کی دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۡ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝

**آیت نمبر ۵۰:** واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے، اِنْ شرطیہ اَذَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، رَحْمَۃً موصوف مِنَّا کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، مِنْ جارہ بَعْدِ ضَرَّآءَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اس کی جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جواب قسم دال ہے، لَیَقُوْلَنَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھٰذَا مبتدا، لِیْ جار بامجرور ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَظُنُّ فعل اَنَا مستتر فاعل السَّاعَۃَ مفعول بہ اوّل، قَآئِمَۃً مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے، اِنْ شرطیہ رُجِعْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ نائب فاعل اِلٰی رَبِّیْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، جس کی جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جملہ دال ہے، اِنَّ حرف تحقیق لَام جارہ یَا ضمیر ذوالحال، عِنْدَہٗ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لَام مزحلقہ الْحُسْنٰی اِنَّ کا اسم، اِنَّ بااسم و خبر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا رَجَعَ الْکَافِرُ اِلَیْنَا، لَام موطئہ للقسم نُنَبِّئَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مفعول بہ، بَاء جارہ مَا عَمِلُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم نُذِیْقَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنْ عَذَابٍ غَلِیْظٍ متعلق سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ۝

**آیت نمبر ۵۱:** واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَنْعَمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، عَلَی الْاِنْسَانِ متعلق مقدم سے مل کر شرط، اَعْرَضَ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَاٰ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِجَانِبِہٖ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَسَّ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، الشَّرُّ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ ذُوْ مضاف دُعَآءٍ عَرِیْضٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِیْ شِقَاقٍۭ بَعِیْدٍ ۝۵۲**

**آیت نمبر ۵۲:** قُلْ فعل امر بااَنْتَ مستترفاعل قول، ھمزہ استفہامیہ رَءَیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، اس کا مفعول اوّل محذوف ہے اَنْفُسَكُمْ، مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَضَلُّ اسم تفضیل ھُوَ مستترفاعل مِنْ جارہ مَنْ اسم موصول ھُوَ ضمیر مبتدا، فِیْ حرف جر شِقَاقٍ بَعِیْدٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ رَءَیْتُمْ کا مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ كَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم، مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ "ثَابِتًا" کے متعلق ہو کر خبر، كَانَ بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ كَفَرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، اس کی جزاء محذوف ہے فَمَنْ اَضَلُّ مِنْكُمْ (روح المعانی) شرط باجزاء جملہ شرطیہ معترضہ ہوا۔

**سَنُرِیْهِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَ فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ؕ اَوَ لَمْ یَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ۝۵۳**

**آیت نمبر ۵۳:** سِین علامت فعل، نُرِیْ فعل نَحْنُ مستتر اس کا فاعل هِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اٰیٰتِنَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فِی الْاٰفَاقِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق اوّل ہوئے، حَتّٰی حرف جر اس کے بعد اَنْ مقدّر ہے، یَتَبَیَّنَ فعل لَهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم، الْحَقُّ خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور نُرِیْ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ھمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ یُغْنِهِمْ، لَمْ یَكْفِ فعل بَاء جارہ زائدہ رَبِّكَ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبدل منہ، اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم، شَهِیْدٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ متعلق سے مل کر خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بدل، مبدل منہ بابدل فاعل، فعل بافاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

**اَلَاۤ اِنَّهُمْ فِیْ مِرْیَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ؕ اَلَاۤ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ ۝۵۴**

**آیت نمبر ۵۴:** اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم، فِیْ جارہ مِرْیَةٍ موصوف مِنْ جارہ لِقَآءِ رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم مُحِیْطٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِكُلِّ شَیْءٍ جار بامجرور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ترکیب سُوْرَۃُ الشُّوْرٰی

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ حٰمٓ ۚ ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾

**آیت نمبر ۱، ۲:** حٰمٓ خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ عٓسٓقٓ خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾

**آیت نمبر ۳:** كَذٰلِكَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِیْحَاءً کے مفعول مطلق مقدم، يُوْحِيْ فعل اِلَيْكَ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلٰی جارہ الَّذِيْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِكَ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف يُوْحِيْ کے متعلق ہوئے، اللّٰهُ موصوف الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اس کی دو صفت، موصوف با صفتین فاعل، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۴﴾

**آیت نمبر ۴:** لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَا فِي السَّمٰوٰتِ موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا فِي الْاَرْضِ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ اس کی دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵﴾

**آیت نمبر ۵:** تَكَادُ فعل مقارب السَّمٰوٰتُ اس کا اسم، يَتَفَطَّرْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل مِنْ فَوْقِهِنَّ متعلق سے مل کر خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ الْمَلٰۗئِكَةُ مبتدا، يُسَبِّحُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِحَمْدِ رَبِّهِمْ مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَسْتَغْفِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَام جارہ مَنْ فِي الْاَرْضِ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَلَآ حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق اللّٰهَ اس کا اسم هُوَ ضمیر فصل الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ اِنَّ کی دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ڮ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۶﴾

**آیت نمبر ۶:** واؤ استینافیہ الَّذِيْنَ اسم موصول اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل مِنْ دُوْنِهٖ جار با مجرور مفعول ثانی کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



قائم مقام اَوْلِیَآءَ مفعول اوّل، فعل بافاعل و مفعولین صلہ، موصول با صلہ مبتدااوّل، اَللّٰہُ مبتدا ثانی، حَفِیْظٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْھِمْ متعلق سے مل کر مبتدا ثانی کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنْتَ ضمیر مرفوع اسم، بَاء جارہ زائدہ وَکِیْلٍ صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل عَلَیْھِمْ متعلق مقدم سے مل کر محلًا منصوب مَا کی خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَکَذٰلِکَ اَوْحَیْنَآ اِلَیْکَ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰی وَمَنْ حَوْلَھَا وَتُنْذِرَ یَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَیْبَ فِیْہِ ؕ فَرِیْقٌ فِی الْجَنَّةِ وَفَرِیْقٌ فِی السَّعِیْرِ ۝۷

**آیت نمبر۷**: واؤ استینافیہ کَذٰلِکَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر اِیْحَاءً مصدر محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق مقدم اَوْحَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَیْکَ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا مرکب توصیفی مفعول بہ، لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدّر ہے، تُنْذِرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اُمَّ الْقُرٰی مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ موصولہ حَوْلَھَا مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف تُنْذِرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُنْذِرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اس کا مفعول اوّل محذوف ہے اَلنَّاسَ، یَوْمَ الْجَمْعِ مرکب اضافی ذوالحال، لَا نفی جنس رَیْبَ اس کا اسم، فِیْہِ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس با اسم و خبر حال، ذوالحال با حال بواسطہ مضاف محذوف عَذَابَ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق دوم ہوئے اَوْحَیْنَا کے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَرِیْقٌ موصوف فِی الْجَنَّةِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر ہے مبتداء محذوف بَعْضُھُمْ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فَرِیْقٌ موصوف فِی السَّعِیْرِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر ہے مبتداء محذوف بَعْضُھُمْ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰہُ لَجَعَلَھُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰکِنْ یُّدْخِلُ مَنْ یَّشَآءُ فِیْ رَحْمَتِہٖ ؕ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَھُمْ مِّنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ۝۸

**آیت نمبر۸**: واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ اللّٰہُ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَام جوابیہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اُمَّةً وَّاحِدَةً مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک مہمل، یُدْخِلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول یَشَآءُ فعل با ھُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فِیْ رَحْمَتِہٖ اس کے متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ الظّٰلِمُوْنَ مبتدا، مَا نافیہ لَھُمْ کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ جارہ زائدہ وَلِیٍّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَصِیْرٍ معطوف، معطوف علیہ با معطوف محلًا مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِہٖٓ اَوْلِیَآءَ ۚ فَاللّٰہُ ھُوَ الْوَلِیُّ وَھُوَ یُحْیِ الْمَوْتٰی وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝۹

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۹:** اَمْ منقطعہ اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِهٖ جار با مجرور مفعول ثانی کے قائم مقام، اَوْلِيَآءَ مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَرَادُوْا وَلِيًّا بِحَقٍّ، اَللّٰهُ مبتدا، هُوَ ضمیر فصل الْوَلِيُّ خبر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، يُحْيِ فعل هُوَ ضمیر فاعل الْمَوْتٰى منصوب تقدیراً مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، قَدِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّيْ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۝۱۰ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ؕ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝۱۱

**آیت نمبر ۱۰، ۱۱:** واؤ استینافیہ مَا شرطیہ مبتدا، اِخْتَلَفْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل فِيْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مِنْ شَيْءٍ كَائِنًا کے متعلق ہو کر فِيْهِ کی ہٖ ضمیر سے حال ہے، فَاء جزائیہ حُكْمُهٗ مرکب اضافی مبتدا، اِلَى اللّٰهِ ظرف مستقر رَاجِعٌ کے متعلق ہو کر مَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، اَللّٰهُ خبر اوّل، رَبِّيْ مرکب اضافی خبر دوم، عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثالث ہے، واؤ عاطفہ اِلَيْهِ اُنِيْبُ فعل بافاعل و متعلق بواسطہ عطف خبر رابع، فَاطِرُ صیغہ صفت مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر خامس، جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مِنْ اَنْفُسِكُمْ جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، اَزْوَاجًا حال مؤخر، ذوالحال با حال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنَ الْاَنْعَامِ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، اَزْوَاجًا حال مؤخر، ذوالحال با حال معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مبتدا کی خبر سادس ہے، يَذْرَؤُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فِيْهِ متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جَعَلَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ لَيْسَ فعل ناقص کاف زائدہ مِثْلِهٖ مرکب اضافی محلاً منصوب خبر مقدم شَيْءٌ اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ خبر سابع، مبتدا با اخبار سبعہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ اس کی دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۱۲

**آیت نمبر ۱۲:** لَهٗ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَقَالِيْدُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر ذٰلِكُمْ کی خبر ثامن، يَبْسُطُ فعل هُوَ مستتر فاعل الرِّزْقَ مفعول بہ لَامْ جارہ مَنْ موصولہ يَشَآءُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقْدِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور یَبْسُطُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر ذٰلِکُمْ کی خبر تاسع، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم، عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِکُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَ مَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَ مُوْسٰى وَ عِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ؕ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ؕ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾

**آیت نمبر** ۱۳: شَرَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، مِنَ الدِّیْنِ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مَا اسم موصول وَصّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل بِہٖ متعلق نُوْحًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْ اسم موصول اَوْحَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَیْکَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا موصولہ وَصَّیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِہٖ متعلق اِبْرٰھِیْمَ وَ مُوْسٰی وَ عِیْسٰٓی معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبدل منہ (روح المعانی) اَنْ مصدریہ اَقِیْمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الدِّیْنَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَتَفَرَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْہِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر بدل، مبدل منہ بابدل شَرَعَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

کَبُرَ فعل عَلَی الْمُشْرِکِیْنَ متعلق ہوئے مَا موصولہ تَدْعُوْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَیْہِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اَللّٰہُ مبتدا، یَجْتَبِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَیْہِ جار بامجرور متعلق ہوئے، مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَھْدِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَیْہِ جار بامجرور متعلق، مَنْ یُّنِیْبُ موصول باصلہ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ مَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ وَلَوْ لَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۴﴾

**آیت نمبر** ۱۴: واؤ استینافیہ مَا نافیہ تَفَرَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا اسم موصول جَآءَ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اَلْعِلْمُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ بَعْدِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، بَغْیًا مصدر بَیْنَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر مفعول لہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔
وَلَوْ لَا کَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّکَ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی لَّقُضِیَ بَیْنَھُمْ کی ترکیب گزشتہ سورت کی آیت نمبر ۴۵ میں گزر چکی ہے۔ واؤ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْرِثُوا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مِنْۢ بَعْدِهِمْ متعلق الْكِتٰبَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، لَام مزحلقہ فِیْ جارہ شَكٍّ موصوف مِّنْهُ كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت اولی، مُرِيْبٍ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَ اسْتَقِمْ كَمَاۤ اُمِرْتَ ۚ وَ لَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَ قُلْ اٰمَنْتُ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَ اُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَ رَبُّكُمْ ؕ لَنَاۤ اَعْمَالُنَا وَ لَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾

**آیت نمبر ۱۵:** فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ هٰذَا، لِذٰلِكَ جار با مجرور متعلق مقدم، فَاء ثانیہ فَاء اولی کی تاکید ہے اُدْعُ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِسْتَقِمْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل کاف جارہ مَا موصولہ اُمِرْتَ فعل مجہول تَاء مفتوحہ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر بواسطہ اِسْتِقَامَةً موصوف محذوف کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَتَّبِعْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَهْوَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل قول، اٰمَنْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل، بَاء جارہ مَا موصولہ اَنْزَلَ اللّٰهُ فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ كِتٰبٍ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور اٰمَنْتُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمِرْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ نائب فاعل، لَام جارہ اَعْدِلَ فعل اَنَا مستتر فاعل بَيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور اُمِرْتُ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اَللّٰهُ مبتدا، رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَنَا كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَعْمَالُنَا مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَكُمْ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَعْمَالُكُمْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ لَا نفی جنس حُجَّةَ اسم بَيْنَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَيْنَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف كَائِنًا کے متعلق ہو کر لَا کی خبر، لَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اَللّٰهُ مبتدا، يَجْمَعُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَنَا مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِلَيْهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْمَصِيْرُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ الَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَ عَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَّ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۶﴾

**آیت نمبر ۱۶:** واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول يُحَآجُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِي اللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْ جارہ بَعْدِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مضاف مَا مصدریہ اسْتُجِيْبَ فعل مجہول هُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل لَهٗ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور وکائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر يُحَآجُّوْنَ کی واؤ ضمیر کا حال، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتداء، حُجَّتُهُمْ مرکب اضافی مبتداء، دَاحِضَةٌ اسم فاعل هِيَ ضمیر مستتر فاعل عِنْدَ رَبِّهِمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ عَلَيْهِمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، غَضَبٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ شَدِيْدٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

## اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَ الْمِيْزَانَ ؕ وَ مَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ﴿۱۷﴾

**آیت نمبر ۱۷:** اَللّٰهُ مبتداء، الَّذِيْٓ اسم موصول اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل الْكِتٰبَ ذوالحال، بَاء جارہ الْحَقِّ مجرور سے مل کر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْمِيْزَانَ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنْزَلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا استفہامیہ مبتداء، يُدْرِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ "لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ ترجیہ مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

## يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَآ اِنَّ الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِي السَّاعَةِ لَفِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ﴿۱۸﴾

**آیت نمبر ۱۸:** يَسْتَعْجِلُ فعل بِهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، الَّذِيْنَ اسم موصول لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهَا متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مبتداء، مُشْفِقُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اسم، الْحَقُّ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ يَعْلَمُوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین مُشْفِقُوْنَ پر معطوف ہے۔ اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ موصول با صلہ اس کا اسم فِي السَّاعَةِ يُمَارُوْنَ کے متعلق، لام مزحلقہ فِيْ جارہ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾

**آیت نمبر ۱۹:** اَللّٰهُ مبتداء، لَطِيْفٌ صیغہ صفت باهُوَ مستتر فاعل بِعِبَادِهٖ متعلق سے مل کر خبر اوّل، يَرْزُقُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَنْ يَّشَآءُ موصول با صلہ مفعول بہ فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتداء، الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ اس کی دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



رکوع نمبر ۳

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ﴿۲۰﴾

**آیت نمبر ۲۰:** مَنْ شرطیہ مبتدا، كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم، يُرِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل حَرْثَ الْاٰخِرَةِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط، نَزِدْ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل لَهٗ متعلق اول، فِيْ حَرْثِهٖ متعلق ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اس کا اسم، يُرِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل حَرْثَ الدُّنْيَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط، نُؤْتِ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٖ ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنْهَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ حالیہ مَا نافیہ لَهٗ ظرف مستقر كَائِنٌ کا متعلق اول، فِي الْاٰخِرَةِ متعلق ثانی، اسم فاعل با فاعل و متعلقین خبر مقدم، مِنْ جارہ زائدہ نَصِيْبٍ مرفوع محلاً مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہوا نُؤْتِ کی ضمیر منصوب مفعول سے۔

اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾

**آیت نمبر ۲۱:** اَمْ عاطفہ لَهُمْ كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم شُرَكٰٓؤُا موصوف شَرَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَهُمْ اس کے متعلق ہوئے، مِنَ الدِّيْنِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مَا اسم موصول لَمْ يَاْذَنْ فعل بِهٖ متعلق اَللّٰهُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال شَرَعُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ کی ترکیب گزشتہ سورت کی آیت نمبر ۴۵ میں گزر چکی ہے۔ واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق الظّٰلِمِيْنَ اس کا اسم، لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿۲۲﴾

**آیت نمبر ۲۲:** تَرَى فعل اَنْتَ مستتر فاعل الظّٰلِمِيْنَ ذوالحال مُشْفِقِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل، مِنْ جارہ مَا كَسَبُوْا موصول با صلہ ذوالحال، واؤ حالیہ هُوَ مبتدا، وَاقِعٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل بِهِمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور مُشْفِقِيْنَ کے متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال با حال تَرَى کا مفعول بہ، فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، فِیْ جارہ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَآئِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَھُمْ جار بامجرور کَآئِنٌ کے متعلق ہوئے عِنْدَ رَبِّھِمْ مرکب اضافی کَآئِنٌ کا مفعول فیہ، اسم فاعل با ھُوَ مستتر فاعل ومفعول فیہ و متعلق خبر مقدم، مَا اسم موصول یَشَآءُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ مبتدا، ھُوَ ضمیر فصل الْفَضْلُ الْكَبِیْرُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ الَّذِیْ یُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلْ لَّاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی ؕ وَ مَنْ یَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِیْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۲۳﴾

**آیت نمبر ۲۳**: ذٰلِكَ مبتدا، الَّذِیْ اسم موصول یُبَشِّرُ فعل اَللّٰهُ اس کا فاعل عِبَادَهٗ مرکب اضافی موصوف الَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف عِبَادَهٗ کی صفت، موصوف باصفت یُبَشِّرُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل قول، لَاۤ اَسْـَٔلُ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول، عَلَیْهِ کَآئِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، اَجْرًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء الْمَوَدَّةَ ذوالحال، فِی الْقُرْبٰی کَآئِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مستثنیٰ، دونوں مل کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، یَقْتَرِفْ فعل ھُوَ مستتر فاعل حَسَنَةً مفعول بہ سے مل کر شرط، نَزِدْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، لَهٗ متعلق فِیْهَا کَآئِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، حُسْنًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال نَزِدْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اللّٰهَ اسم، غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ دو خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنْ یَّشَاِ اللّٰهُ یَخْتِمْ عَلٰی قَلْبِكَ ؕ وَ یَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَ یُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۲۴﴾

**آیت نمبر ۲۴**: اَمْ منقطعہ یَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل قول ہوا۔ افْتَرٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَی اللّٰهِ متعلق كَذِبًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ ہوا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ یَشَا فعل اللّٰهُ فاعل سے مل کر شرط، یَخْتِمْ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی قَلْبِكَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یَمْحُ فعل اَللّٰهُ فاعل الْبَاطِلَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُحِقُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْحَقَّ مفعول بہ، بِكَلِمٰتِهٖ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم، عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِذَاتِ الصُّدُوْرِ متعلق

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَهُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَ یَعْفُوْا عَنِ السَّیِّاٰتِ وَ یَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲۵﴾

**آیت نمبر ۲۵:** واؤ استینا فیہ ھُوَ مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول یَقْبَلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلتَّوْبَةَ مفعول بہ، عَنْ عِبَادِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَعْفُوْا فعل ھُوَ مستتر فاعل عَنِ السَّیِّاٰتِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تَفْعَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ ھُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ یَزِیْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ الْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ﴿۲۶﴾

**آیت نمبر ۲۶ :** واؤ عاطفہ یَسْتَجِیْبُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَزِیْدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنْ فَضْلِهٖ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلْكٰفِرُوْنَ مبتدا، لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَذَابٌ شَدِیْدٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ لَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِی الْاَرْضِ وَ لٰكِنْ یُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا یَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِیْرٌۢ بَصِیْرٌ ﴿۲۷﴾

**آیت نمبر ۲۷:** واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ بَسَطَ فعل اَللّٰهُ فاعل اَلرِّزْقَ مفعول بہ لِعِبَادِهٖ متعلق سے مل کر شرط، لام جوابیہ بَغَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک مہمل یُنَزِّلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِقَدَرٍ متعلق مَا اسم موصول یَشَآءُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر لَوْ بَسَطَ پر معطوف ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم بِعِبَادِهٖ "خَبِیْرٌ" کے متعلق ہوئے خَبِیْرٌ خبر اوّل، بَصِیْرٌ خبر ثانی، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ هُوَ الَّذِیْ یُنَزِّلُ الْغَیْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَ یَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَ هُوَ الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿۲۸﴾

**آیت نمبر ۲۸:** واؤ استینافیہ ھُوَ مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول یُنَزِّلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْغَیْثَ مفعول بہ مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا قَنَطُوْا موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور یُنَزِّلُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَنْشُرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل رَحْمَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾

**آیت نمبر ۲۹:** واؤ عاطفہ مِنْ اٰيٰتِهٖ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم خَلْقُ مضاف السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضِ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَا موصولہ بَثَّ فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْهِمَا متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ دَآبَّةٍ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خَلْقُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، قَدِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلٰى جارہ جَمْعِ مصدر مضاف هِمْ ضمیر مضاف الیہ، اِذَا مضاف يَشَآءُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مصدر کا مفعول فیہ، مصدر مضاف بامضاف الیہ و مفعول فیہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم، صیغہ صفت بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۰﴾

**آیت نمبر ۳۰:** واؤ استینافیہ مَا شرطیہ مبتدا، اَصَابَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر شرط، مِنْ مُّصِيْبَةٍ كَائِنًا کے متعلق ہو کر اَصَابَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فاء جزائیہ بآء جارہ مَا موصولہ كَسَبَتْ فعل اَيْدِيْكُمْ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر هُوَ مبتدا محذوف کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ يَعْفُوْا فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ كَثِيْرٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚۖ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۳۱﴾

**آیت نمبر ۳۱:** واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، بآء جارہ زائدہ مُعْجِزِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر ذوالحال فِي الْاَرْضِ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل بافاعل محلاً منصوب خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ لَكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ حرف جر زائدہ وَلِيٍّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَصِيْرٍ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف محلاً مرفوع ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۳۲﴾

**آیت نمبر ۳۲:** واؤ عاطفہ مِنْ اٰيٰتِهٖ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْجَوَارِ ذوالحال فِي الْبَحْرِ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال اولیٰ، كَالْاَعْلَامِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال ثانیہ، ذوالحال باحالین مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



إِنْ يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلَىٰ ظَهْرِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ﴿٣٣﴾

**آیت نمبر ۳۳:** اِنْ شرطیہ یَشَاْ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، یُسْکِنْ فعل ھُوَ مستتر فاعل الرِّیْحَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ یَظْلَلْنَ فعل ناقص نون مفتوحہ اس کا اسم رَوَاکِدَ اسم فاعل ھُنَّ مستتر فاعل عَلٰی ظَھْرِہٖ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِیْ ذٰلِکَ کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَام مزحلقہ اٰیٰتٍ موصوف لَام جارہ کُلِّ مضاف صَبَّارٍ شَکُوْرٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيرٍ ﴿٣٤﴾

**آیت نمبر ۳۴:** اَوْ عاطفہ یُوْبِقْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ بَاء جارہ مَا کَسَبُوْا موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَعْفُ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْ کَثِیْرٍ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بواسطہ عطف کے جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَيَعْلَمَ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِنَا مَا لَهُمْ مِنْ مَحِيصٍ ﴿٣٥﴾

**آیت نمبر ۳۵:** واؤ عاطفہ یَعْلَمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُجَادِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ اٰیٰتِنَا متعلق سے مل کر صلہ، موصول با صلہ فاعل مَا حجازیہ لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ زائدہ مَحِیْصٍ محلاً مرفوع اسم مؤخر، مَا حجازیہ با اسم و خبر یَعْلَمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، اور اس کا معطوف علیہ محذوف ہے لِیُظْھِرَ عَظِیْمَ قُدْرَتِہٖ، اور لِیُظْھِرَ کا لام فعل محذوف یُغْرِقُھُمْ کے متعلق ہے۔

فَمَا أُوتِيتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَمَا عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ لِلَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ﴿٣٦﴾ وَالَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ ﴿٣٧﴾ وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِينَ إِذَا أَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُونَ ﴿٣٩﴾

**آیت نمبر ۳۶، ۳۷، ۳۸، ۳۹:** فاء استینافیہ مَا شرطیہ مفعول بہ مقدم اُوْتِیْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل مفعول بہ شرط، مِنْ شَیْءٍ کَائِنًا کے متعلق ہو کر مَا شرطیہ کا حال ہے، فاء جزائیہ مَتَاعُ مضاف الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا موصولہ عِنْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَبْقٰی اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل لَام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَتَوَکَّلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل عَلٰی رَبِّھِمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



موصول یَجْتَنِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْفَوَاحِشَ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا ظرف زمان مضاف مَا زائدہ غَضِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم، یَغْفِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہے هُمْ ضمیر مبتدا کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اسْتَجَابُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِرَبِّهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقَامُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الصَّلٰوةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَمْرُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، شُوْرٰی ذوالحال بَیْنَهُمْ ظرف مستقر ثَابِتَۃٌ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال خبر، مبتدا با خبر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ یُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم، یُنْفِقُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِذَا ظرفیہ مضاف اَصَابَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ الْبَغْیُ فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم یَنْتَصِرُوْنَ کا هُمْ ضمیر مبتدا، یَنْتَصِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ لام کا مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اَبْقٰی کے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر معطوف، خَیْرٌ معطوف علیہ با معطوف مَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ جَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ سَیِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَ اَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَی اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۴۰﴾

**آیت نمبر ۴۰**: واؤ استینا فیہ جَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ مرکب اضافی مبتدا، سَیِّئَةٌ موصوف مِّثْلُهَا مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء تفریعیہ مَنْ شرطیہ مبتدا عَفَا فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَصْلَحَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، فاء جزائیہ اَجْرُهٗ مرکب اضافی مبتدا عَلَی اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَا یُحِبُّ فعل هُوَ مستتر فاعل الظّٰلِمِیْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَ لَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَیْهِمْ مِّنْ سَبِیْلٍ ﴿۴۱﴾ؕ

**آیت نمبر ۴۱**: واؤ عاطفہ لام ابتدائیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، انْتَصَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَعْدَ ظُلْمِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، مَا نافیہ عَلَیْهِمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ سَبِیْلٍ محلًا مرفوع مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّمَا السَّبِیْلُ عَلَی الَّذِیْنَ یَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَ یَبْغُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ ؕ اُولٰٓئِكَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۴۲﴾

**آیت نمبر ۴۲**: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ السَّبِیْلُ مبتدا، عَلٰی حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَظْلِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل النَّاسَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَبْغُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَیْرِ الْحَقِّ مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل فِی الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، لَهُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر مبتدا اول کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَمَنْ صَبَرَ وَ غَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۴۳﴾

**آیت نمبر ۴۳**: واؤ استینا فیہ لَام ابتدائیہ مَنْ موصولہ صَبَرَ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ غَفَرَ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اِنَّ حرف تحقیق ذٰلِكَ اس کا اسم لَام مزحلقہ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَ مَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِیٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَ تَرَی الظّٰلِمِیْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ یَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰی مَرَدٍّ مِّنْ سَبِیْلٍ ﴿۴۴﴾

**آیت نمبر ۴۴**: واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مفعول بہ مقدم یُضْلِلِ فعل اَللّٰهُ فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر شرط، فاء جزائیہ مَا نافیہ لَهٗ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ وَلِیٍّ محلاً مرفوع موصوف مِنْۢ بَعْدِهٖ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل الظّٰلِمِیْنَ ذوالحال یَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، هَلْ استفہامیہ اِلٰی مَرَدٍّ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ زائدہ سَبِیْلٍ محلاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ حال، ذوالحال باحال تَرٰی کا مفعول بہ، لَمَّا ظرفیہ مضاف رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الْعَذَابَ مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ تَرٰىهُمْ یُعْرَضُوْنَ عَلَیْهَا خٰشِعِیْنَ مِنَ الذُّلِّ یَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِیٍّ ؕ وَ قَالَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ الْخٰسِرِیْنَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَ اَهْلِیْهِمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ الظّٰلِمِیْنَ فِیْ عَذَابٍ مُّقِیْمٍ ﴿۴۵﴾

**آیت نمبر ۴۵**: واؤ عاطفہ تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال یُعْرَضُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال خٰشِعِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل ذوالحال مِنَ الذُّلِّ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے یَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ طَرْفٍ خَفِیٍّ مرکب توصیفی مجرور،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جار بامجرور متعلق دوم، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ حال،ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل بافاعل شبہ جملہ ہو کر حال،ذوالحال باحال یُعْرَضُوْنَ کا نائب فاعل عَلَیْھَا جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال،ذوالحال باحال تَرٰی کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ قَالَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول،اِنَّ حرف تحقیق الْخٰسِرِیْنَ اس کا اسم اَلَّذِیْنَ اسم موصول خَسِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَھُمْ وَاَھْلِیْھِمْ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کی خبر،اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَلَآ حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق الظّٰلِمِیْنَ اس کا اسم،فِیْ جارہ عَذَابٍ مُّقِیْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر،اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ﴿۴۶﴾

**آیت نمبر ۴۶:** واؤ عاطفہ مَا نافیہ کَانَ ناقصہ لَھُمْ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ زائدہ اَوْلِیَآءَ محلاً مرفوع موصوف یَنْصُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال،ذوالحال باحال فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صفت، موصوف باصفت محلاً مرفوع کَانَ کا اسم مؤخر،کَانَ بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مفعول بہ مقدم یُضْلِلِ فعل اَللّٰہُ فاعل ومفعول بہ مقدم سے مل کر شرط،فاء جزائیہ مَا نافیہ لَہٗ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ سَبِیْلٍ محلاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَئِذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿۴۷﴾

**آیت نمبر ۴۷:** اِسْتَجِیْبُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل لِرَبِّکُمْ جار بامجرور متعلق اوّل ہوئے مِنْ جارہ قَبْلِ مضاف اَنْ ناصبہ یَاْتِیَ فعل یَوْمٌ موصوف لَا نفی جنس مَرَدَّ مصدر مِنَ اللّٰہِ اس کے متعلق، مصدر با متعلق اسم،لَہٗ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر لَا کی خبر،لَا بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت یَاْتِیَ کا فاعل، فعل بافاعل بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق دوم، فعل بافاعل و متعلقین جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔مَا نافیہ لَکُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ مَلْجَاٍ محلاً مرفوع ذوالحال یَوْمَئِذٍ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال،ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ مَا نافیہ لَکُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ نَکِیْرٍ محلاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ؕ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاِنَّآ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿۴۸﴾

**آیت نمبر ۴۸:** فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ اَعْرَضُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل شرط،فاء جزائیہ مَا نافیہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۷۱:** یُطَافُ فعل مجہول عَلَیْهِمْ محلاً مرفوع نائب فاعل بِاء جارہ صِحَافٍ موصوف مِنْ ذَهَبٍ کَآئِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَكْوَابٍ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور یُطَافُ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِیْهَا ظرف مستقر کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول تَشْتَهِیْ فعل ہٖ ضمیر منصوب مفعول بہ اَلْاَنْفُسُ فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَلَذُّ فعل اَلْاَعْیُنُ فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَنْتُمْ مبتدا، خٰلِدُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل فِیْهَا متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اَنْتُمْ وَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَزْوَاجُكُمْ... الخ پر معطوف ہے۔

وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۷۲:** واؤ عاطفہ تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، الْجَنَّةُ موصوف الَّتِيْٓ اسم موصول اُوْرِثْتُمُوْا فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور اُوْرِثْتُمْ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول بہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ الْجَنَّةُ کی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۷۳:** لَكُمْ جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِيْهَا كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم فَاكِهَةٌ موصوف كَثِيْرَةٌ صفت اولی، تَاْكُلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل مِنْهَا متعلق مقدم سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۷۴:** اِنَّ حرف تحقیق الْمُجْرِمِيْنَ اس کا اسم خٰلِدُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ متعلق سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۷۵:** لَا يُفَتَّرُ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل عَنْ جارہ هُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، مُبْلِسُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِيْهِ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے خٰلِدُوْنَ کے فاعل هُمْ ضمیر مستتر سے۔

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۷۶:** واؤ عاطفہ مَا نافیہ ظَلَمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنْ مخفف مہملہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم هُمْ ضمیر فصل الظّٰلِمِيْنَ خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔

وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۷۷:** واؤ استینا فیہ نَادَوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ يَا حرف ندا اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، مَالِكُ محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ندا، لِيَقْضِ فعل امر عَلَيْنَا متعلق رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل سے مل کر ندا کا جواب، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول ہوا، اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کااسم مٰکِثُوْنَ خبر، اِنَّ باسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۸﴾

**آیت نمبر ۷۸:** لَام موطیہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جِئْنٰا فعل نَا ضمیر فاعل کُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَکْثَرَکُمْ مرکب اضافی اس کا اسم کٰرِهُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل لِلْحَقِّ متعلق مقدم سے مل کر خبر، لٰکِنَّ باسم وخبر حال، بذوالحال باحال مفعول بہ، بِالْحَقِّ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿۷۹﴾

**آیت نمبر ۷۹:** اَمْ عاطفہ اَبْرَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْرًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ فَعَلُوْا ذٰلِکَ، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُبْرِمُوْنَ خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَ نَجْوٰىهُمْ ؕ بَلٰى وَ رُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۸۰﴾

**آیت نمبر ۸۰:** اَمْ منقطعہ یَحْسَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَانَسْمَعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سِرَّهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَجْوٰىهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر یَحْسَبُوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ بَلٰی حرف ایجاب واؤ حالیہ رُسُلُنَا مرکب اضافی مبتدا، یَکْتُبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَدَیْهِمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے لَانَسْمَعُ کی ضمیر فاعل سے۔

قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۱﴾

**آیت نمبر ۸۱:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنْ شرطیہ کَانَ فعل ناقص لِلرَّحْمٰنِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم وَلَدٌ اسم مؤخر، کَانَ باسم وخبر شرط ہوا، فاء جزائیہ اَنَا ضمیر مبتدا، اَوَّلُ الْعٰبِدِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾

**آیت نمبر ۸۲:** سُبْحٰنَ مضاف رَبِّ مضاف الیہ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ رَبِّ الْعَرْشِ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل سُبْحٰنَ کا مضاف الیہ، عَنْ جارہ مَا اسم موصول یَصِفُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور سُبْحٰنَ کے متعلق، مصدر مضاف بامضاف الیہ و متعلق مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَبَّحْتُ کا، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَ يَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۸۳:** فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا لَمْ یَسْمَعُوا الْبُرْهَانَ الْجَلِیَّ (ماخوذ از روح المعانی) ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ یَخُوْضُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَلْعَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰی جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُلٰقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل یَوْمَهُمُ مرکب اضافی موصوف الَّذِیْ اسم موصول یُوْعَدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر نائب فاعل صلہ، موصول باصلہ یَوْمَهُمْ کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء ہے اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ تَذَرْهُمْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَهُوَ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِی الْاَرْضِ اِلٰهٌ ؕ وَهُوَ الْحَكِیْمُ الْعَلِیْمُ ﴿۸۴﴾

**آیت نمبر ۸۴:** واؤ استینافیہ هُوَ مبتدا الَّذِیْ اسم موصول فِی السَّمَآءِ جار بامجرور متعلق مقدم اِلٰهٌ بمعنی مَعْبُوْدٌ کے اِلٰهٌ بمعنی مَعْبُوْدٌ با متعلق خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِی الْاَرْضِ جار بامجرور متعلق مقدم اِلٰهٌ بمعنی مَعْبُوْدٌ کے اِلٰهٌ با متعلق خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ هُوَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُوَ مبتدا الْحَكِیْمُ الْعَلِیْمُ اس کی دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَتَبٰرَكَ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾

**آیت نمبر ۸۵:** واؤ عاطفہ تَبٰرَكَ فعل الَّذِیْ اسم موصول لَهٗ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مُلْكُ مضاف السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضِ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول بَیْنَهُمَا مرکب اضافی مفعول فیہ ثَبَتَ کا ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مُلْكُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ عِنْدَهٗ مرکب اضافی ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم عِلْمُ السَّاعَةِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَیْهِ متعلق مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَلَا یَمْلِكُ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾

**آیت نمبر ۸۶:** واؤ استینافیہ لَا یَمْلِكُ فعل الَّذِیْنَ اسم موصول یَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول شَهِدَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِالْحَقِّ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، واؤ حالیہ هُمْ مبتدا یَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ لَا یَمْلِكُ کا فاعل الشَّفَاعَةَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَیَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰی یُؤْفَكُوْنَ ﴿۸۷﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۸۷:** واؤ استینافیہ لَام موطیٔہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ سَاَلْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مَنْ استفہامیہ مبتدا، خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا با خبر سَاَلْتَ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین شرط، اس کی جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جملہ دال ہے۔ لَیَقُوْلُنَّ فعل واؤ محذوفہ فاعل سے مل کر قول، اَللّٰهُ فعل محذوف خَلَقَ کا فاعل ہے، فعل بافاعل مقولہ، قول بامقولہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ کَانُوْا یَعْرِفُوْنَ ذٰلِکَ، اَنّٰی استفہامیہ کَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، یُؤْفَکُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال پھر یہ نائب فاعل ہے، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## وَ قِیْلِهٖ یٰرَبِّ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾

**آیت نمبر ۸۸:** واؤ قسمیہ جارہ قِیْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور فعل محذوف اُقْسِمُ کے متعلق، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل اور متعلق سے مل کر قسم، یٰرَبِّ اصل میں یَارَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق هٰۤؤُلَآءِ محلًا منصوب اسم قَوْمٌ موصوف لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت خبر، اِنَّ با اسم و خبر جواب نداء، نداء باجواب نداء جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

## فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَ قُلْ سَلٰمٌ ؕ فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾

**آیت نمبر ۸۹:** فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ خَاصَمُوْکَ، اِصْفَحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، سَلٰمٌ خبر ہے مبتدا محذوف الْاَمْرُ کی، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ حَارَبُوْکَ، سَوْفَ علامت فعل، یَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ترکیب سُوْرَةُ الدُّخَانِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ حٰمٓ ۚ ①

**آیت نمبر ۱:** حٰمٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۙ ② اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ③

**آیت نمبر ۳،۲:** واؤ قسمیہ جارہ اَلْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر قسم، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ فِيْ جارہ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اسم مُنْذِرِيْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ یا بغیر حرف عطف کے جواب قسم ہوا۔

فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ۙ ④ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۚ ⑤ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۙ ⑥

**آیت نمبر ۴،۵،۶:** فِيْهَا جار با مجرور متعلق مقدم يُفْرَقُ فعل مجہول كُلُّ مضاف اَمْرٍ حَكِيْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ نائب فاعل، اَمْرًا موصوف مِنْ عِنْدِنَا كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول لہ، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول لہ لَيْلَةٍ کی صفت ثانیہ یا جملہ مستانفہ ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اسم مُرْسِلِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل رَحْمَةً موصوف مِنْ رَّبِّكَ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ (روح المعانی) اسم فاعل با فاعل و مفعول بہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم هُوَ ضمیر فصل السَّمِيْعُ خبر اوّل الْعَلِيْمُ خبر ثانی، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ⑦

**آیت نمبر ۷:** رَبِّ مضاف السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضِ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول بَيْنَهُمَا مرکب اضافی ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل ہے رَبِّكَ کا اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم مُوْقِنِيْنَ خبر سے مل کر شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے فَاَيْقِنُوْا بِنُبُوَّتِ مُحَمَّدٍ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ⑧

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



9

**آیت نمبر ۸:** لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ کی ترکیب سورۃ المزمل میں گزر چکی ہے اور یہ اِنَّ کی خبر ثالث ہے رَبُّکُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبُّ مضاف اٰبَآئِکُمُ مرکب اضافی موصوف اَلْاَوَّلِیْنَ صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر رابع، اِنَّ بااسم واخبار اربعہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یُحْیٖ فعل با هُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُمِیْتُ فعل با هُوَ مستتر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ یا اِنَّ کی دو خبر ہیں (روح المعانی)

## بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ یَّلْعَبُوْنَ ۝۹

**آیت نمبر ۹:** بَلْ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَیْسُوْا بِمُوْقِنِیْنَ، هُمْ ضمیر مبتدا، فِیْ شَكٍّ ظرف مستقر کَآئِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، کَآئِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر ذوالحال یَلْعَبُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

## فَارْتَقِبْ یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیْنٍ ۝۱۰

**آیت نمبر ۱۰:** فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا لَمْ یُؤْمِنُوْا، اِرْتَقِبْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل یَوْمَ مضاف تَاْتِیْ فعل السَّمَآءُ فاعل بَاء جارہ دُخَانٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## یَّغْشَی النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝۱۱

**آیت نمبر ۱۱:** یَغْشَی فعل هُوَ مستتر فاعل النَّاسَ مفعول بہ سے مل کر دُخَانٍ کی صفت ثانیہ ہے هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝۱۲

**آیت نمبر ۱۲:** رَبَّنَا اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اِكْشِفْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَنَّا متعلق الْعَذَابَ مفعول بہ سے مل کر معلَّل، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم مُؤْمِنُوْنَ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معلِّل، معلَّل بامعلِّل جواب نداء، نداء باجواب نداء قَآئِلِیْنَ لِرَبِّكَ کا مقولہ ہو کر النَّاسَ کا حال ہے۔

## اَنّٰی لَهُمُ الذِّكْرٰی وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِیْنٌ ۝۱۳

**آیت نمبر ۱۳:** اَنّٰی استفہامیہ کَآئِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم لَام جارہ هُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ قَدْ حرف تحقیق جَآءَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ رَسُوْلٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم، الذِّكْرٰی متعلق مقدم سے مل کر مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

## ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۝۱۴

**آیت نمبر ۱۴:** ثُمَّ عاطفہ تَوَلَّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل عَنْهُ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



قول، مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ دو خبریں مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبرین مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

## اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ﴿۱۵﴾

**آیت نمبر ۱۵**: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كَاشِفُوا صیغہ اسم فاعل مضاف الْعَذَابِ مضاف الیہ معنًی مفعول بہ قَلِيْلًا بواسطہ موصوف محذوف زَمَانًا کے مفعول فیہ، اسم فاعل مضاف با مضاف الیہ و مفعول فیہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم عَآئِدُوْنَ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

## يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۱۶﴾

**آیت نمبر ۱۶**: يَوْمَ مضاف نَبْطِشُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ فعل محذوف نَنْتَقِمُ کا (کشاف) اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم مُنْتَقِمُوْنَ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

## وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۷﴾

**آیت نمبر ۱۷**: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل فَتَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل قَبْلَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ قَوْمَ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَآءَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ مرکب توصیفی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

## اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ۭ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۸﴾

**آیت نمبر ۱۸**: اَنْ مصدریہ اَدُّوْا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل اِلَيَّ متعلق عِبَادَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اصل میں بِاَنْ ہے، جار با مجرور جَآءَهُمْ کے متعلق ہوئے۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم لَكُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، پھر یہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

## وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّيْٓ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹﴾

**آیت نمبر ۱۹**: واؤ عاطفہ اَنْ ناصبہ لَا تَعْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَى اللّٰهِ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اور اس کا پہلے اَنْ پر عطف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اٰتِيْ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

## وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿۲۰﴾

**آیت نمبر ۲۰**: واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم عُذْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل بَاء جارہ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اَنْ ناصبہ تَرْجُمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء محذوفہ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض ہے اور اصل میں مِنْ اَنْ ہے اور عُذْتُ کے متعلق ہے، عُذْتُ فعل با فاعل و متعلقین اِنَّ کی خبر، اِنَّ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

## وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿۲۱﴾

**آیت نمبر** ۲۱: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ لَمْ تُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِیْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِعْتَزِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یاء محذوفہ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ اِنِّیْ عُذْتُ پر معطوف ہوا۔

## فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾

**آیت نمبر** ۲۲: فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ یَتْرُکُوْہُ، دَعَا فعل هُوَ مستتر فاعل رَبَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، اَنَّ حرف تحقیق هٰۤؤُلَآءِ محلًا منصوب اس کا اسم قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ مرکب توصیفی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد منصوب بنزع الخافض اصل میں بِاَنَّ ہے پھر یہ دَعَا کے متعلق ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

## فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا اِنَّکُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۲۳﴾

**آیت نمبر** ۲۳: فاء فصیحہ اور اس کی شرط مقدر ہے اِنْ کَانَ الْاَمْرُ کَمَا تَقُوْلُ، یا اِنْ اَرَدْتَ النَّجَاۃَ، اَسْرِ فعل اَنْتَ مستتر فاعل بِعِبَادِیْ متعلق لَیْلًا مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر اسم مُتَّبَعُوْنَ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

## وَاتْرُکِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾

**آیت نمبر** ۲۴: واؤ عاطفہ اُتْرُکْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الْبَحْرَ مفعول بہ اوّل رَهْوًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اسم جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ مرکب توصیفی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

## کَمْ تَرَکُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ﴿۲۵﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ کَرِیْمٍ ﴿۲۶﴾ وَّنَعْمَةٍ کَانُوْا فِیْهَا فٰکِهِیْنَ ﴿۲۷﴾

**آیت نمبر** ۲۵، ۲۶، ۲۷: کَمْ خبریہ ممیز مِنْ جارہ جَنّٰتٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عُیُوْنٍ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ زُرُوْعٍ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَقَامٍ کَرِیْمٍ مرکب توصیفی معطوف ثالث، واؤ عاطفہ نَعْمَةٍ موصوف کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم فٰکِهِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِیْهَا متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ مجرور، جار بامجرور ممیز، ممیز باممیز مفعول بہ مقدم، تَرَکُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ومفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

## کَذٰلِکَ ۫ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِیْنَ ﴿۲۸﴾

**آیت نمبر** ۲۸: کَذٰلِکَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف اَلْاَمْرُ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَوْرَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اوّل، قَوْمًا اٰخَرِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر کَمْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



تَرَكُوْا پر معطوف ہے۔

فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ﴿۲۹﴾

**آیت نمبر ۲۹:** فاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے اُغْرِقَ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ، مَا نافیہ بَكَتْ فعل عَلَيْهِمُ متعلق السَّمَآءُ وَ الْاَرْضُ معطوف علیہ با معطوف فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مُنْظَرِيْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۳۰﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾

**آیت نمبر ۳۰،۳۱:** واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل نَجَّيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مفعول بہ مِنْ حرف جار الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور مبدل منہ، مِنْ فِرْعَوْنَ جار با مجرور بدل، مبدل منہ با بدل نَجَّيْنَا کے متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق، ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم كَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم عَالِيًا خبر اول، مِنَ الْمُسْرِفِيْنَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر ثانی، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۲﴾

**آیت نمبر ۳۲:** واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اِخْتَرْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال عَلٰى عِلْمٍ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، عَلَى الْعٰلَمِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿۳۳﴾

**آیت نمبر ۳۳:** واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنَ الْاٰيٰتِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مَا موصولہ فِيْهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال اٰتَيْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿۳۵﴾

**آیت نمبر ۳۴،۳۵:** اِنَّ حرف تحقیق هٰٓؤُلَآءِ اس کا اسم لام مزحلقہ يَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنْ نافیہ هِيَ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لغو مَوْتَتُنَا مرکب اضافی موصوف الْاُوْلٰى صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ نَحْنُ ضمیر مرفوع اس کا اسم بَاء زائدہ مُنْشَرِيْنَ محلاً مرفوع خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مستثنیٰ مفرغ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

## فَأْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۳۶﴾

**آیت نمبر ۳۶:** فَاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ، اِئْتُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل بِاٰبَآئِنَا متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیراس کا اسم صٰدِقِیْنَ خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، اس کی جزاء محذوف ہے جس پر جملہ سابقہ دال ہے۔

## اَهُمْ خَیْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ اَهْلَكْنٰهُمْ ؗ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِیْنَ ﴿۳۷﴾

**آیت نمبر ۳۷:** هَمزہ استفہامیہ هُمْ ضمیر مبتدا، خَیْرٌ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ قَوْمُ تُبَّعٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِهِمْ ظرف مستقر ثَبَتُوْا کے متعلق ہوکر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، خبر محذوف ہے خَیْرٌ، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔اَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیراس کا اسم مُجْرِمِیْنَ خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

## وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا لٰعِبِیْنَ ﴿۳۸﴾

**آیت نمبر ۳۸:** واؤ استیناف یہ مَا نافیہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال لٰعِبِیْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا موصولہ بَیْنَهُمَا مرکب اضافی ثَبَتَ فعل محذوف کا مفعول فیہ ہوکر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خَلَقْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

## مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾

**آیت نمبر ۳۹:** مَا نافیہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال اِلَّا حرف استثناء لغو بِالْحَقِّ جار بامجرور مُحِقِّیْنَ کے متعلق ہوکر حال، ذوالحال باحال فاعل هُمَا ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جملہ اولی کیلئے جملہ مفسّرہ ہے۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَهُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لَا یَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لٰكِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

## اِنَّ یَوْمَ الْفَصْلِ مِیْقَاتُهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۴۰﴾

**آیت نمبر ۴۰:** اِنَّ حرف تحقیق یَوْمَ الْفَصْلِ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم مِیْقَاتُ مضاف هُمْ ضمیر مؤکد اَجْمَعِیْنَ تاکید، مؤکد باتاکید مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## یَوْمَ لَا یُغْنِیْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَیْئًا وَّلَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾

**آیت نمبر ۴۱:** یَوْمَ مضاف لَا یُغْنِیْ فعل مَوْلًى مرفوع تقدیراً فاعل، عَنْ مَّوْلًى جار بامجرور متعلق ہوئے شَیْئًا مفعول بہ، فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا، يُنْصَرُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف يَفْصِلُ اللهُ بَيْنَهُمْ کا، یا پہلے يَوْمَ سے بدل ہے۔

## اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾

**آیت نمبر ۴۲:** اِلَّا حرف استثناء مَنْ موصولہ رَحِمَ اللهُ فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ بدل ہوا يُنْصَرُوْنَ کی واؤ ضمیر نائب فاعل سے۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم هُوَ ضمیر برائے فصل الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا

رکوع نمبر ۳

## اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾

**آیت نمبر ۴۳، ۴۴، ۴۵، ۴۶:** اِنَّ حرف تحقیق شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ مرکب اضافی اس کا اسم طَعَامُ الْاَثِيْمِ مرکب اضافی خبر اول، کاف جارہ الْمُهْلِ مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر دوم، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ يَغْلِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل فِي الْبُطُوْنِ جار با مجرور متعلق ہوئے، کاف جارہ غَلْيِ الْحَمِيْمِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر غَلْيًا نامصدر موصوف کے واسطے سے مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے الْمُهْلِ سے۔

## خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾

**آیت نمبر ۴۷، ۴۸:** خُذُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِعْتِلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اور اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ متعلق جملہ انشائیہ معطوف اول، ثُمَّ عاطفہ صُبُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل فَوْقَ رَاْسِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ، مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مقولہ ہوا قول محذوف يُقَالُ لَهُمْ کا، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

## ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾

**آیت نمبر ۴۹:** ذُقْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ امر یہ مقولہ ہوا قول محذوف يُقَالُ لَهٗ کا، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اس کا اسم اَنْتَ ضمیر فصل الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ اِنَّ کی دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

## اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾

**آیت نمبر ۵۰:** اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اسم اشارہ اس کا اسم مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَمْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿۵۱﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۲﴾ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مُتَقٰبِلِیْنَ ﴿۵۳﴾

**آیت نمبر ۵۱،۵۲،۵۳:** اِنَّ حرف تحقیق اَلْمُتَّقِیْنَ اس کا اسم فِیْ جارہ مَقَامٍ اَمِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور مبدل منہ فِیْ جارہ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور بدل، مبدل منہ بابدل متعلق ہوئے کَآئِنُوْنَ کے، کَآئِنُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر ذوالحال یَلْبَسُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُتَقٰبِلِیْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل ہوا، مِنْ جارہ سُنْدُسٍ وَّ اِسْتَبْرَقٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق حال، ذوالحال باحال کَآئِنُوْنَ کا فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

کَذٰلِكَ قف وَ زَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِیْنٍ ﴿۵۴﴾ یَدْعُوْنَ فِیْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِیْنَ ﴿۵۵﴾ لَا یَذُوْقُوْنَ فِیْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ج وَ وَقٰهُمْ عَذَابَ الْجَحِیْمِ ﴿۵۶﴾

**آیت نمبر ۵۴،۵۵،۵۶:** کَذٰلِكَ جار با مجرور کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف اَلْاَمْرُ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ واؤ عاطفہ زَوَّجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء جارہ حُوْرٍ عِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، ھُمْ ضمیر منصوب ذوالحال یَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے کَآئِنِیْنَ کے، پھر یہ یَدْعُوْنَ کی واؤ ضمیر سے حال اولیٰ ہے، بِكُلِّ فَاكِهَةٍ جار با مجرور متعلق ہوئے اٰمِنِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر حال، لَا یَذُوْقُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال فِیْهَا کَآئِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَلْمَوْتَ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى مرکب توصیفی مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ لَا یَذُوْقُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل بافاعل حال دوم یَدْعُوْنَ کی ضمیر فاعل سے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال ھُمْ ضمیر سے، ذوالحال باحال زَوَّجْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا یَلْبَسُوْنَ پہ۔ واؤ عاطفہ وَقٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل عَذَابَ الْجَحِیْمِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ط ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۵۷﴾

**آیت نمبر ۵۷:** فَضْلًا موصوف مِنْ رَّبِّكَ کَآئِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق ہوا فعل محذوف تَفَضَّلْنَا کا، ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، ھُوَ ضمیر فصل اَلْفَوْزُ الْعَظِیْمُ موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاِنَّمَا یَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ یَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

**آیت نمبر ۵۸:** فاء استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یَسَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بِلِسَانِكَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجّی ھُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم یَتَذَكَّرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ ترجیہ معلّلہ ہوا۔

فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾

**آیت نمبر ۵۹:** فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ یُؤْمِنُوْا بِهٖ، اِرْتَقِبْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر منصوب اسم مُرْتَقِبُوْنَ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ترکیب سُوْرَةُ الْجَاثِيَة

رکوع نمبر۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ حٰمٓ ۚ ﴿١﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿٢﴾

**آیت نمبر ۱،۲:** حٰمٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مرکب اضافی مبتدا، مِنْ حرف جار اَللّٰهِ موصوف الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ اس کی دو صفت، موصوف باصفتین مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٣﴾

**آیت نمبر ۳:** اِنَّ حرف تحقیق فِي حرف جار اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَام تاکیدیہ اٰيٰتٍ موصوف لِلْمُؤْمِنِيْنَ کَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿٤﴾

**آیت نمبر ۴:** وَاؤ عاطفہ فِيْ جارہ خَلْقِكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، وَاؤ عاطفہ مَا اسم موصول يَبُثُّ فعل با هُوَ ضمیر فاعل مِنْ دَآبَّةٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اٰيٰتٌ موصوف لَام جارہ قَوْمٍ موصوف يُوْقِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿٥﴾

**آیت نمبر ۵:** وَاؤ عاطفہ اِخْتِلَافِ مصدر مضاف اَلَّيْلِ وَالنَّهَارِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف علیہ، وَاؤ عاطفہ مَا اسم موصول اَنْزَلَ فعل اَللّٰهُ فاعل مِنَ السَّمَآءِ متعلق اوّل مِنْ رِّزْقٍ متعلق ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَحْيَا فعل هُوَ مستتر فاعل بِهِ متعلق اَلْاَرْضَ مفعول بہ بَعْدَ مَوْتِهَا مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ معطوف اوّل، وَاؤ عاطفہ تَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین بواسطہ عطف کے فِيْ کا مجرور، جار با مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ اس کی ترکیب اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ کی طرح ہے اور یہ مبتدا مؤخر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٦﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۶**: تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، اٰیٰتُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر اول، نَتْلُوْا فعل نَحْنُ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب ذوالحال بِالْحَقِّ مُتَلَبِّسَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ عَلَيْكَ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر دوسری خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ، بِاَيِّ باء جار اَيِّ مضاف حَدِيْثٍ مضاف الیہ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم، بَعْدَ مضاف اللّٰهِ وَ اٰيٰتِهٖ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم، يُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم و مفعول فیہ مقدم لفظاً جملہ انشائیہ استفہامیہ معنًی جملہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿۷﴾

**آیت نمبر ۷**: وَيْلٌ مبتدا، لام جارہ كُلِّ مضاف اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۸﴾

**آیت نمبر ۸**: يَسْمَعُ فعل هُوَ مستتر اس کا فاعل اٰيٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال تُتْلٰى فعل مجہول هِيَ مستتر نائب فاعل عَلَيْهِ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يُصِرُّ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مُسْتَكْبِرًا حال اولیٰ، كَاَنْ مخففہ من المثقلہ حرف تشبیہ ۂ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَمْ يَسْمَعْ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر خبر، حرف تشبیہ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال دوم، ذوالحال باحالین يُصِرُّ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَفَّاكٍ کی صفت ثانیہ یا جملہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ حَالُ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ كَذٰلِكَ (از فقیر) بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ۂ ضمیر منصوب مفعول بہ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـًٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ؕ﴿۹﴾

**آیت نمبر ۹**: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم عَلِمَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ اٰيٰتِنَا ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم شَيْـًٔا ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اِتَّخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ اول هُزُوًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ مبتدا، لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ مُّهِيْنٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ؕ﴿۱۰﴾

**آیت نمبر ۱۰**: مِنْ وَّرَآئِهِمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَهَنَّمُ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا يُغْنِيْ فعل عَنْهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَسَبُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل شَيْـًٔا مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ مَا اسم موصول اتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب اس کا مفعول بہ محذوف ہے، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم اَوْلِیَآءَ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف لَا یُغْنِیْ کا فاعل، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ عَظِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

هٰذَا هُدًى ۚ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾

**آیت نمبر ۱۱:** هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، هُدًى مرفوع تقدیرًا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ موصوف مِنْ رِّجْزٍ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت اولی، اَلِیْمٌ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ وَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾

**آیت نمبر ۱۲:** اَللّٰهُ مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول سَخَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ متعلق اَلْبَحْرَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَجْرِیَ فعل اَلْفُلْكُ ذوالحال بِاَمْرِهٖ مُتَلَبِّسَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل فِیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَبْتَغُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ فَضْلِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف سَخَّرَ کے متعلق ہوئے، واؤ عاطفہ لَعَلَّ حرف ترجّی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَشْكُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لَعَلَّ بااسم وخبر جملہ انشائیہ ترجیہ معلّلہ معطوفہ ہوا۔ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَعَلَّكُمْ تُرْزَقُوْنَ۔

وَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾

**آیت نمبر ۱۳:** واؤ عاطفہ سَخَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، مَا فِی السَّمٰوٰتِ موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا فِی الْاَرْضِ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال، جَمِیْعًا حال اولی، مِنْهُ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال دوم، ذوالحال باحال سَخَّرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِیْ ذٰلِكَ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لَام تاکیدیہ اٰیٰتٍ موصوف لَام جارہ قَوْمٍ موصوف یَتَفَكَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اٰیٰتٍ کی صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًاۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾

**آیت نمبر ۱۴:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لام جارہ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ یَغْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یَرْجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَیَّامَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق اول ہوئے، لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَجْزِیَ فعل ھُوَ مستتر فاعل قَوْمًا مفعول بہ، باء جارہ مَا موصولہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَکْسِبُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے یَجْزِیَ فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق دوم، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَقُلْ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ۖ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۵﴾

**آیت نمبر ۱۵:** مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا کی ترکیب پارہ نمبر ۲۴ کے آخر میں گزر چکی ہے۔ ثُمَّ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰی رَبِّکُمْ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۷﴾

**آیت نمبر ۱۶، ۱۷:** واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ حرف تحقیق علامت فعل، اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ اول، اَلْکِتٰبَ وَالْحُکْمَ وَالنُّبُوَّةَ معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الطَّیِّبٰتِ متعلق سے مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ فَضَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، بَیِّنٰتٍ موصوف مِنَ الْاَمْرِ کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فاء عاطفہ مَا نافیہ اِخْتَلَفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا موصولہ جَآءَ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْعِلْمُ فاعل بَغْیًا موصوف بَیْنَھُمْ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول لہ، فعل بافاعل و مفعولین صلہ، موصول باصلہ بَعْدِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مِنْ کا مجرور، جار بامجرور مستثنیٰ مفرغ متعلق ہوئے اِخْتَلَفُوْا کے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّکَ مرکب اضافی اس کا اسم یَقْضِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَیْنَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اول، یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ ثانی، فِیْ جارہ مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهِ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور یَقْضِیْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ومتعلق ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۸

**آیت نمبر ۱۸:** ثُمَّ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كَ ضمیر مفعول بہ اوّل عَلٰى جارہ شَرِيْعَةٍ موصوف مِنَ الْاَمْرِ كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور مفعول ثانی کی جگہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اِتَّبِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَتَّبِعْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل اَهْوَآءَ مضاف الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝۱۹

**آیت نمبر ۱۹:** اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم لَنْ يُّغْنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْكَ متعلق اوّل مِنَ اللّٰهِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم شَيْـًٔا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل اپنے فاعل ومتعلق ومفعول بہ سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق الظّٰلِمِيْنَ اس کا اسم بَعْضُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝۲۰

**آیت نمبر ۲۰:** هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، بَصَآئِرُ موصوف لِلنَّاسِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُدًى معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رَحْمَةٌ موصوف لام جارہ قَوْمٍ موصوف يُّوْقِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝۲۱

**آیت نمبر ۲۱:** اَمْ منقطعہ حَسِبَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول اجْتَرَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل السَّيِّاٰتِ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل اَنْ ناصبہ نَجْعَلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل کاف حرف جار الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین بتاویل مصدر حَسِبَ کا مفعول بہ اوّل، سَوَآءً مصدر بمعنی اسم فاعل مَحْيَاهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَمَاتُهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل، اسم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فاعل بافاعل مفعول بہ ثانی، (املاء ما مَنَّ بِہِ الرَّحْمٰن) فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ سَآءَ فعل ذم مَا مصدریہ یَحْکُمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل بتاویل مصدر فاعل، فعل بافاعل خبر مقدم، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے هُوَ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۳

وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾

**آیت نمبر ۲۲:** واؤ استینافیہ خَلَقَ فعل اَللّٰهُ ذوالحال بِالْحَقِّ مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُجْزٰى فعل مجہول كُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی نائب فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ كَسَبَتْ فعل هِیَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ مبتدا، لَا يُظْلَمُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال كَسَبَتْ کا فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور تُجْزٰى کے متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف، اور معطوف علیہ محذوف ہے لِيَدُلَّ عَلٰى قُدْرَتِهٖ، معطوف علیہ با معطوف خَلَقَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَ جَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾

**آیت نمبر ۱۰، ۱۱، ۱۲:** واؤ عاطفہ اَلْاَرْضَ مفعول بہ فعل محذوف وَضَعَ کا، وَضَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اور مفعول بہ سے مل کر مفسّر، وَضَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر ذوالحال، فِیْهَا کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فَاکِهَۃٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ النَّخْلُ موصوف ذَاتُ الْاَکْمَامِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الْحَبُّ موصوف ذُو الْعَصْفِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، واؤ عاطفہ الرَّیْحَانُ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال وَضَعَ کا مفعول بہ، لِلْاَنَامِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق مفسّر، مفسّر بامفسّر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۳﴾

**آیت نمبر ۱۳:** فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، بَاء جارہ اَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم تُكَذِّبٰنِ فعل الف ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿۱۴﴾ وَ خَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿۱۵﴾

**آیت نمبر ۱۴، ۱۵:** خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْاِنْسَانَ مفعول بہ مِنْ جارہ صَلْصَالٍ موصوف كَالْفَخَّارِ جار بامجرور کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْجَآنَّ مفعول بہ مِنْ جارہ مَارِجٍ موصوف مِنْ نَّارٍ ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۶﴾

**آیت نمبر ۱۶:** فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

رَبُّ الْمَشْرِقَیْنِ وَ رَبُّ الْمَغْرِبَیْنِ ﴿۱۷﴾

**آیت نمبر ۱۷:** رَبُّ مضاف الْمَشْرِقَیْنِ مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبُّ الْمَغْرِبَیْنِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۸﴾

**آیت نمبر ۱۸:** فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ ﴿۱۹﴾ بَیْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ ﴿۲۰﴾

**آیت نمبر ۱۹، ۲۰:** مَرَجَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْبَحْرَیْنِ ذوالحال یَلْتَقِیٰنِ فعل الف ضمیر ذوالحال بَیْنَهُمَا ظرف مستقر کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم بَرْزَخٌ موصوف لَا یَبْغِیٰنِ فعل الف ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال یَلْتَقِیٰنِ کا فاعل، فعل بافاعل حال، ذوالحال باحال مَرَجَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۱﴾

**آیت نمبر ۲۱**: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۲۲﴾

**آیت نمبر ۲۲**: يَخْرُجُ فعل مِنْهُمَا متعلق اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۳﴾

**آیت نمبر ۲۳**: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۲۴﴾

**آیت نمبر ۲۴**: واؤ استینافیہ لَهُ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْجَوَارِ موصوف الْمُنْشَئٰتُ اسم مفعول ھِیَ مستتر نائب فاعل فِي الْبَحْرِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال كَالْاَعْلَامِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۵﴾

**آیت نمبر ۲۵**: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

رکوع نمبر ۲

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿۲۶﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۲۷﴾

**آیت نمبر ۲۶، ۲۷**: كُلُّ مضاف مَنْ اسم موصول عَلَيْهَا ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا، فَانٍ خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَبْقٰى فعل وَجْهُ رَبِّكَ مرکب اضافی موصوف ذُو مضاف الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۸﴾

**آیت نمبر ۲۸**: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ﴿۲۹﴾

**آیت نمبر ۲۹**: يَسْـَٔلُ فعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ مَنْ اسم موصول فِي جار السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا، فِيْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



شَانٍ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوا، کُلَّ یَوْمٍ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ، اسم فاعل باھُوَ فاعل و متعلق و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۳۰﴾

**آیت نمبر ۳۰:** فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

سَنَفْرُغُ لَکُمْ اَیُّہَ الثَّقَلٰنِ ﴿۳۱﴾

**آیت نمبر ۳۱:** سِین علامت فعل، نَفْرُغُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جواب نداء مقدم اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ الثَّقَلٰنِ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء موخر، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۳۲﴾

**آیت نمبر ۳۲:** فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾

**آیت نمبر ۳۳:** یَا حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، مَعْشَرَ مضاف الْجِنِّ وَالْاِنْسِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ نداء، اِنْ شرطیہ اِسْتَطَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنْ ناصبہ تَنْفُذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ اَقْطَارِ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ شرط، فاء جزائیہ اُنْفُذُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ لَا تَنْفُذُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو بِسُلْطٰنٍ مستثنیٰ مفرغ متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾

**آیت نمبر ۳۴:** فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

یُرْسَلُ عَلَیْکُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾

**آیت نمبر ۳۵:** یُرْسَلُ فعل مجہول عَلَیْکُمَا جار با مجرور متعلق ہوئے شُوَاظٌ موصوف مِنْ نَّارٍ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نُحَاسٌ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ لَا تَنْتَصِرٰنِ فعل الف ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾

**آیت نمبر ۳۶**: فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾

**آیت نمبر ۳۷**: فاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اِنْشَقَّتْ فعل السَّمَآءُ فاعل سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ كَانَتْ فعل ناقص ھِیَ ضمیر اس کا اسم وَرْدَةً موصوف كَالدِّهَانِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، اور جزاء محذوف ہے رَاَيْتَ اَمْرًا هَائِلًا، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾

**آیت نمبر ۳۸**: فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾

**آیت نمبر ۳۹**: فاء جزائیہ يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم لَا يُسْـَٔلُ فعل مجہول عَنْ ذَنْۢبِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ معطوف علیہ با معطوف نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، یا جزاء محذوف پر معطوف ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾

**آیت نمبر ۴۰**: فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾

**آیت نمبر ۴۱**: يُعْرَفُ فعل مجہول الْمُجْرِمُوْنَ نائب فاعل بِسِيْمٰهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ يُؤْخَذُ فعل مجہول باء جارہ النَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾

**آیت نمبر ۴۲**: فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾

**آیت نمبر ۴۴،۴۳**: هٰذِهٖ مبتداء، جَهَنَّمُ موصوف الَّتِيْ اسم موصول يُكَذِّبُ فعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے الْمُجْرِمُوْنَ ذوالحال يَطُوْفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَيْنَهَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَيْنَ مضاف حَمِيْمٍ اٰنٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال يُكَذِّبُ کا فاعل،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ جَهَنَّمُ کی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۵﴾

**آیت نمبر ۴۵**: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

رکوع نمبر ۳

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾

**آیت نمبر ۴۶**: واؤ استینافیہ لَامِ جارہ مَنْ موصولہ خَافَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَقَامَ رَبِّهٖ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کَائِنَتَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَنَّتٰنِ موصوف ہے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۷﴾

**آیت نمبر ۴۷**: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾

**آیت نمبر ۴۸**: ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾

**آیت نمبر ۴۹**: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿۵۰﴾

**آیت نمبر ۵۰**: فِيْهِمَا كَائِنَتَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَيْنٰنِ موصوف تَجْرِيٰنِ فعل باالف ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾

**آیت نمبر ۵۱**: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾

**آیت نمبر ۵۲**: فِيْهِمَا كَائِنَتَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ كَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر حال مقدم، زَوْجٰنِ ذوالحال مؤخر ہذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾

**آیت نمبر ۵۳**: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۵۴:** مُتَّكِـِٕيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل عَلٰی جارہ فُرُشٍ موصوف بَطَآئِنُهَا مرکب اضافی مبتدا، مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور مُتَّكِـِٕيْنَ کے متعلق ہوا، اسم فاعل با فاعل و متعلق مفعول بہ ہوا فعل محذوف اَمْدَحُ کا، اَمْدَحُ فعل اَنَا مستتر فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ جَنَا الْجَنَّتَيْنِ مرکب اضافی مبتدا، دَانٍ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾

**آیت نمبر ۵۵:** فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۵۶﴾

**آیت نمبر ۵۶:** فِيْهِنَّ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ مرکب اضافی ذوالحال لَمْ يَطْمِثْ فعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ اِنْسٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ جَآنٌّ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل قَبْلَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ و مفعول بہ حال، ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾

**آیت نمبر ۵۷:** فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾

**آیت نمبر ۵۸:** كَاَنَّ حرف تشبیہ هُنَّ ضمیر اس کا اسم الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ کا حال ہے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾

**آیت نمبر ۵۹:** فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾

**آیت نمبر ۶۰:** هَلْ استفہامیہ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ مرکب اضافی مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لغو الْاِحْسَانُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾

**آیت نمبر ۶۱:** فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾

**آیت نمبر ۶۲:** واؤ استینافیہ مِنْ دُوْنِهِمَا كَائِنَتَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَنَّتٰنِ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾

**آیت نمبر ۶۳**: فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾

**آیت نمبر ۶۴**: مُدْهَآمَّتٰنِ یہ جَنَّتٰنِ کی صفت اولیٰ ہے۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾

**آیت نمبر ۶۵**: فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

فِیْهِمَا عَیْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾

**آیت نمبر ۶۶**: فِیْهِمَا كَائِنَتَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَیْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جَنَّتٰنِ کی صفت ثانیہ ہے۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۷﴾

**آیت نمبر ۶۷**: فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

فِیْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿۶۸﴾

**آیت نمبر ۶۸**: فِیْهِمَا كَائِنَتَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ معطوف علیہ با معطوفین مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جَنَّتٰنِ کی صفت ثالثہ ہے۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۹﴾

**آیت نمبر ۶۹**: فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

فِیْهِنَّ خَیْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿۷۰﴾

**آیت نمبر ۷۰**: فِیْهِنَّ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم خَیْرٰتٌ حِسَانٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جَنَّتٰنِ کی صفت رابعہ ہے۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾

**آیت نمبر ۷۱**: فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِی الْخِیَامِ ﴿۷۲﴾

**آیت نمبر ۷۲**: حُوْرٌ موصوف مَقْصُوْرٰتٌ اسم مفعول هُنَّ مستتر نائب فاعل فِی الْخِیَامِ متعلق سے مل کر صفت، موصوف باصفت خَیْرٰتٌ حِسَانٌ سے بدل ہے یا مبتدا محذوف هُنَّ کی خبر ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝

**آیت نمبر ۷۳:** فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ اس کی ترکیب ہو چکی ہے۔

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ ۝

**آیت نمبر ۷۴:** لَمْ يَطْمِثْ فعل نفی هُنَّ ضمیر مفعول، قَبْلَهُمْ مرکب ظرف خبر، إِنْسٌ فاعل، وَلَا جَانٌّ معطوف ہے۔ معطوف فاعل ہوا فعل اپنے فاعل و مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت ہوا ہے۔

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝

**آیت نمبر ۷۵:** فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ اس کی ترکیب ہو چکی ہے۔

مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۝

**آیت نمبر ۷۶:** مُتَّكِئِينَ اسم فاعل حال، عَلَىٰ حرف جار، رَفْرَفٍ خُضْرٍ مرکب توصیفی معطوف علیہ، وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے اسم فاعل کے، اسم فاعل متعلق سے مل کر حال ہوا۔ فعل محذوف کا فعل با فاعل و مفعول سے جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝

**آیت نمبر ۷۷:** فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ اس کی ترکیب ہو چکی ہے۔

تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ۝

**آیت نمبر ۷۸:** تَبَارَكَ فعل، اسْمُ مضاف، رَبِّكَ مرکب اضافی موصوف، ذِي مضاف، الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ، اسْمُ مضاف با مضاف الیہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ترکیب سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۝ اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ۝ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ۝

**آیت نمبر ۲،۱:** اِذَا ظرف زمان مضاف وَقَعَتْ فعل الْوَاقِعَةُ فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ فعل محذوف اُذْکُرْ کا (مظہری) لَيْسَ فعل ناقص لام جارہ وَقْعَتِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم کَاذِبَةٌ اسم مؤخر، لَيْسَ بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ۝

**آیت نمبر ۳:** خَافِضَةٌ مبتدا محذوف ھِیَ کی خبر اول، رَافِعَةٌ خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا۝ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا۝

**آیت نمبر ۵،۴:** اِذَا مضاف رُجَّتْ فعل مجہول الْاَرْضُ نائب فاعل رَجًّا مفعول مطلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بُسَّتْ فعل مجہول الْجِبَالُ نائب فاعل بَسًّا مفعول مطلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اِذَا اولیٰ سے بدل ہے یا اس کی تاکید ہے۔

فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا۝

**آیت نمبر ۶:** فاء عاطفہ کَانَتْ فعل ناقص ھِیَ مستتر اس کا اسم هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً۝

**آیت نمبر ۷:** واؤ عاطفہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر معطوف ہے فعل مجہول رُجَّتْ پر۔

فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ۬ۙ مَاۤ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ۝ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ۬ۙ مَاۤ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ۝

**آیت نمبر ۹،۸:** فاء تفریعیہ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ مرکب اضافی مبتدا، مَا استفہامیہ مبتدا ثانی، اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر مبتدا اول کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ مَاۤ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ کی ترکیب جملہ اولیٰ کی طرح ہے پھر یہ معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ۝ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ۝ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ۝

**آیت نمبر ۱۲،۱۱،۱۰:** واؤ عاطفہ السّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ مؤکد باتاکید مبتدا اول، اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا ثانی، الْمُقَرَّبُوْنَ اسم مفعول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



هُمْ مستتر ذوالحال فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال بحال [illegible] 16

باخبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ ۝ وَقَلِیْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِیْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۳، ۱۴:** ثُلَّةٌ موصوف مِنَ الْاَوَّلِیْنَ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَلِیْلٌ موصوف مِنَ الْاٰخِرِیْنَ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت معطوف، معطوف علیہ بمعطوف خبر ہے مبتدا محذوف هُمْ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## عَلٰی سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ۝ مُّتَّكِـِٕیْنَ عَلَیْهَا مُتَقٰبِلِیْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۵، ۱۶:** عَلٰی جارہ سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر کَائِنُوْنَ کا فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال مُتَّكِـِٕیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر ذوالحال مُتَقٰبِلِیْنَ حال، ذوالحال بحال فاعل عَلَیْهَا ظرف لغو متعلق، [illegible] و متعلق حال، ذوالحال بحال کَائِنُوْنَ کا فاعل، اسم فاعل بفاعل و متعلق هُمْ مبتدا محذوف کی خبر دوم ہے۔

## یَطُوْفُ عَلَیْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۝ بِاَكْوَابٍ وَّ اَبَارِیْقَ ۙ وَ كَاْسٍ مِّنْ مَّعِیْنٍ ۝ لَّا یُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ ۝ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا یَتَخَیَّرُوْنَ ۝ وَلَحْمِ طَیْرٍ مِّمَّا یَشْتَهُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۱:** یَطُوْفُ فعل عَلٰی جارہ هِمْ ضمیر ذوالحال لَا یُصَدَّعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَنْهَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یُنْزِفُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بمعطوف حال، ذوالحال بحال مجرور، جار بامجرور یَطُوْفُ کے متعلق ہوئے وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ مرکب توصیفی فاعل باجارہ جارہ اَكْوَابٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَبَارِیْقَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ كَاْسٍ موصوف مِنْ مَّعِیْنٍ كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت معطوف ثانی، واؤ عاطفہ فَاكِهَةٍ موصوف مِنْ جارہ مَا یَتَخَیَّرُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت معطوف ثالث، واؤ عاطفہ لَحْمِ طَیْرٍ مرکب اضافی موصوف مِنْ جارہ مَا یَشْتَهُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو یَطُوْفُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مُتَقٰبِلِیْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

## وَحُوْرٌ عِیْنٌ ۝ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ۝

**آیت نمبر ۲۲، ۲۳:** واؤ عاطفہ حُوْرٌ موصوف عِیْنٌ صفت اولیٰ کاف جارہ اَمْثَالِ مضاف اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، حُوْرٌ موصوف باصفتین بواسطہ عطف کے یَطُوْفُ کا فاعل ہے یا خبر ہے مبتدا محذوف لَهُنَّ یا هُمْ کی۔

## جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۲۴:** جَزَآءً مصدر بِمَا جارہ مَا موصولہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور جَزَآءً کے متعلق، مصدر با متعلق مفعول مطلق ہے فعل محذوف جَزَیْنَاھُمْ کا۔

## لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِیْمًا ﴿۲۵﴾ اِلَّا قِیْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿۲۶﴾

**آیت نمبر ۲٦،۲۵:** لَا یَسْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے لَغْوًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ تَاْثِیْمًا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مستثنٰی منہ، اِلَّا حرف استثناء قِیْلًا مصدر سَلٰمًا سَلٰمًا مؤکد باتاکید مصدر کا مفعول بہ، مصدر بامفعول بہ مستثنٰی منقطع، مستثنٰی منہ با مستثنٰی لَا یَسْمَعُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

## وَاَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ ﴿۲۷﴾

**آیت نمبر ۲۷:** واؤ عاطفہ اَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ مرکب اضافی مبتدا اوّل، مَا استفہامیہ مبتدا ثانی اَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## فِیْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ﴿۲۸﴾ وَّ طَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ﴿۲۹﴾ وَّ ظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ﴿۳۰﴾ وَّ مَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ﴿۳۱﴾ وَّ فَاكِهَةٍ كَثِیْرَةٍ ﴿۳۲﴾ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ﴿۳۳﴾ وَّ فُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ﴿۳۴﴾

**آیت نمبر ۲۸، ۲۹، ۳۰، ۳۱، ۳۲، ۳۳، ۳۴:** فِیْ جارہ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ طَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ مرکب توصیفی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ مرکب توصیفی معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَآءٍ مَّسْكُوْبٍ مرکب توصیفی معطوف ثالث، واؤ عاطفہ فَاكِهَةٍ كَثِیْرَةٍ مرکب توصیفی معطوف علیہ، لَا عاطفہ مَقْطُوْعَةٍ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا زائدہ مَمْنُوْعَةٍ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین (اَمْلَاءُ مَا مَنَّ بِهِ الرَّحْمٰن) سِدْرٍ ... الخ کا معطوف رابع، واؤ عاطفہ فُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ مرکب توصیفی معطوف خامس، معطوف علیہ بامعطوفات خمسہ هُمْ مبتدا محذوف کی خبر ہے یا اَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ کی خبر ہے۔

## اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ﴿۳۵﴾ فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ﴿۳٦﴾ عُرُبًا اَتْرَابًا ﴿۳۷﴾

**آیت نمبر ۳۵، ۳٦، ۳۷:** اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَنْشَاْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ اِنْشَآءً مفعول مطلق سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ اوّل اَبْكَارًا موصوف عُرُبًا صفت اولیٰ، اَتْرَابًا صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## لِّاَصْحٰبِ الْیَمِیْنِ ﴿۳۸﴾

**آیت نمبر ۳۸:** لَام جارہ اَصْحٰبِ الْیَمِیْنِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور اَنْشَاْنَا کے متعلق ہیں۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

## ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۳۹﴾ وَ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِیْنَ ﴿۴۰﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر** ۳۹، ۴۰: ثُلَّةٌ موصوف مِنَ الْأَوَّلِيْنَ جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ واؤ عاطفہ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر ہے مبتدا محذوف هُمْ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ۬ مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۝

**آیت نمبر** ۴۱: واؤ استینافیہ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ مرکب اضافی مبتدا اوّل مَا استفہامیہ مبتدا ثانی، اَصْحٰبُ الشِّمَالِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ۝ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ۝ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ۝

**آیت نمبر** ۴۲، ۴۳، ۴۴: فِيْ جارہ سَمُوْمٍ معطوف علیہ واؤ عاطفہ حَمِيْمٍ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ظِلٍّ موصوف مِنْ يَّحْمُوْمٍ كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، لَا عاطفہ بَارِدٍ معطوف اوّل واؤ عاطفہ لَا زائدہ كَرِيْمٍ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین سَمُوْمٍ کا معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مجرور، جار با مجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر اَصْحٰبُ الشِّمَالِ کی خبر ثانی، یا مبتدا محذوف هُمْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ۝ وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ۝ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ۬ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝

**آیت نمبر** ۴۵، ۴۶، ۴۷، ۴۸: اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اِنَّ کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر ذوالحال قَبْلَ ذٰلِكَ مرکب اضافی كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اسم مُتْرَفِيْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يُصِرُّوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل عَلٰى جارہ الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول۔ همزه استفہامیہ اِذَا ظرف زمان مضاف مِتْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم تُرَابًا وَّعِظَامًا معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذَا کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ مقدم مَبْعُوْثُوْنَ کا، همزه استفہامیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ مَبْعُوْثُوْنَ اسم مفعول نَحْنُ مستتر معطوف علیہ، همزه استفہامیہ واؤ عاطفہ اٰبَآؤُنَا مرکب اضافی موصوف الْاَوَّلُوْنَ صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف مَبْعُوْثُوْنَ کا نائب فاعل، اسم مفعول با نائب فاعل و مفعول فیہ مقدم اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ كَانُوْا کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۝ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ۬ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



أَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿۵۱﴾ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿۵۲﴾ فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿۵۴﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿۵۵﴾

**آیت نمبر** ۴۹، ۵۰، ۵۱، ۵۲، ۵۳، ۵۴، ۵۵: قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق الْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کا اسم لَامْ مزحلقہ مَجْمُوْعُوْنَ اسم مفعول هُمْ مستتر اس کا نائب فاعل اِلٰی جارہ مِیْقَاتِ مضاف یَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر اس کا اسم لَامْ مزحلقہ اٰكِلُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل مِنْ شَجَرٍ جار با مجرور مبدل منہ مِنْ زَقُّوْمٍ جار با مجرور بدل، مبدل منہ با بدل متعلق، اسم فاعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، فاء عاطفہ مَالِـُٔوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل مِنْهَا متعلق الْبُطُوْنَ مفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر معطوف اوّل، فاء عاطفہ شٰرِبُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل عَلٰی جارہ ہٖ ضمیر مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ الْحَمِيْمِ ذوالحال موخر، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق معطوف ثانی، فاء عاطفہ شٰرِبُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل شُرْبَ الْهِيْمِ مرکب اضافی مفعول مطلق سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا مقدم، اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ الضَّآلُّوْنَ موصوف الْمُكَذِّبُوْنَ صفت، موصوف با صفت اَیُّ کی صفت، موصوف با صفت محلاً منصوب اُدْعُوْا کا مفعول بہ جو کہ حرف ندا محذوف کے قائم مقام ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ ندا، ندا با جواب ندا معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۵۶﴾

**آیت نمبر** ۵۶: هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، نُزُلُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال يَوْمَ الدِّيْنِ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿۵۷﴾

**آیت نمبر** ۵۷: نَحْنُ مبتدا، خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ لَوْلَا حرف تحضیض تُصَدِّقُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿۵۸﴾ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۵۹﴾

**آیت نمبر** ۵۸، ۵۹: هَمزہ استفہامیہ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ مقدر ہے نظرتُم، رَءَيْتُمْ فعل تُمْ ضمیر اس کا فاعل مَا اسم موصول تُمْنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ اوّل، هَمزہ استفہامیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، تَخْلُقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ نَحْنُ مبتدا، الْخٰلِقُوْنَ خبر سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف رَءَيْتُمْ کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ مقدر با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَ مَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِيْنَ ﴿۶۰﴾ عَلَى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَ نُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۱﴾

**آیت نمبر ۶۰، ۶۱:** نَحْنُ مبتدا قَدَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ الْمَوْتَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ حجازیہ نَحْنُ ضمیر اس کا اسم بِ حرف جار زائدہ مَسْبُوقِيْنَ اسم مفعول نَحْنُ مستتر اس کا نائب فاعل عَلَى جارہ اَنْ ناصبہ نُّبَدِّلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَمْثَالَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ نُنْشِئَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، فِيْ حرف جار مَا اسم موصول لَا تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر عَلَى کا مجرور، جار با مجرور مَسْبُوقِيْنَ کے متعلق، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق لفظاً مجرور اور محلاً منصوب مَا کی خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۶۲﴾

**آیت نمبر ۶۲:** واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، عَلِمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ فَاء عاطفہ لَوْلَا حرف تحضیض تَذَكَّرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿۶۳﴾ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿۶۴﴾

**آیت نمبر ۶۳، ۶۴:** اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ اس کی ترکیب اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ کی ترکیب کی مثل ہے۔

لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿۶۵﴾

**آیت نمبر ۶۵:** لَوْ شرطیہ نَشَآءُ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول، حُطَامًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ ظَلْتُمْ فعل ناقص اصل میں ظَلِلْتُمْ ہے تُمْ ضمیر اس کا اسم تَفَكَّهُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۶۷﴾

**آیت نمبر ۶۶، ۶۷:** اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ مُغْرَمُوْنَ خبر اِنَّ با اسم و خبر معطوف علیہ، بَلْ عاطفہ نَحْنُ مبتدا، مَحْرُوْمُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف تَقُوْلُوْنَ مقدر کا مقولہ ہو کر تَفَكَّهُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَفَرَءَیْتُمُ الْمَآءَ الَّذِیْ تَشْرَبُوْنَ ﴿۶۸﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿۶۹﴾

**آیت نمبر ۶۸، ۶۹:** اَفَرَءَیْتُمُ الْمَآءَ الَّذِیْ تَشْرَبُوْنَ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۵۸، ۵۹ سے سمجھ آسکتی ہے۔

لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْ لَا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾

**آیت نمبر ۷۰:** لَوْ شرطیہ نَشَآءُ فعل بانَحْنُ مستتر فاعل شرط، جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، اُجَاجًا مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ لَوْلَا حرف تحضیض تَشْكُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَفَرَءَیْتُمُ النَّارَ الَّتِیْ تُوْرُوْنَ ﴿۷۱﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَاۤ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿۷۲﴾

**آیت نمبر ۷۱، ۷۲:** هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے نَظَرْتُمْ ، رَءَیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل النَّارَ موصوف الَّتِیْ اسم موصول تُوْرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ اوّل، هَمزہ استفہامیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، اَنْشَاْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل شَجَرَتَهَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف رَءَیْتُمْ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّ مَتَاعًا لِّلْمُقْوِیْنَ ﴿۷۳﴾

**آیت نمبر ۷۳:** نَحْنُ مبتدا، جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اوّل تَذْكِرَةً معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَتَاعًا مصدر لِلْمُقْوِیْنَ جار باَمجرور مصدر کے متعلق، مصدر بامتعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِیْمِ ﴿۷۴﴾

**آیت نمبر ۷۴:** فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ النِّعَمَ الْعَظِیْمَةَ ، یا اِنْ كَانَتْ قُدْرَةُ اللّٰهِ كَمَا ذُكِرَ ، سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَاء جارہ اِسْمِ رَبِّكَ مرکب اضافی موصوف الْعَظِیْمِ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

فَلَاۤ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿۷۵﴾ وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ ﴿۷۶﴾ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِیْمٌ ﴿۷۷﴾ فِیْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿۷۸﴾ لَّا یَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿۷۹﴾ تَنْزِیْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۸۰﴾

**آیت نمبر ۷۵، ۷۶، ۷۷، ۷۸، ۷۹، ۸۰:** فَاء استینافیہ لَا زائدہ اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل بَاء جارہ مَوٰقِعِ النُّجُوْمِ مرکب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق قسم، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ قُرْاٰنٌ موصوف، کَرِیْمٌ صفت اولی، فِیْ جارہ کِتٰبٍ مَّکْنُوْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، لَایَمَسُّ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لغو الْمُطَهَّرُوْنَ مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثالثہ تَنْزِیْلٌ مصدر موصوف مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت قُرْاٰنٌ کی صفت رابعہ، موصوف باصفات اربعہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ قسمیہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ قَسَمٌ موصوف عَظِیْمٌ صفت، موصوف باصفت خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ لَوْ شرطیہ تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل شرط، جزاء محذوف ہے لَعَلِمْتُمْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معترضہ ہوا۔

## اَفَبِهٰذَا الْحَدِیْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿۸۱﴾

**آیت نمبر** ۸۱: هَمزہ استفہامیہ فَاء استینافیہ بَاء جارہ هٰذَا الْحَدِیْثِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور مُّدْهِنُوْنَ کا متعلق مقدم، اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، مُّدْهِنُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

## وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۸۲﴾

**آیت نمبر** ۸۲: واؤ عاطفہ تَجْعَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رِزْقَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اول، اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم تُكَذِّبُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، اَنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مُدْهِنُوْنَ پر معطوف ہوا۔

## فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿۸۳﴾

**آیت نمبر** ۸۳: فَاء استینافیہ لَوْلَا حرف تحضیض اِذَا ظرف زمان مضاف بَلَغَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل الْحُلْقُوْمَ مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف تَرْجِعُوْنَهَا کا، تَرْجِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

## وَاَنْتُمْ حِیْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿۸۴﴾

**آیت نمبر** ۸۴: واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، حِیْنَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم تَنْظُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل مفعول فیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ تَرْجِعُوْنَ کے فاعل سے حال اولی ہے۔

## وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿۸۵﴾

**آیت نمبر** ۸۵: واؤ حالیہ نَحْنُ ضمیر مبتدا، اَقْرَبُ اسم تفضیل نَحْنُ مستتر فاعل اِلَیْهِ متعلق اول، مِنْكُمْ متعلق ثانی سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ لَا تُبْصِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف تَرْجِعُوْنَ کے فاعل سے حال ثانیہ ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿۸۶﴾ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۸۷﴾

**آیت نمبر ۸۶،۸۷:** فاء عاطفہ لَوْلَا تحضیض اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اوّل، اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط دوم، تَرْجِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر دونوں کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۸۸﴾

**آیت نمبر ۸۸:** فاء استینافیہ اَمَّا حرف شرط وتفصیل اِنْ شرطیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ظرف مستقر كَآئِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اس کی جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جملہ دلالت کررہا ہے۔

## فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿۸۹﴾

**آیت نمبر ۸۹:** فاء جوابیہ رَوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ وَّ جَنَّتُ نَعِيْمٍ معطوف علیہ با معطوفین مبتداء، اور اس کی خبر محذوف ہے لَهٗ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَمَّا کا جواب ہے۔

## وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۹۰﴾

**آیت نمبر ۹۰:** واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط وتفسیر اِنْ شرطیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ كَآئِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جملہ دلالت کررہا ہے۔

## فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۹۱﴾

**آیت نمبر ۹۱:** فاء جوابیہ سَلٰمٌ مبتدا، لام جارہ کاف ضمیر ذوالحال مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ كَآئِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور كَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب اَمَّا ہے

## وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۹۲﴾

**آیت نمبر ۹۲:** واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط وتفصیل اِنْ شرطیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم مِنْ حرف جار الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور كَآئِنًا کے متعلق ہو کر كَانَ کی خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جملہ دال ہے۔

## فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿۹۳﴾ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿۹۴﴾

**آیت نمبر ۹۳،۹۴:** فاء جوابیہ نُزُلٌ موصوف مِنْ حَمِيْمٍ كَآئِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



عاطفہ تَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، اور اس کی خبر محذوف ہے لَهٗ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جوابِ اَمَّا ہے۔

## اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۹۵﴾

**آیت نمبر ۹۵:** اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اس کا اسم ہے لَام مذحلقہ هُوَ ضمیر فصل حَقُّ الْيَقِيْنِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

## فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۹۶﴾

**آیت نمبر ۹۶:** فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ النِّعَمَ الْعَظِيْمَةَ، یا اِنْ كَانَ اَمْرُ اللّٰهِ فِي الثَّوَابِ وَالْعِقَابِ كَمَا ذُكِرَ، سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال بَاء جارہ اِسْمِ رَبِّكَ مرکب اضافی موصوف الْعَظِيْمِ صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور مُتَبَرِّكًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ترکیب سُوْرَۃُ الْحَدِیْدِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ①

**آیت نمبر ۱:** سَبَّحَ فعل لِلّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا موصولہ فِی جارہ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار بامجرور فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اس کی دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ۚ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ②

**آیت نمبر ۲:** لَهٗ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْكُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ يُحْيٖ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُمِيْتُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ جار بامجرور متعلق مقدم قَدِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ الْاَوَّلُ وَ الْاٰخِرُ وَ الظَّاهِرُ وَ الْبَاطِنُ ۚ وَ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ③

**آیت نمبر ۳:** هُوَ ضمیر مبتدا، الْاَوَّلُ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاٰخِرُ وَ الظَّاهِرُ وَ الْبَاطِنُ تین معطوف ہیں، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، بِكُلِّ شَيْءٍ جار بامجرور متعلق مقدم عَلِيْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَ هُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۭ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ④

**آیت نمبر ۴:** هُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ فِیْ حرف جار سِتَّةِ اَيَّامٍ ممیز باتمیز مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اسْتَوٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَى الْعَرْشِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول يَلِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل فِي الْاَرْضِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ يَخْرُجُ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا موصولہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



یَنْزِلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنَ السَّمَآءِ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول یَعْرُجُ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِیْھَا متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہے۔ یا اسْتَوٰی کے فاعل سے حال ہے۔ واؤ عاطفہ ھُوَ مبتدا، مَعَکُمْ کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر دال بر جزاء، اَیْنَمَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم کُنْتُمْ فعل تام سے تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر شرط مؤخر، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰہُ مبتدا، باء جارہ مَا تَعْمَلُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم بَصِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝

**آیت نمبر ۵:** لَهٗ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْكُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ تُرْجَعُ فعل مجہول الْاُمُوْرُ نائب فاعل اِلَى اللّٰهِ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۭ وَهُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

**آیت نمبر ۶:** يُوْلِجُ فعل ھُوَ مستتر فاعل الَّيْلَ مفعول بہ فِي النَّهَارِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُوْلِجُ فعل ھُوَ مستتر فاعل النَّهَارَ مفعول بہ فِي الَّيْلِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال ہے لفظ اللّٰہ سے۔ واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، عَلِيْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِذَاتِ الصُّدُوْرِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

## اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝

**آیت نمبر ۷:** اٰمِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل باء جارہ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل مُسْتَخْلَفِيْنَ اسم مفعول ھُمْ مستتر نائب فاعل فِيْهِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْكُمْ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْفَقُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَجْرٌ كَبِيْرٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَ مَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَ الرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَ قَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۸:** واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ لَام جارہ كُمْ ضمیر مجرور ذوالحال لَا تُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ الرَّسُوْلُ مبتدا يَدْعُوْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ لَام جارہ تُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِرَبِّكُمْ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور يَدْعُوْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال لَا تُؤْمِنُوْنَ کا فاعل بِاللّٰهِ جار بامجرور لَا تُؤْمِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل اَخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِيْثَاقَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر يَدْعُوْ کے فاعل یا مفعول بہ سے حال ہے۔ اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مُؤْمِنِيْنَ خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (مظہری) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖۤ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

**آیت نمبر ۹:** هُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول يُنَزِّلُ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى عَبْدِهٖ جار بامجرور متعلق اول ہوئے اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ مرکب توصیفی مفعول بہ لَام جارہ تعلیلیہ يُخْرِجَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الظُّلُمٰتِ متعلق اول اِلَى النُّوْرِ متعلق ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور يُنَزِّلُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اللّٰهُ اس کا اسم لَام مزحلقہ رَءُوْفٌ صیغہ مبالغہ هُوَ مستتر فاعل بِكُمْ متعلق مقدم سے مل کر خبر اول، رَحِيْمٌ خبر ثانی، اِنَّ باسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ مَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ لِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَ قٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَ قٰتَلُوْا ؕ وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝

**آیت نمبر ۱۰:** واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا، لَام جارہ كُمْ ضمیر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا كَائِنٌ کا، اَنْ ناصبہ لَا تُنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اصل میں فِيْ اَنْ ہے، جار بامجرور كَائِنٌ کا متعلق دوم، اسم فاعل بافاعل ومتعلقین خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ لِلّٰهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِيْرَاثُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل ذِكْرَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معلّلہ ہوا۔ أُولَٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، حِزْبُ الشَّيْطٰنِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ أَلَآ حرف تنبیہ إِنَّ حرف تحقیق حِزْبَ الشَّيْطٰنِ مرکب اضافی اس کا اسم هُمْ ضمیر منفصل مبتدا، الْخٰسِرُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر إِنَّ کی خبر، إِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

إِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ أُولَٰٓئِكَ فِي الْأَذَلِّيْنَ ﴿۲۰﴾

**آیت نمبر ۲۰**: إِنَّ حرف تحقیق الَّذِيْنَ اسم موصول يُحَآدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول با صلہ إِنَّ کا اسم أُولَٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، فِي الْأَذَلِّيْنَ جار با مجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ إِنَّ کی خبر، إِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

كَتَبَ اللّٰهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِيْ ۭ إِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۱﴾

**آیت نمبر ۲۱**: كَتَبَ فعل اللّٰهُ فاعل سے مل کر متضمن معنی قسم جملہ انشائیہ ہو کر قسم، لَأَغْلِبَنَّ فعل أَنَا مستتر مؤکد أَنَا ضمیر منفصل تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رُسُلِيْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ إِنَّ حرف تحقیق اللّٰهَ اس کا اسم قَوِيٌّ عَزِيْزٌ دو خبر، إِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ۭ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ۭ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾

**آیت نمبر ۲۲**: لَا تَجِدُ فعل أَنْتَ مستتر فاعل قَوْمًا موصوف يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اللّٰهِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قَوْمًا کی صفت، موصوف با صفت مفعول بہ اوّل، يُوَآدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ موصولہ حَآدَّ فعل هُوَ مستتر فاعل اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ يُوَآدُّوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اٰبَآءَهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، أَوْ عاطفہ أَبْنَآءَهُمْ مرکب اضافی معطوف اوّل، أَوْ عاطفہ إِخْوَانَهُمْ مرکب اضافی معطوف ثانی، أَوْ عاطفہ عَشِيْرَتَهُمْ مرکب اضافی معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ثلاثہ خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط ہے جزاء محذوف ہے لَا یُوَآدُّوْنَهُمْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر حال ہوا حَآدَّ کی ضمیر فاعل سے ......الخ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، کَتَبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِیْ قُلُوْبِهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے الْاِیْمَانَ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَیَّدَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بَاء جارہ رُوْحٍ موصوف مِنْهُ کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور اَیَّدَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ یُدْخِلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ جارہ تَحْتِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے الْاَنْهٰرُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین اُولٰٓئِكَ کی خبر اوّل، رَضِیَ فعل اللّٰهُ فاعل عَنْهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْهُ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اُولٰٓئِكَ کی خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خٰلِدِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل فِیْهَا متعلق سے مل کر یُدْخِلُ کی ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے حال ہے، اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، حِزْبُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اَلَآ حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق حِزْبَ اللّٰهِ مرکب اضافی اس کا اسم ھُمْ ضمیر برائے فصل یا مبتدا، الْمُفْلِحُوْنَ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بروز جمعرات بوقت ۴:۳ بعد نماز ظہر بتاریخ ۱۲،۷،۱۴۳۴ھ بمطابق ۲۳،۵،۲۰۱۳ء کو تکمیل ہوئی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ترکیب سُوْرَةُ الْحَشْرِ

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۱

**آیت نمبر ۱:** سَبَّحَ فعل لِلّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے مَا موصولہ فِي السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر فعل محذوف اِسْتَقَرَّ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا فِي الْاَرْضِ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ هُوَ ضمیر منفصل مبتدا، الْعَزِيْزُ خبر اوّل، الْحَكِيْمُ خبر دوم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ اَللّٰهِ سے حال ہوا۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَ ظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۚ وَ قَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَ اَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ۝۲

**آیت نمبر ۲:** هُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول اَخْرَجَ فعل هُوَ ضمیر مستتر ذوالحال مَا نافیہ ظَنَنْتُمْ فعل بافاعل اَنْ ناصبہ يَخْرُجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتا ویل مصدر ظَنَنْتُمْ دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ظَنُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اسم مَانِعَتُ اسم فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ حُصُوْنُهُمْ مرکب اضافی فاعل مِنَ اللّٰهِ متعلق سے مل کر خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر ظَنُّوْا کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال (مظہری) ذوالحال باحال اَخْرَجَ کا فاعل، الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ اَخْرَجَ کا مفعول بہ، مِنْ دِيَارِهِمْ ظرف لغو اَخْرَجَ کا متعلق اوّل لِاَوَّلِ الْحَشْرِ متعلق دوم، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فاء عاطفہ اَتٰى فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل مِنْ جارہ حَيْثُ مضاف لَمْ يَحْتَسِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَذَفَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْ جارہ قُلُوْبِ مضاف هِمْ ضمیر ذوالحال يُخْرِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بُيُوْتَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بَاء جارہ اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور يُخْرِبُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مجرور، جار با مجرور قَذَفَ کے متعلق ہوئے الرُّعْبَ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ تَدَبَّرْتُمْ هٰذَا اِعْتَبِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جواب نداء مقدم یَاء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، اُولِي الْاَبْصَارِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر نداء مؤخر، نداء با جواب نداء جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا

## وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ؕ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ۝

**آیت نمبر ۳:** واؤ عاطفہ لَوْ لَا امتناعیہ اَنْ مصدریہ كَتَبَ فعل اَللّٰهُ فاعل عَلَيْهِمْ متعلق الْجَلَآءَ مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مبتدا، مَوْجُوْدٌ خبر محذوف ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر شرط، لَام جوابیہ عَذَّبَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فِي الدُّنْيَا متعلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا واؤ استینافیہ لَهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِي الْاٰخِرَةِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَذَابُ النَّارِ مرکب اضافی ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

## ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

**آیت نمبر ۴:** ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم شَآقُّوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ سے مل کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يُشَآقِّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم شَدِيْدُ الْعِقَابِ مرکب اضافی خبر سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

## مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۵:** مَا اسم شرط ذوالحال مِنْ لِّيْنَةٍ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ مقدم قَطَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل و مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ تَرَكْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ اول، قَآئِمَةً اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل عَلٰٓى اُصُوْلِهَا متعلق سے مل کر مفعول بہ ثانی، پھر یہ سب مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، فَاء جزائیہ بِاِذْنِ اللّٰهِ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے اَذِنَ اللّٰهُ لِقَطْعِهَا لِيُعِزَّ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ، اَذِنَ فعل اَللّٰهُ فاعل لِقَطْعِهَا جار با مجرور متعلق اول لَام جارہ يُعِزَّ اصل میں اَنْ يُعِزَّ ہے، يُعِزَّ فعل هُوَ مستتر فاعل الْمُؤْمِنِيْنَ مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ يُخْزِيَ اصل میں اَنْ يُّخْزِيَ ہے، يُخْزِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل الْفٰسِقِيْنَ مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَذِنَ کا متعلق دوم، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ 18 18
يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۶

**آیت نمبر ۶:** واؤ استینافیہ مَا موصولہ اَفَآءَ فعل اَللّٰہُ فاعل عَلٰى رَسُوْلِهٖ متعلق اوّل مِنْهُمْ متعلق دوم سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فاء برائے رابطہ مَا نافیہ اَوْجَفْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل عَلَيْهِ ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْ زائدہ خَيْلٍ محلاً منصوب معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ رِكَابٍ محلاً منصوب معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یا اعتراضیہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَللّٰهَ اس کا اسم يُسَلِّطُ فعل هُوَ مستتر فاعل رُسُلَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ عَلٰى جارہ مَنْ موصولہ يَشَآءُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق خبر، لٰكِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ جار بامجرور متعلق مقدم قَدِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَ
الْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ؕ وَمَآ اٰتٰىكُمُ
الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۷

**آیت نمبر ۷:** مَا موصولہ اَفَآءَ فعل اَللّٰهُ فاعل عَلٰى رَسُوْلِهٖ متعلق اوّل، مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى متعلق دوم سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فاء برائے رابطہ لِلّٰهِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِلرَّسُوْلِ جار بامجرور معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَام جارہ ذِى الْقُرْبٰى مرکب اضافی معطوف علیہ، وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ معطوفات ثلاثہ سے مل کر مجرور، جار بامجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ كَيْ تعلیلیہ بمعنی اللام (جلالین) اس کے بعد اَنْ مقدر ہے لَا يَكُوْنَ ناقصہ هُوَ ضمیر اس کا اسم دُوْلَةً موصوف بَيْنَ مضاف الْاَغْنِيَآءِ ذوالحال مِنْكُمْ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا كَائِنَةً کا، كَائِنَةً اسم فاعل بامعہ مستتر فاعل و مفعول فیہ دُوْلَةً کی صفت، موصوف باصفت خبر، فعل ناقص بااسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوا اس كَائِنٌ کا جس کے لِلّٰهِ متعلق ہے۔

واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اٰتٰى فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ الرَّسُوْلُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فاء برائے رابطہ خُذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا موصولہ نَهٰى فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ عَنْهُ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فاء برائے رابطہ اِنْتَهُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اِتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم شَدِيْدُ الْعِقَابِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا وَّ يَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۚ﴿۸﴾

**آیت نمبر ۸:** لَامْ جارہ اَلْفُقَرَآءِ موصوف اَلْمُهٰجِرِیْنَ صفت اولی، اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُخْرِجُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال یَبْتَغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فَضْلًا موصوف مِنَ اللّٰهِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رِضْوَانًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَنْصُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال باحال نائب فاعل مِنْ جارہ دِیَارِهِمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمْوَالِهِمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور اُخْرِجُوْا کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور ذِی الْقُرْبٰی سے بدل ہے۔.....الخ۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، هُمْ ضمیر فصل الصّٰدِقُوْنَ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَ الْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَ لَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَ يُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَ لَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ؕ وَ مَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۚ﴿۹﴾

**آیت نمبر ۹:** واؤ استینا فیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَبَوَّؤُ فعل واؤ ضمیر فاعل الدَّارَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاِیْمَانَ مفعول بہ ہے فعل محذوف اَخْلَصُوْا کا، اَخْلَصُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ قَبْلِهِمْ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، یُحِبُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ اسم موصول هَاجَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَیْهِمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَجِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ صُدُوْرِهِمْ متعلق حَاجَةً موصوف مِنْ جارہ مَا موصولہ اُوْتُوْا فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت لَا یَجِدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ یُؤْثِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰی جارہ اَنْفُسِ مضاف هِمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ کَانَ ناقصہ بِهِمْ کَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر خَصَاصَةٌ اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اس کی جزاء محذوف ہے یُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ، شرط باجزاء حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور یُؤْثِرُوْنَ کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ مستانفہ یا اعتراضیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، یُوْقَ فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل شُحَّ نَفْسِهٖ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، هُمْ ضمیر فصل اَلْمُفْلِحُوْنَ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ الَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ لِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّکَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۝

**آیت نمبر ۱۰:** واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنۢ بَعْدِھِمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، رَبَّنَا دراصل یَارَبَّنَا ہے اور ترکیب واضح ہے اور یہ نداء ہے اِغْفِرْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَنَا جار باَلمجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ اِخْوَانِنَا مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول سَبَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ بِالْاِیْمَانِ ظرف لغو متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باَلمجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِغْفِرْ کا متعلق ہوا، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَاتَجْعَلْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل فِیْ قُلُوْبِنَا متعلق ہوئے غِلًّا موصوف لَام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باَلمجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت لَاتَجْعَلْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ رَبَّنَا دراصل یَارَبَّنَا ہے یَاء حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، رَبَّنَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر نداء، اِنَّ حرف تحقیق کَ ضمیر منصوب اسم رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ دو خبر سے مل کر نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ نداء اول کے لئے جملہ مؤکدہ ہوا۔

www.kitabosunnat.com

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ نَافَقُوْا یَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِھِمُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَکُمْ وَلَا نُطِیْعُ فِیْکُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّکُمْ ؕ وَاللّٰہُ یَشْھَدُ اِنَّھُمْ لَکٰذِبُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۱:** ھَمزہ استفہامیہ لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰی جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول نَافَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باَلمجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَام جارہ اِخْوَانِھِمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باَلمجرور یَقُوْلُوْنَ کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے وَاللّٰہِ، پھر وَاللّٰہِ جار باَلمجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر قسم، لَنَخْرُجَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَعَکُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَانُطِیْعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل فِیْکُمْ متعلق اَحَدًا مفعول بہ اَبَدًا مفعول فیہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہو کر دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ اُخْرِجْتُمْ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ اس سے پہلے لَام موطئہ للقسم محذوف ہے وَاللّٰہِ، لَنَنْصُرَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم، دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ قُوْتِلْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل سے مل کر شرط، شرط دال بر جزاء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا اعتراضیہ اَللّٰہُ مبتدا، یَشْھَدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر منصوب اسم لَامِ تاکیدیہ کٰذِبُوْنَ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا معترضہ ہوا۔

لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا یَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا یَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَیُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ لَا یُنْصَرُوْنَ ⑫

**آیت نمبر ۱۲:** لَامِ موطئہ للقسم ہے یہاں وَاللّٰہِ قسم محذوف ہے، لَایَخْرُجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَعَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جواب قسم، قسم با جواب قسم دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ اُخْرِجُوْا فعل مجہول با واؤ ضمیر نائب فاعل شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَامِ موطئہ للقسم ہے یہاں وَاللّٰہِ قسم محذوف ہے، لَایَنْصُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جواب قسم، قسم با جواب قسم دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ قُوْتِلُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَامِ موطئہ للقسم ہے یہاں وَاللّٰہِ قسم محذوف ہے، لَیُوَلُّنَّ فعل واؤ مقدرہ فاعل الْاَدْبَارَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَایُنْصَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم با جواب قسم دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ نَصَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ ⑬

**آیت نمبر ۱۳:** لَامِ ابتدائیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، اَشَدُّ اسم تفضیل اس میں اَنْتُمْ ضمیر مستتر فاعل رَهْبَةً مصدر فِیْ صُدُوْرِهِمْ اس کے متعلق، مصدر اپنے متعلق سے مل کر تمیز، مِنَ اللّٰہِ جار با مجرور متعلق ہوئے اسم تفضیل با فاعل و تمیز و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم قَوْمٌ موصوف لَایَفْقَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صفت، موصوف با صفت خبر، اَنَّ با اسم و خبر مفرد کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا یُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِیْعًا اِلَّا فِیْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ؕ بَاْسُهُمْ بَیْنَهُمْ شَدِیْدٌ ؕ تَحْسَبُهُمْ جَمِیْعًا وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰی ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا یَعْقِلُوْنَ ⑭

**آیت نمبر ۱۴:** لَایُقَاتِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر منصوب ذو الحال جَمِیْعًا بمعنی مُجْتَمِعِیْنَ حال، ذو الحال با حال مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء لغو فِیْ جارہ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ مِنْ جارہ وَرَآءِ جُدُرٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ بَاْسُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، شَدِیْدٌ صیغہ صفت با ھُوَ مستتر فاعل اور بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تَحْسَبُ فعل اَنْتَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال جَمِیْعًا حال اولی، واؤ حالیہ قُلُوْبُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، شَتّٰی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال دوم، ذوالحال باحالین مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ مبتدا، باء جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم قَوْمٌ موصوف لَّا یَعْقِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت خبر، اِنَّ بااسم وخبر مفرد کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۱۵

**آیت نمبر ۱۵**: کاف جارہ مَثَلِ مضاف الَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ جارہ قَبْلِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف مَضَوْا کے، قَرِیْبًا مفعول فیہ، فعل باواؤ ضمیر فاعل و مفعول فیہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر مَثَلُهُمْ مبتدا محذوف کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذَاقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل وَبَالَ اَمْرِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱۶

**آیت نمبر ۱۶**: کاف جارہ مَثَلِ الشَّیْطٰنِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوا فعل محذوف اِسْتَقَرَّ کے، اِسْتَقَرَّ فعل هُوَ مستتر فاعل اِذْ مضاف قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لِلْاِنْسَانِ متعلق سے مل کر قول، اُكْفُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا اِسْتَقَرَّ کا، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف مَثَلُهُمْ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے کَفَرَ الْاِنْسَانُ، لَمَّا شرطیہ جازمہ مفعول فیہ مقدم کَفَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم بَرِیْٓءٌ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل اور مِنْكَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَللّٰهَ موصوف رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ۗ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۷

**آیت نمبر ۱۷**: فاء استینافیہ کَانَ ناقصہ عَاقِبَتَهُمَا مرکب اضافی خبر مقدم اَنَّ حرف تحقیق هُمَا ضمیر منصوب اسم فِی النَّارِ ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہوئے، کَائِنَانِ اسم فاعل هُمَا مستتر ذوالحال خَالِدَیْنِ اسم فاعل باهُمَا مستتر فاعل فِیْهَا متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل، کَائِنَانِ بافاعل و متعلق خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد کَانَ کا اسم مؤخر، کَانَ بااسم و خبر جملہ فعلیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

[illegible]

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَلْتَنظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۞

لغت نحو [illegible]

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللَّهَ فَأَنسَاهُمْ أَنفُسَهُمْ أُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ۞

لغت نحو [illegible]

لَا يَسْتَوِي أَصْحَابُ النَّارِ وَأَصْحَابُ الْجَنَّةِ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَائِزُونَ ۞

لغت نحو [illegible]

لَوْ أَنزَلْنَا هَٰذَا الْقُرْآنَ عَلَىٰ جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللَّهِ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ۞

لغت نحو [illegible]

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اسم یَتَفَکَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لَعَلَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر نَضْرِبُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾

**آیت نمبر ۲۲:** هُوَ ضمیر مبتدا، اَللّٰهُ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول لَا نفی جنس اِلٰهَ مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء هُوَ اس کے محل سے بدل ہے، مبدل منہ بابدل لَا کا اسم، اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، لَا اپنے اسم و خبر سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت خبر اوّل، عٰلِمُ صیغہ صفت مضاف اَلْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر دوم، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا، اَلرَّحْمٰنُ خبر اوّل، اَلرَّحِیْمُ خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾

**آیت نمبر ۲۳:** هُوَ ضمیر مبتدا، اَللّٰهُ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول لَا نفی جنس اِلٰهَ مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء هُوَ ضمیر اِلٰهَ کے محل سے بدل ہے، مبدل منہ بابدل لَا کا اسم، اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، لَا اپنے اسم و خبر سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت خبر اوّل، اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ یہ سب خبریں ہیں مبتدا باخبار تسعہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ سُبْحٰنَ مصدر مضاف اَللّٰهِ مضاف الیہ عَنْ جارہ مَا موصولہ یُشْرِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق، مصدر اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر مفعول مطلق ہوا فعل محذوف سَبَّحْتُ کا، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۴﴾

**آیت نمبر ۲۴:** هُوَ مبتدا اَللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ تمام اخبار سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَهٗ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یُسَبِّحُ فعل لَهٗ جار بامجرور اس کے متعلق مَا موصولہ فِیْ جارہ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف اِسْتَقَرَّ کے، اِسْتَقَرَّ فعل هُوَ مستتر فاعل و متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اور وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ کی ترکیب شروع سورت میں گزر چکی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ترکیب سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَ عَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَ قَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَ اِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ؕ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ ۗ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ۖ وَ اَنَا اَعْلَمُ بِمَاۤ اَخْفَيْتُمْ وَ مَاۤ اَعْلَنْتُمْ ؕ وَ مَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ①

**آیت نمبر ۱:** يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب بارہا گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تَتَّخِذُوْا فعل نہی واؤ ضمیر ذوالحال تُلْقُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل، كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال يُخْرِجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ اَنْ مصدریہ تُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اللّٰهِ مبدل منہ یا موصوف رَبِّكُمْ مرکب اضافی بدل یا صفت، مبدل منہ بابدل یا موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور تُؤْمِنُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتا ویل مصدر ہو کر يُخْرِجُوْنَ کا مفعول لہ، فعل بافاعل و مفعولین حال، ذوالحال باحال كَفَرُوْا کا فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ جَآءَ فعل هُوَ ضمیر ذوالحال مِنَ الْحَقِّ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَفَرُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال تُلْقُوْنَ کا فاعل اِلَيْهِمْ جار بامجرور متعلق اوّل، بِالْمَوَدَّةِ متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال لَا تَتَّخِذُوْا کا فاعل عَدُوِّيْ مرکب اضافی منصوب تقدیرًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَدُوَّكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ اوّل اَوْلِيَآءَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ ناقصہ تُمْ ضمیر مرفوع اسم خَرَجْتُمْ فعل بافاعل جِهَادًا مصدر فِيْ جارہ سَبِيْلِيْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور مصدر کے متعلق، مصدر با متعلق خود مفعول لہ، فعل بافاعل و مفعول لہ خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اس کی جزاء محذوف ہے فَلَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ... الخ تُسِرُّوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اَنَا ضمیر مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل اَنَا مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ اَخْفَيْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ اَعْلَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور اَعْلَمُ کے متعلق، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال تُسِرُّوْنَ کا فاعل، اِلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق اوّل بِالْمَوَدَّةِ ظرف لغو متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ (کشاف) واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَفْعَلْ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنْكُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل ہٗ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل، ضَلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل سَوَآءَ السَّبِیْلِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط اپنی جزاء سے مل کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ یَّثْقَفُوْکُمْ یَکُوْنُوْا لَکُمْ اَعْدَآءً وَّ یَبْسُطُوْٓا اِلَیْکُمْ اَیْدِیَهُمْ وَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَ وَدُّوْا لَوْ تَکْفُرُوْنَ ؕ۲

**آیت نمبر ۲**: اِنْ شرطیہ یَثْقَفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر شرط، یَکُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم لَکُمْ کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم اَعْدَآءً ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَبْسُطُوْا فعل اِلَیْکُمْ متعلق ہوئے اَیْدِیَهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْسِنَتَهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، بِالسُّوْٓءِ یَبْسُطُوْٓا کی ضمیر فاعل سے حال ہے (اعراب القرآن محمود صافی) فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ وَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَوْ بمعنی اَنْ مصدریہ تَکْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَنْ تَنْفَعَکُمْ اَرْحَامُکُمْ وَ لَآ اَوْلَادُکُمْ ۚ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ۚ یَفْصِلُ بَیْنَکُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۳

**آیت نمبر ۳**: لَنْ تَنْفَعَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَرْحَامُکُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَوْلَادُکُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا یَفْصِلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَیْنَکُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، بَاء جارہ مَا موصولہ تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم بَصِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَدْ کَانَتْ لَکُمْ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ فِیْٓ اِبْرٰهِیْمَ وَ الَّذِیْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْکُمْ وَ مِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۫ کَفَرْنَا بِکُمْ وَ بَدَا بَیْنَنَا وَ بَیْنَکُمُ الْعَدَاوَۃُ وَ الْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰی تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِیْمَ لِاَبِیْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَکَ وَ مَآ اَمْلِکُ لَکَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ رَبَّنَا عَلَیْکَ تَوَکَّلْنَا وَ اِلَیْکَ اَنَبْنَا وَ اِلَیْکَ الْمَصِیْرُ ۴

**آیت نمبر ۴**: قَدْ علامت فعل، کَانَتْ فعل ناقص لَکُمْ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر خبر مقدم اُسْوَۃٌ موصوف حَسَنَۃٌ صفت اولی، فِیْ جارہ اِبْرٰهِیْمَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اٰمَنُوْا کا، فعل باواؤ ضمیر فاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء قَوْلَ مصدر مضاف اِبْرٰهِیْمَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مضاف الیہ معنًی فاعل لِاَبِيْهِ متعلق، مصدر مضاف بامضاف الیہ معنًی فاعل و متعلق سے مل کر قول، لَام موطئہ للقسم یہاں قسم محذوف ہے وَاللّٰہِ ، اَسْتَغْفِرَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل لَكَ جار بامجرور متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَمْلِكُ فعل اَنَا مستتر فاعل لَكَ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ زائدہ شَيْءٍ محلًا منصوب ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم مقولہ، قول بامقولہ مستثنٰی متصل، مستثنٰی منہ بامستثنٰی مجرور، جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت دوم، موصوف باصفتین اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِذْ ظرف زمان مضاف قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِقَوْمِهِمْ متعلق سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم بُرَءٰٓؤُا صیغہ صفت نَحْنُ مستتر فاعل مِنْكُمْ ظرف لغو معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ مَا موصولہ تَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بُرَءٰٓؤُا کے متعلق، صیغہ صفت بافاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ ہوا اِذْ کا، مضاف بامضاف الیہ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ کا بدل الاشتمال ہوا۔ كَفَرْنَا فعل نَا ضمیر متصل فاعل بِكُمْ ظرف لغو متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَدَا فعل بَيْنَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَيْنَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول فیہ، الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ معطوف علیہ بامعطوف فاعل اَبَدًا مفعول فیہ ثانی حَتّٰى جارہ اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدر ہے تُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَا جارہ اَللّٰهِ ذوالحال وَحْدَهٗ مرکب اضافی مُتَوَحِّدًا کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور تُؤْمِنُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے بَدَا کے، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال ہوا بُرَءٰٓؤُا کی ضمیر فاعل سے۔

رَبَّنَا دراصل يَا رَبَّنَا ہے يَا حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، رَبَّنَا مفعول بہ سے مل کر نداء، تَوَكَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْكَ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْكَ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِلَيْكَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْمَصِيْرُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ ندائیہ ہو کر اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ کے قول کے مقولہ کا تتمہ ہے۔

## رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

**آیت نمبر ۵:** رَبَّنَا دراصل يَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے لَا تَجْعَلْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل فِتْنَةً موصوف لَام جارہ الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، دونوں مل کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ ندائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبَّنَا دراصل يَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اِغْفِرْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَنَا متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب نداء معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ قول کے تتمہ میں سے ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اس کا اسم اَنْتَ ضمیر مبتدا، الْعَزِيْزُ خبر اوّل اور الْحَكِيْمُ خبر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ثانی سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيهِمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ ۚ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٦﴾

**آیت نمبر ۶**: لَام موطئہ للقسم یہاں وَاللّٰہ، قسم مقدر ہے قَدْ علامت فعل، کَانَ فعل ناقص لَکُمْ جار بامجرور مبدل منہ لَام جارہ مَنْ موصولہ کَانَ ناقصہ ھُوَ مستتر اس کا اسم یَرْجُوا فعل ھُوَ مستتر فاعل اَللّٰہَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْیَوْمَ الْاٰخِرَ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور بدل البعض، مبدل منہ بابدل ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہوئے، فِیْھِمْ ظرف لغو کَائِنَۃٌ کے متعلق، اسم فاعل بافاعل و متعلقین خبر مقدم، اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ مرکب توصیفی اسم مؤخر ہوا، فعل ناقص بااسم وخبر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، یَتَوَلَّ فعل باھُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اس کی جزاء محذوف ہے فَاِنَّ وَبَالَ تَوَلِّیْہِ کَائِنٌ عَلٰی نَفْسِہٖ، شرط باجزاء خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا اَلْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

عَسَى اللَّهُ أَن يَجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِينَ عَادَيْتُم مِّنْهُم مَّوَدَّةً ۚ وَاللَّهُ قَدِيرٌ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٧﴾

**آیت نمبر ۷**: عَسٰی فعل مقارب اَللّٰہُ اس کا اسم اَنْ ناصبہ یَجْعَلَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل بَیْنَکُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَیْنَ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول عَادَیْتُمْ فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَجْعَلَ کے مفعول ثانی کی جگہ میں ہے مَوَدَّۃً مفعول اوّل، فعل بافاعل ومفعولین بتاویل مصدر خبر، فعل مقارب بااسم وخبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ اَللّٰہُ مبتدا، قَدِیْرٌ خبر سے مل کر مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰہُ مبتدا غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

لَّا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ أَن تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ﴿٨﴾

**آیت نمبر ۸**: لَا یَنْھٰی فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰہُ فاعل عَنْ جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَمْ یُقَاتِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِی الدِّیْنِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ یُخْرِجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ دِیَارِکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبدل منہ اَنْ ناصبہ تَبَرُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُقْسِطُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْھِمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بتاویل مصدر محلًا مجرور بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور لَا یَنْھٰی کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم یُحِبُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْمُقْسِطِیْنَ مفعول بہ سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اِنَّمَا یَنْھٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِیْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِی الدِّیْنِ وَ اَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِیَارِكُمْ وَ ظٰھَرُوْا عَلٰٓی اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْھُمْ ۚ وَ مَنْ یَّتَوَلَّھُمْ فَاُولٰٓئِكَ ھُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹﴾

**آیت نمبر ۹:** اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یَنْھٰی فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل عَنْ جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول قَاتَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِی الدِّیْنِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخْرَجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ دِیَارِکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ظَاھَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰٓی اِخْرَاجِکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ مبدل منہ اَنْ ناصبہ تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر محلًا مجرور بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور یَنْھٰی کے متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، یَتَوَلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ مبتدا، ھُمْ ضمیر فصل الظّٰلِمُوْنَ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُھٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْھُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِیْمَانِھِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْھُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْھُنَّ اِلَی الْكُفَّارِ ؕ لَا ھُنَّ حِلٌّ لَّھُمْ وَ لَا ھُمْ یَحِلُّوْنَ لَھُنَّ ؕ وَ اٰتُوْھُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ؕ وَ لَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْھُنَّ اِذَآ اٰتَیْتُمُوْھُنَّ اُجُوْرَھُنَّ ؕ وَ لَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَ سْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقْتُمْ وَ لْیَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ؕ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ یَحْكُمُ بَیْنَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ﴿۱۰﴾

**آیت نمبر ۱۰:** یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا کی ترکیب بہت مرتبہ گذر چکی ہے اور یہ نداء ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَلْمُؤْمِنٰتُ مُھٰجِرٰتٍ ذوالحال باحال فاعل سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِمْتَحِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُنَّ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اَللّٰهُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل بِاِیْمَانِھِنَّ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ فاء تفصیلیہ اِنْ شرطیہ عَلِمْتُمُوْا فعل بافاعل ھُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل مُؤْمِنٰتٍ مفعول بہ ثانی سے مل کر شرط، فاء جزائیہ لَا تَرْجِعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُنَّ ضمیر مفعول بہ اِلَی الْکُفَّارِ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ لَا نافیہ ھُنَّ ضمیر منفصل مبتدا، حِلٌّ مصدر لَھُمْ اپنے متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ ھُمْ ضمیر مرفوع مبتدا، یَحِلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَھُنَّ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مُعلّلہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اٰتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل مَا موصولہ اَنْفَقُوْا فعل واؤ

www.KitaboSunnat.com



ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَا نفی جنس جُنَاحَ مصدر اَنْ ناصبہ تَنْكِحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اس کی اصل فِیْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ ہے، جار با مجرور جُنَاحَ کے متعلق ہے، جُنَاحَ متعلق سے مل کر لَا کا اسم، عَلَيْكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ دال بر جزاء یا جزاء مقدم، اِذَا شرطیہ اٰتَيْتُمُوْا فعل بافاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ اوّل، اُجُوْرَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر شرط، شرط دال بر جزاء مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تُمْسِكُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ عِصَمِ الْكَوَافِرِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْئَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ اَنْفَقْتُمْ فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لِيَسْئَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ اَنْفَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، حُكْمُ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال يَحْكُمُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، عَلِيْمٌ خبر اوّل حَكِيْمٌ خبر ثانی سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اِنْ فَاتَكُمْ شَیْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَاۤ اَنْفَقُوْا ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْۤ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾

**آیت نمبر ۱۱:** واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ فَاتَ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ شَیْءٌ فاعل مِنْ جارہ اَزْوَاجِكُمْ مرکب اضافی ذوالحال اِلَى الْكُفَّارِ ظرف مستقر ذَاهِبَاتٍ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ عَاقَبْتُمْ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، فاء جزائیہ اٰتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الَّذِيْنَ اسم موصول ذَهَبَتْ فعل اَزْوَاجُهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ اوّل، مِثْلَ مضاف مَا موصولہ اَنْفَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اللّٰهَ موصوف الَّذِیْ اسم موصول اَنْتُمْ ضمیر مرفوع مبتدا، مُؤْمِنُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ یُبَایِعْنَكَ عَلٰۤى اَنْ لَّا یُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَیْــٴًـا وَّ لَا یَسْرِقْنَ وَ لَا یَزْنِیْنَ وَ لَا یَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَ لَا یَاْتِیْنَ بِبُهْتَانٍ یَّفْتَرِیْنَهٗ بَیْنَ اَیْدِیْهِنَّ وَ اَرْجُلِهِنَّ وَ لَا یَعْصِیْنَكَ فِیْ مَعْرُوْفٍ فَبَایِعْهُنَّ وَ اسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۲﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۱۴:** واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰی فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مَا استفہامیہ مبتدا،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



یَوْمُ الْفَصْلِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۵

**آیت نمبر ۱۵**: وَيْلٌ موصوف یَوْمَئِذٍ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، لِلْمُكَذِّبِيْنَ جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۶ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ۝۱۷

**آیت نمبر ۱۶، ۱۷**: هَمزہ برائے استفہام تقریری لَمْ نُهْلِكِ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْاَوَّلِيْنَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ نُتْبِعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، الْاٰخِرِيْنَ مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ۝۱۸

**آیت نمبر ۱۸**: نَفْعَلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِالْمُجْرِمِيْنَ ظرف لغو متعلق ہوئے كَذٰلِكَ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر فِعْلًا مصدر محذوف کی صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق مقدم ہوا، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۹

**آیت نمبر ۱۹**: وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝۲۰ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝۲۱ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۝۲۲

فَقَدَرْنَا ۖ فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ۝۲۳

**آیت نمبر ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳**: هَمزہ برائے استفہام تقریری لَمْ نَخْلُقْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ جارہ مَآءٍ مَّهِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق لفظًا جملہ انشائیہ معنًی جملہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَعَلْنَا بمعنی خَلَقْنَا فعل بافاعل ہٗ ضمیر منصوب ذوالحال اِلٰى جارہ قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر مُؤَخَّرًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فِيْ جارہ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور فعل کے متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ قَدَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ نِعْمَ فعل مدح الْقٰدِرُوْنَ فاعل، فعل بافاعل خبر مقدم مخصوص بالمدح مبتدا محذوف ہے نَحْنُ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۲۴

**آیت نمبر ۲۴**: وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًاۙ۝۲۵ اَحْيَآءً وَّ اَمْوَاتًاۙ۝۲۶ وَّ جَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّ اَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًاؕ۝۲۷

**آیت نمبر ۲۵، ۲۶، ۲۷:** ھمزہ برائے استفہام تقریری لَمْ نَجْعَلْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْاَرْضَ مفعول بہ اوّل، كِفَاتًا یہ كَافِتٌ کی جمع اسم فاعل اَحْيَآءً وَّ اَمْوَاتًا معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول بہ لَمْ نَجْعَلْ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین لفظًا جملہ انشائیہ معنًی جملہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا بمعنی خَلَقْنَا فعل بافاعل فِيْهَا اس کے متعلق ہوئے رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَسْقَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مَآءً فُرَاتًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ۝۲۸

www.kitabosunnat.com

**آیت نمبر ۲۸:** وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

اِنْطَلِقُوْۤا اِلٰى مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَۚ۝۲۹ اِنْطَلِقُوْۤا اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍۙ۝۳۰ لَّا ظَلِيْلٍ وَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِؕ۝۳۱ اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِۚ۝۳۲ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌؕ۝۳۳

**آیت نمبر ۲۹، ۳۰، ۳۱، ۳۲، ۳۳:** اِنْطَلِقُوْۤا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰى جارہ مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم بِهٖ جار بامجرور متعلق مقدم تُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ مؤکدہ، اِنْطَلِقُوْۤا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰى جارہ ظِلٍّ موصوف ذِيْ مضاف ثَلٰثِ شُعَبٍ ممیز باتمیز مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ صفت اولی، لَا ظَلِيْلٍ بمعنی غَيْرِ ظَلِيْلٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ يُغْنِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ اللَّهَبِ متعلق سے مل کر محلًا مجرور غَيْرِ مُغْنٍ کے معنی میں ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور اِنْطَلِقُوْۤا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر تاکید ہے، مؤکد باتاکید قول محذوف کا مقولہ ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر منصوب اس کا اسم تَرْمِيْ فعل هِيَ مستتر فاعل بِ جارہ شَرَرٍ موصوف كَالْقَصْرِ ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت اولی، كَاَنَّ حرف تشبیہ ہٗ ضمیر منصوب اسم جِمٰلَتٌ صُفْرٌ مرکب توصیفی خبر، كَاَنَّ بااسم و خبر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور تَرْمِيْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ۝۳۴

**آیت نمبر ۳۴:** وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَۙ۝۳۵ وَ لَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ۝۳۶

**آیت نمبر ۳۵، ۳۶:** هٰذَا محلًا مرفوع مبتدا، يَوْمُ مضاف لَا يَنْطِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



لَا یُؤْذَنُ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ یَعْتَذِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف ہوا، معطوف علیہ با معطوف یَوْمُ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۷﴾

**آیت نمبر ۳۷:** وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۚ جَمَعْنٰكُمْ وَالْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ﴿۳۹﴾

**آیت نمبر ۳۸، ۳۹:** هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، يَوْمُ الْفَصْلِ مرکب اضافی خبر اوّل، جَمَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ واؤ بمعنی مَعَ" الْاَوَّلِيْنَ مفعول معہ سے مل کر خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یا جَمَعْنَا محلاً منصوب يَوْمُ الْفَصْلِ سے حال ہے۔ فَاء عاطفہ اِنْ شرطیہ كَانَ ناقصہ لَكُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم كَيْدٌ اسم مؤخر، كَانَ اپنے اسم و خبر سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ كِيْدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۰﴾

**آیت نمبر ۴۰:** وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّ عُيُوْنٍ ﴿۴۱﴾ وَّ فَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۴۲﴾ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۴۴﴾

**آیت نمبر ۴۱، ۴۲، ۴۳، ۴۴:** اِنَّ حرف تحقیق الْمُتَّقِيْنَ اس کا اسم فِيْ جارہ ظِلٰلٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عُيُوْنٍ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ فَوَاكِهَ موصوف مِنْ جارہ مَا موصولہ يَشْتَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین فِيْ کا مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، كَائِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر ذوالحال كُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِشْرَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَنِيْٓـًٔا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور هَنِيْٓـًٔا کے متعلق، صیغہ صفت با فاعل و متعلق صفت شُرْبًا موصوف محذوف کی، موصوف با صفت مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ ہوا يُقَالُ فعل محذوف قول کا، قول با مقولہ حال، ذوالحال با حال فاعل ہوا، كَائِنُوْنَ اسم فاعل با فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم نَجْزِيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْمُحْسِنِيْنَ مفعول بہ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت ہوئی موصوف محذوف جَزَآءً کی، موصوف با صفت مفعول مطلق ہوا، فعل با فاعل و مفعولین خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلِّلہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## وَیْلٌ یَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ﴿۴۵﴾ كُلُوْا وَ تَمَتَّعُوْا قَلِیْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۴۶﴾

**آیت نمبر ۴۶،۴۵**: وَیْلٌ موصوف یَوْمَىِٕذٍ مرکب اضافی کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، لام جارہ الْمُكَذِّبِیْنَ ذوالحال كُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَمَتَّعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قَلِیْلًا "زَمَانًا" موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ ہوا قول محذوف یُقَالُ لَهُمْ کا، قول بامقولہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر وَیْلٌ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم مُجْرِمُوْنَ اسم فاعل باأَنْتُمْ مستتر فاعل خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

## وَیْلٌ یَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ﴿۴۷﴾

**آیت نمبر ۴۷**: وَیْلٌ یَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

## وَاِذَا قِیْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا یَرْكَعُوْنَ ﴿۴۸﴾

**آیت نمبر ۴۸**: واؤ استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِیْلَ فعل مجہول لَهُمْ جار بامجرور نائب فاعل سے مل کر قول، ارْكَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ شرط، لَا یَرْكَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## وَیْلٌ یَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ﴿۴۹﴾

**آیت نمبر ۴۹**: وَیْلٌ یَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

## فَبِاَیِّ حَدِیْثٍۭ بَعْدَهٗ یُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۰﴾

**آیت نمبر ۵۰**: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ یُؤْمِنُوْا بِالْقُرْآنِ، باء جارہ اَیِّ مضاف حَدِیْثٍ موصوف بَعْدَهٗ مرکب اضافی کَائِنٍ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم یُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل ومتعلق مقدم جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ترکیب سُوْرَۃُ النَّبَاِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝١ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۝٢ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۝٣

**آیت نمبر ۱،۲،۳:** عَنْ حرف جر مَا استفہامیہ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے يَتَسَآءَلُوْنَ کے، يَتَسَآءَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل و متعلق مقدم جملہ انشائیہ مبیّن عَنْ حرف جر النَّبَاِ موصوف الْعَظِيْمِ پہلی صفت، الَّذِيْ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا فِيْهِ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق مقدم ہوئے مُخْتَلِفُوْنَ کے، مُخْتَلِفُوْنَ اسم فاعل اپنے هُمْ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ النَّبَاِ کی دوسری صفت، موصوف دونوں صفتوں کے ساتھ مل کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر متعلق ہوا فعل محذوف يَتَسَآءَلُوْنَ کا، يَتَسَآءَلُوْنَ اپنے واؤ ضمیر فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر عطف بیان یا جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝٤ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝٥

**آیت نمبر ۴،۵:** كَلَّا حرف ردع سین علامت فعل يَعْلَمُوْنَ فعل اپنے واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مؤکد، ثُمَّ عاطفہ كَلَّا حرف ردع سین علامت فعل يَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل اور مَا يَحِلُّ بِهِمْ مفعول بہ محذوف سے مل کر تاکید، اور یوں بھی کہہ سکتے ہیں كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ معطوف۔

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۝٦ وَّ الْجِبَالَ اَوْتَادًا ۝٧ وَّ خَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۝٨ وَّ جَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۝٩ وَّ جَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۝١٠ وَّ جَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝١١ وَّ بَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝١٢ وَّ جَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝١٣ وَّ اَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۝١٤ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّ نَبَاتًا ۝١٥ وَّ جَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝١٦

**آیت نمبر ۶،۷،۸،۹،۱۰،۱۱،۱۲،۱۳،۱۴،۱۵،۱۶:** همزہ حرف استفہام تقریری لَمْ نَجْعَلْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْاَرْضَ مفعول بہ اوّل اور مِهٰدًا مفعول بہ ثانی، واؤ عاطفہ اور الْجِبَالَ کا عطف الْاَرْضَ پر ہے، اور اَوْتَادًا کا عطف مِهٰدًا پر ہے، فعل اپنے فاعل اور مفعولین سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَلَقْنَا فعل بافاعل كُمْ ضمیر ذوالحال اَزْوَاجًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اور جَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اور جَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اور جَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف رابع، اور مَعَاشًا کو ظرف بنا کر مفعول فیہ بھی بنا سکتے ہیں واؤ عاطفہ بَنَيْنَا فعل بافاعل فَوْقَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سَبْعًا شِدَادًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ و مفعول بہ معطوف خامس، واؤ عاطفہ اور جَعَلْنَا فعل بافاعل سِرَاجًا وَّهَّاجًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف سادس، واؤ عاطفہ اَنْزَلْنَا فعل بافاعل مِنَ الْمُعْصِرٰتِ جار بامجرور متعلق اوّل مَآءً ثَجَّاجًا موصوف باصفت مفعول بہ، لام حرف جر برائے تعلیل نُخْرِجَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِهٖ جار بامجرور متعلق ہوا نُخْرِجَ کا حَبًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَبَاتًا معطوف اوّل، واؤ عاطفہ جَنّٰتٍ اَلْفَافًا موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین نُخْرِجَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی ہوا اَنْزَلْنَا کا، فعل بافاعل اور متعلقین و مفعول بہ معطوف سابع، معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا

**سوال:** اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ معطوف علیہ جملہ انشائیہ ہے اس لئے کہ اس کے شروع میں ھمزہ استفہام ہے اور باقی جملے خبریہ ہیں۔ تو جملہ خبریہ کا عطف جملہ انشائیہ پر کیسے درست ہوگا؟

**جواب:** اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ باعتبار لفظ کے تو جملہ انشائیہ ہے اور باعتبار معنی کے جملہ خبریہ ہے۔ کیونکہ ھمزہ استفہام تقریری کے لئے ہے اور اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ جَعَلْنَا الْاَرْضَ کے معنی میں ہے لہذا جملہ خبریہ کا جملہ خبریہ پر عطف ہے۔

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿۱۷﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿۱۸﴾ وَّ فُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿۱۹﴾ وَّ سُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿۲۰﴾

**آیت نمبر ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰:** اِنَّ حرف مشبہ بالفعل يَوْمَ الْفَصْلِ مرکب اضافی مبدل منہ يَوْمَ مضاف يُنْفَخُ فعل مجہول فِي الصُّوْرِ جار بامجرور نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ تَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال اَفْوَاجًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فُتِحَتِ السَّمَآءُ فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ كَانَتْ اَبْوَابًا فعل ناقص اپنے اسم هِيَ ضمیر اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا کا پہلا معطوف، واؤ عاطفہ سُيِّرَتِ الْجِبَالُ فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ كَانَتْ سَرَابًا فعل ناقص اپنے هِيَ ضمیر اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا کا دوسرا معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوفین سے مل کر يُنْفَخُ کا معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، پھر مضاف بامضاف الیہ بدل يَوْمَ الْفَصْلِ کا، مبدل منہ بابدل اِنَّ کا اسم، كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اپنے اسم اور مِيْقَاتًا خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿۲۱﴾ لِّلطَّاغِيْنَ مَاٰبًا ﴿۲۲﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿۲۳﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿۲۴﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّ غَسَّاقًا ﴿۲۵﴾

**آیت نمبر ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵:** اِنَّ حرف مشبہ بالفعل جَهَنَّمَ اِنَّ کا اسم كَانَتْ فعل ناقص هِيَ ضمیر اس کا اسم مِرْصَادًا موصوف لام حرف جر الطَّاغِيْنَ اسم فاعل اس کے اندر هُمْ ضمیر ذوالحال لّٰبِثِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل فِيْهَا جار بامجرور لّٰبِثِيْنَ کا متعلق اَحْقَابًا موصوف لَا يَذُوْقُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل فِيْهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوا لَا يَذُوْقُوْنَ کا، بَرْدًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ شَرَابًا مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء حَمِيْمًا وَّ غَسَّاقًا معطوف علیہ بامعطوف بدل، مبدل منہ بابدل معطوف، معطوف علیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بامعطوف لَایَذُوْقُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَحْقَابًا کی صفت، موصوف باصفت مفعول فیہ لٰبِثِیْنَ کا، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ حال، ذوالحال باحال فاعل ہوا الطَّاغِیْنَ کا، اسم فاعل بافاعل مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے کَانَتْ کے، کَانَتْ اپنے ھُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر مِرْصَادًا کی صفت، موصوف باصفت مبدل منہ مَاٰبًا بدل، مبدل منہ بابدل کَانَتْ کی خبر، فعل ناقص بااسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

**فائدہ**: مِرْصَادًا کو پہلی خبر اور مَاٰبًا کو کَانَتْ کی دوسری خبر بھی بنا سکتے ہیں اور لَا یَذُوْقُوْنَ کو لٰبِثِیْنَ کی ھُمْ ضمیر سے حال بھی بنا سکتے ہیں

## جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿۲۶﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿۲۷﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿۲۸﴾

**آیت نمبر ۲۶، ۲۷، ۲۸**: جَزَآءً موصوف وِفَاقًا صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق ہوا فعل محذوف جُوْزُوْا کا، جُوْزُوْا فعل مجہول اپنے نائب فاعل (یعنی واؤ ضمیر) اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معلّل ہوا، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ھُمْ ضمیر اِنَّ کا اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم لَا یَرْجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل حِسَابًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ کَانُوْا کی خبر، فعل ناقص بااسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جر اٰیٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَذَّبُوْا کے متعلق کِذَّابًا مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، پھر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معلِّل، معلَّل اپنے معلِّل سے مل کر جملہ معلّلہ مستانفہ ہوا۔

**فائدہ**: معلَّل اور معلِّل کو لَایَذُوْقُوْنَ کی واؤ ضمیر سے حال بھی بنا سکتے ہیں باقی ترکیب وہی ہے جو اوپر لکھی ہے۔

## وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿۲۹﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿۳۰﴾

**آیت نمبر ۲۹، ۳۰**: وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا یہ اصل میں وَاَحْصَیْنَا کُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنَاهُ کِتٰبًا ہے اور ترکیب اس طرح ہے واؤ عاطفہ اَحْصَیْنَا فعل بافاعل اور کُلَّ شَیْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسَّر اَحْصَیْنَا فعل بافاعل ہٗ ضمیر ذوالحال کِتٰبًا بمعنی مَكْتُوْبًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسِّر، مفسَّر اپنے مفسِّر سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔ اور کِتٰبًا کو اَحْصَیْنَا کا مِنْ غیر لفظہٖ مفعول مطلق بھی بنا سکتے ہیں۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل معلَّل فَاء تعلیلیہ لَنْ نَّزِیْدَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اول، اِلَّا حرف استثناء لغو عَذَابًا مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معلِّل، پھر معلَّل بامعلِّل جزاء ہوئی اِذَا كَذَّبْتُمْ بِاٰیٰتِنَا شرط محذوف کی، پھر شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

رکوع نمبر ۲

## اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿۳۱﴾ حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿۳۲﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿۳۳﴾ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿۳۴﴾

**آیت نمبر ۳۱، ۳۲، ۳۳، ۳۴**: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل لِلْمُتَّقِیْنَ جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مقدم مَفَازًا مبدل منہ حَدَآئِقَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْنَابًا پہلا معطوف، واؤ عاطفہ کَوَاعِبَ اَتْرَابًا موصوف باصفت دوسرا معطوف، واؤ عاطفہ کَاْسًا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دِهَاقًا موصوف باصفت معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ بدل البعض، مبدل منہ بابدل اِنَّ کا اسم موخر، اِنَّ اپنی خبر مقدم اور اسم موخر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

## لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ﴿۳۵﴾

**آیت نمبر ۳۵:** لَایَسْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهَا جار بامجرور متعلق لَایَسْمَعُوْنَ کا لَغْوًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ کِذّٰبًا معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر محلاً منصوب حال اَبِق کی صفت ہے۔

## جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿۳۷﴾

**آیت نمبر ۳۶، ۳۷:** جَزَآءً موصوف مِنْ حرف جر رَبِّكَ مرکب اضافی مبدل منہ رَبِّ مضاف السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضِ پہلا معطوف، واؤ عاطفہ مَا موصولہ بَیْنَهُمَا مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، ثَبَتَ فعل اپنے هُوَ ضمیر اور مفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین رَبِّ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ یا موصوف الرَّحْمٰنِ بدل یا صفت، مبدل منہ بابدل یا موصوف باصفت بدل ہوا رَبِّكَ کا، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہوا، کَائِنًا اسم فاعل هُوَ ضمیر اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جَزَآءً کی صفت، موصوف باصفت مبدل منہ عَطَآءً حِسَابًا موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل مفعول مطلق ہوا فعل محذوف جَزٰی کا، جَزٰی فعل اپنے هُوَ ضمیر فاعل و مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَایَمْلِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ جار بامجرور متعلق ہوا فعل کا خِطَابًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا یا الرَّحْمٰنِ کا حال ہے۔

## يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙۚ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾

**آیت نمبر ۳۸، ۳۹:** يَوْمَ مضاف يَقُوْمُ فعل الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال صَفًّا اسم فاعل کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل يَقُوْمُ کا، فعل بافاعل مضاف الیہ ہوا يَوْمَ کا، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم ہوا لَا يَتَكَلَّمُوْنَ کا، لَایَتَكَلَّمُوْنَ فعل واؤ ضمیر مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء لغو مَنْ موصولہ اَذِنَ فعل لَهٗ جار بامجرور اَذِنَ کا متعلق ہوا، الرَّحْمٰنُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل صَوَابًا در اصل قَوْلًا صَوَابًا ہے۔ اور قَوْلًا صَوَابًا موصوف باصفت مفعول مطلق ہوا، فعل بافاعل و مفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف موصول کا صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ بابدل لَایَتَكَلَّمُوْنَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یا الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ سے حال ہے۔ یوں بھی کہہ سکتے ہیں يَوْمَ لَایَمْلِكُوْنَ کا مفعول فیہ ہے اور لَایَتَكَلَّمُوْنَ جملہ لَایَمْلِكُوْنَ کی تاکید ہے۔ ذٰلِكَ مبتدا الْيَوْمُ موصوف الْحَقُّ صفت، موصوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور یوں بھی کہہ سکتے ہیں ذٰلِكَ الْیَوْمُ موصوف باصفت یا مبدل منہ بابدل یا مبیَّن اور عطف بیان سے مل کر مبتدا اور الْحَقُّ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ مَنْ شرطیہ مبتدا شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل شرط، اتَّخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَاٰبًا مفعول بہ اور اِلٰی رَبِّهٖ كَآئِنًا کے متعلق ہو کر مَاٰبًا کا حال مقدم ہے اور مفعول بہ اوّل محذوف ہے اَلْاِیْمَانَ، فعل اپنے فاعل و مفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط اپنی جزاء سے مل کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، ہے شرط محذوف اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ کی، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم كَانَ فعل ناقص الْاَمْرُ اس کا اسم كَذٰلِكَ جار با مجرور كَآئِنًا کے متعلق ہو کر كَانَ کی خبر، فعل ناقص بااسم و خبر و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِیْبًا ۚۖ یَّوْمَ یَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ یَدٰهُ وَ یَقُوْلُ الْكٰفِرُ یٰلَیْتَنِیْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾

**آیت نمبر ۴۰:** اِنَّ حرف مشبہ بالفعل نَا ضمیر اس کا اسم اَنْذَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، عَذَابًا موصوف قَرِیْبًا صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یَوْمَ مضاف یَنْظُرُ فعل الْمَرْءُ فاعل مَا موصولہ قَدَّمَتْ فعل یَدٰهُ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ یَنْظُرُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَقُوْلُ فعل الْكٰفِرُ فاعل، فعل بافاعل قول، یَا ء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل منادٰی محذوف قَوْمِیْ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، لَیْتَ حرف تمنی نون وقایہ کا، یَاء ضمیر اس کا اسم كُنْتُ فعل ناقص تائے مضمومہ اس کا اسم تُرٰبًا خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر لَیْتَ کی خبر، لَیْتَ بااسم و خبر جواب نداء، پھر نداء باجواب نداء مقولہ ہوا قول کا، قول بامقولہ معطوف ہوا، معطوف علیہ بامعطوف یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا كَآئِنًا کا، پھر یہ عَذَابًا کی صفت ثانیہ ہوئی باقی ترکیب اوپر لکھ دی ہے۔

۲۰۱۲ء,۱۰,۱۵اکو رات ۹:۳۰ پر ترکیب کی تکمیل ہوئی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ترکیب سُوْرَۃُ النّٰزِعٰتِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۝۱ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۝۲ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ۝۳ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۝۴ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۝۵ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝۶ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝۷

**آیت نمبر** ۱،۲،۳،۴،۵،۶،۷: واؤ قسمیہ جارہ الْ اسم موصول نٰزِعٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں هُنَّ ضمیر فاعل غَرْقًا بمعنی اِغْرَاقًا مفعول مطلق مِن غیر لفظہ، اسم فاعل بافاعل ومفعول مطلق شبہ جملہ ہوکر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْ اسم موصول نٰشِطٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں هُنَّ ضمیر فاعل نَشْطًا مفعول مطلق، اسم فاعل بافاعل ومفعول مطلق شبہ جملہ ہوکر صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الْ اسم موصول سٰبِحٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں هُنَّ ضمیر فاعل سَبْحًا مفعول مطلق، اسم فاعل بافاعل ومفعول مطلق صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، فاء عاطفہ الْ اسم موصول سٰبِقٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں هُنَّ ضمیر فاعل سَبْقًا مفعول مطلق، اسم فاعل بافاعل ومفعول مطلق صلہ، موصول باصلہ معطوف ثالث، فاء عاطفہ الْ اسم موصول مُدَبِّرٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں هُنَّ ضمیر فاعل اَمْرًا مفعول بہ اسم فاعل بافاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق فعل محذوف اُقْسِمُ کا، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر قسم، جواب قسم، محذوف ہے لَتُبْعَثُنَّ، لَتُبْعَثُنَّ فعل مجہول واؤ مقدرہ ضمیر مرفوع متصل نائب فاعل يَوْمَ مضاف تَرْجُفُ فعل الرَّاجِفَةُ ذوالحال تَتْبَعُ فعل هَا ضمیر مفعول بہ الرَّادِفَةُ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال، ذوالحال باحال تَرْجُفُ کا فاعل، فعل بافاعل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا لَتُبْعَثُنَّ کا، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۝۸ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝۹

**آیت نمبر** ۸،۹: قُلُوْبٌ موصوف يَوْمَئِذٍ مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم وَاجِفَةٌ کا، وَاجِفَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل ومفعول فیہ شبہ جملہ ہوکر صفت، موصوف باصفت مبتدا اَبْصَارُهَا مضاف بامضاف الیہ مبتدا خَاشِعَةٌ اسم فاعل اپنے هِيَ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر پہلے مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ۝۱۰

**آیت نمبر** ۱۰: يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل قول، هَمزہ استفہامیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اِنَّ کا اسم لَام تاکیدیہ مَرْدُوْدُوْنَ اسم مفعول اس کے اندر نَحْنُ نائب فاعل فِي الْحَافِرَةِ جار بامجرور متعلق ہوا اسم مفعول کا، اسم مفعول بانائب فاعل ومتعلق اِنَّ کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ خبر ہوئی مبتدا محذوف ھُمْ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**فائدہ** :فِی الْحَافِرَةِ کوکَائِنِیْنَ کے متعلق کر کے مَرْدُوْدُوْنَ کے نائب فاعل سے حال بنانا بھی جائز ہے اور اس صورت میں حرف فِیْ اپنے معنی میں ہوگا اور اَلْحَافِرَةِ سے مراد وہ زمین ہوگی جس میں کفار کی قبریں ہیں اور پہلی ترکیب میں حرف فِیْ اِلٰی کے معنی میں تھا۔

## ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ﴿١١﴾

**آیت نمبر ۱۱**:ھمزۃ استفہامیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم عِظَامًا نَّخِرَةً مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر ومفعول فیہ مقدم شرط جزاء محذوف نُرَدُّ کی، نُرَدُّ فعل مجہول نَحْنُ مستتر نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ﴿١٢﴾

**آیت نمبر ۱۲**: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل قول ہوا، تِلْكَ مبتدا اِذًا حرف جواب و جزاء غیر عامل كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر مقولہ مفعول بہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ شد۔

## فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿١٣﴾

**آیت نمبر ۱۳**:فَاء برائے تعلیل اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ هِيَ مبتدا زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر خود جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مُعَلِّل برائے مُعَلَّل محذوف کے اور وہ ہے لَا تَسْتَصْعِبُوْهَا (تم اس کو مشکل مت خیال کرو) اور یہ فعل نہی بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر مُعَلَّل۔

## فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ﴿١٤﴾

**آیت نمبر ۱۴**:فَاء فصیحہ هُمْ ضمیر مبتدا بَاء حرف جر السَّاهِرَةِ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہوا، اور کَائِنُوْنَ اسم فاعل اس میں هُمْ ضمیر فاعل اِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و متعلق ومفعول فیہ خبر، مبتدا باخبر خود جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء ہوئی شرط محذوف کے لئے اور وہ اِذَا نُفِخَتِ الصُّوْرُ ہے۔

## هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿١٥﴾ اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٦﴾

**آیت نمبر ۱۵،۱۶**: هَلْ حرف استفہام اَتٰى فعل کَ ضمیر مفعول بہ حَدِيْثُ صیغہ صفت مضاف مُوْسٰى مضاف الیہ معنًی فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف نَادٰى فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ رَبُّهٗ مرکب اضافی فاعل بَاء حرف جر الْوَادِ الْمُقَدَّسِ مرکب توصیفی مبدل منہ طُوًى بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور خود نَادٰى کے متعلق ہوا، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ حَدِيْثُ کا مفعول فیہ، صیغہ صفت مضاف بامضاف الیہ و مفعول فیہ اَتٰى کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہوا۔

## اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿١٧﴾ فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰٓى اَنْ تَزَكّٰى ﴿١٨﴾ وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿١٩﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۱۷، ۱۸، ۱۹:** اِذْهَبْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰی فِرْعَوْنَ جار با مجرور اِذْهَبْ کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق مُعلّل، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم طَغٰی فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر مُعلِّل، پھر مُعلَّل با مُعلِّل معطوف علیہ، فاء عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل قول هَلْ حرف استفہام لَكَ جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مبتدا محذوف رَغْبَةٌ کے لئے، رَغْبَةٌ مصدر اِلٰی جارہ اَنْ مصدریہ تَزَكّٰى فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَهْدِيَ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اِلٰی جارہ رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور اَهْدِيَ کا متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، فاء عاطفہ تَخْشٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور رَغْبَةٌ کے متعلق ہوا، مصدر اپنے متعلق سے مل کر مبتدا، پھر مبتدا با خبر جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ معطوف اِذْهَبْ کا، اِذْهَبْ معطوف علیہ بامعطوف مقولہ ہوا قول محذوف قَالَ اللّٰهُ کا۔

فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ﴿۲۰﴾ فَكَذَّبَ وَعَصٰى ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ﴿۲۲﴾ فَحَشَرَ فَنَادٰى ﴿۲۳﴾ فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴿۲۴﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾

**آیت نمبر ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵:** فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اور وہ ذَهَبَ مُوْسٰى ہے، ذَهَبَ مُوْسٰى فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَرٰى فعل مضارع ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ، فاء عاطفہ كَذَّبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَصٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف آگے کے لئے معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ اَدْبَرَ فعل ھُوَ ضمیر ذوالحال يَسْعٰى فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف، پھر كَذَّبَ۔۔۔الخ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر آگے کے لئے معطوف علیہ، فاء عاطفہ حَشَرَ فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ نَادٰى فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالَ فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اَنَا ضمیر مبتدا رَبُّكُمْ مرکب اضافی موصوف الْاَعْلٰى اسم تفضیل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر مقولہ مفعول بہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَخَذَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ لفظ اللّٰهُ فاعل نَكَالَ مضاف الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ نَكَالَ کا، مضاف بامضاف الیہ مفعول لہ اَخَذَ کا، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول لہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف نَادٰى کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف حَشَرَ کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف كَذَّبَ۔۔۔الخ کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف اَرٰى کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف ذَهَبَ مُوْسٰى کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

**فائدہ:** علامہ زمخشری کہتے ہیں کہ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ مفعول مطلق ہے فعل نَكَّلَ اللّٰهُ کا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿۲۶﴾

**آیت نمبر ۲۶:** اِنَّ حرف مشبہ بالفعل فِيْ ذٰلِكَ جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مقدم لَام تاکیدیہ عِبْرَةً موصوف لَام حرف جر مَنْ اسم موصول يَخْشٰى فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوا كَائِنَةً کا، كَائِنَةً اسم فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ھِیَ ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر عِبْرَۃً کی صفت، موصوف باصفت اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر خود جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ؕ بَنٰىهَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾ وَ اَغْطَشَ لَيْلَهَا وَ اَخْرَجَ ضُحٰىهَا ﴿۲۹﴾ وَ الْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿۳۰﴾ اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَ مَرْعٰىهَا ﴿۳۱﴾ وَ الْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ﴿۳۲﴾

**آیت نمبر ۲۷، ۲۸، ۲۹، ۳۰، ۳۱، ۳۲:** ھمزہ حرف استفہام اَنْتُمْ معطوف علیہ، اَمْ حرف عطف السَّمَآءُ ذوالحال بَنٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مبدل منہ رَفَعَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سَمْكَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ سَوّٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَغْطَشَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل لَيْلَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اَخْرَجَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ضُحٰىهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ الْاَرْضَ اصل میں دَحٰی الْاَرْضَ ۔۔۔الخ ہے دَحٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل الْاَرْضَ مفعول بہ بَعْدَ ذٰلِكَ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین مفسَّر، دَحٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر ذوالحال اَخْرَجَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل مِنْهَا جار با مجرور فعل کے متعلق ہوا، مَآءَ ھَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَرْعٰىهَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ دَحٰی کا، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ الْجِبَالَ اصل میں اَرْسٰی الْجِبَالَ ۔۔۔الخ ہے اَرْسٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل الْجِبَالَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسَّر، اَرْسٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ بَنٰىهَا کا بدل، مبدل منہ بابدل حال، ذوالحال باحال معطوف اَنْتُمْ کا، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا اَشَدُّ اسم تفضیل اس میں اَنْتُمْ ضمیر فاعل خَلْقًا تمیز، اسم تفضیل بافاعل و تمیز شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

مَتَاعًا لَّكُمْ وَ لِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۳﴾

**آیت نمبر ۳۳:** مَتَاعًا مصدر لَّكُمْ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام حرف جر اَنْعَامِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق پھر مَتَاعًا مفعول لہ ہوا فعل محذوف فَعَلَ کا، فَعَلَ فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل اور مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ تنازع فعلین کی بناء پر اوپر ذکر کئے ہوئے افعال کا مفعول لہ بنایا جائے اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ مَتَاعًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف مَتَّعَ اللّٰهُ کا۔

فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿۳۴﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿۳۵﴾ وَ بُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿۳۶﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۳۴، ۳۵، ۳۶**: فاء استینافیہ اِذَا ظرفیہ متضمن معنی شرط مبدل منہ یَوْمَ مضاف یَتَذَکَّرُ فعل الْاِنْسَانُ فاعل مَا موصولہ سَعٰی فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ یَتَذَکَّرُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل البعض ہوا اِذَا کا، مبدل منہ بابدل مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ کا، جَآءَتْ فعل الطَّآمَّةُ الْکُبْرٰی موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بُرِّزَتْ فعل مجہول الْجَحِیْمُ نائب فاعل لَام جارہ مَنْ موصولہ یَرٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق بُرِّزَتْ کا، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف شرط ہوئی جزاء محذوف کے لیئے اور جزاء محذوف تُوْجَدُ الْاُمُوْرُ الْعَظِیْمَةُ، یا یُبْعَثُ النَّاسُ وغیرہ ہے، تُوْجَدُ فعل مجہول الْاُمُوْرُ الْعَظِیْمَةُ موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاَمَّا مَنْ طَغٰی ﴿۳۷﴾ وَاٰثَرَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا ﴿۳۸﴾ فَاِنَّ الْجَحِیْمَ هِیَ الْمَاْوٰی ﴿۳۹﴾ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَی النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰی ﴿۴۰﴾ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِیَ الْمَاْوٰی ﴿۴۱﴾

**آیت نمبر ۳۷، ۳۸، ۳۹، ۴۰، ۴۱**: فاء عاطفہ برائے تفریع اَمَّا شرطیہ برائے تفصیل مَنْ اسم شرط مبتدا، طَغٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰثَرَ فعل ھُوَ مقدر فاعل الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق الْجَحِیْمَ اسم هِیَ ضمیر فصل یا مبتدا اور الْمَاْوٰی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا شرطیہ برائے تفصیل مَنْ شرطیہ مبتدا خَافَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل مَقَامَ رَبِّهٖ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَهٰی فعل ھُوَ مقدر فاعل النَّفْسَ مفعول بہ عَنِ الْهَوٰی جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق الْجَنَّةَ اسم اِنَّ، هِیَ ضمیر فصل یا مبتدا الْمَاْوٰی تقدیرًا مرفوع خبر، اِنَّ بااسم وخبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ مُرْسٰهَا ﴿۴۲﴾

**آیت نمبر ۴۲**: یَسْئَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ عَنِ السَّاعَةِ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اَیَّانَ ظرف زمان مفعول فیہ کَائِنٌ کا، کَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ ضمیر فاعل ومفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم مُرْسٰهَا مرکب اضافی مرفوع تقدیرًا مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فِیْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿۴۳﴾

**آیت نمبر ۴۳**: فِیْمَ اصل میں فِیْمَا ہے، فِیْمَ جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوا کَائِنٌ کا، مِنْ حرف جر ذِكْرٰىهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوا کَائِنٌ کا، اسم فاعل باھُوَ مقدر فاعل ومتعلقین خبر مقدم اَنْتَ ضمیر مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿۴۴﴾

**آیت نمبر ۴۴:** اِلٰى حرف جر رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا کَائِنٌ کا، کَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ مقدر فاعل و متعلق خبر مقدم مُنْتَهٰىهَا مرکب اضافی مرفوع تقدیراً مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿۴۵﴾

**آیت نمبر ۴۵:** اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَنْتَ مبتدا، مُنْذِرُ مضاف مَنْ اسم موصول يَخْشٰى فعل ھُوَ مقدر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ معنًی مفعول بہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْۤا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿۴۶﴾

**آیت نمبر ۴۶:** كَاَنَّ حرف تشبیہ هُمْ ضمیر اسم يَوْمَ مضاف يَرَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا معنی تشبیہ کا، لَمْ يَلْبَثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء عَشِيَّةً معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ ضُحٰىهَا مرکب اضافی منصوب تقدیراً معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ كَاَنَّ کی خبر، حرف تشبیہ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ يَوْمَ۔۔۔الخ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف يَقُوْلُوْنَ کا، پھر يَقُوْلُوْنَ فعل بافاعل قول ہوا، اور لَمْ يَلْبَثُوْا مقولہ ہوا، قول بامقولہ كَاَنَّ کی خبر۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## ترکیب سُوْرَۃُ عَبَسَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ①

**آیت نمبر ۱**: عَبَسَ فعل هُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَوَلّٰی فعل هُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جملہ ابتدائیہ ہوا۔

اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ②

**آیت نمبر ۲**: اَنْ مصدریہ جَآءَ فعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ الْاَعْمٰی مرفوع تقدیراً فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ مصدر کے معنی میں ہو کر مفعول لہ ہوا عَبَسَ کا یا تَوَلّٰی کا، اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اَنْ سے پہلے حرف جر محذوف ہے اور اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰی منصوب بنزع الخافض ہے، پھر جار بامجرور عَبَسَ کے متعلق ہیں۔

وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓى ③ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ④

**آیت نمبر ۳، ۴**: واؤ عاطفہ مَا استفہامیہ مبتدا، يُدْرِیْ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، لَعَلَّ حرف ترجی هٗ ضمیر اس کا اسم يَزَّكّٰی فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ يَذَّكَّرُ فعل هُوَ ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف لَعَلَّ کی خبر، لَعَلَّ با اسم وخبر ترجی، فاء سببیہ جوابیہ تَنْفَعَ فعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ الذِّكْرٰی مرفوع تقدیراً فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جواب ترجی، ترجّی باجواب خود يُدْرِیْ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوفہ ہوا۔

اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ⑤ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ⑥ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ⑦ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ⑧ وَهُوَ يَخْشٰى ⑨ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ⑩

**آیت نمبر ۵، ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰**: اَمَّا حرف شرط برائے تفصیل مَنْ موصولہ متضمن معنی شرط مبتدا، اِسْتَغْنٰی فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فاء جزائیہ اَنْتَ ضمیر مبتدا، لَهٗ جار بامجرور متعلق مقدم تَصَدّٰی کا، تَصَدّٰی فعل هُوَ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ" عَلَيْكَ جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوا كَائِنٌ کا، كَائِنٌ اسم فاعل اپنے هُوَ ضمیر فاعل ومتعلق سے مل کر خبر مقدم اَنْ ناصبہ لَا يَزَّكّٰی فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر اسم موخر، مَا با اسم وخبر حال، ذوالحال باحال تَصَدّٰی کا فاعل، فعل بافاعل ومتعلق مقدم خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا قائم مقام شرط باخبر قائم مقام جزاء معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط برائے تفصیل مَنْ موصولہ جَآءَ فعل هُوَ ضمیر ذوالحال يَسْعٰی فعل هُوَ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مبتدا، يَخْشٰی فعل هُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال يَسْعٰی کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال جَآءَ کا فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فاء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جزائیہ اَنْتَ مبتدا، عَنْهُ جار بامجرور متعلق مقدم تَلَهّٰى فعل باأَنْتَ مستتر فاعل و متعلق مقدم خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

**كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۝ۚ۱۱ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۝ۙ۱۲ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۝ۙ۱۳ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۝ۙ۱۴ كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ۝ؕ۱۶**

**آیت نمبر ۱۱، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶:** كَلَّا حرف ردع اِنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اس کا اسم تَذْكِرَةٌ پہلی خبر فِيْ حرف جر صُحُفٍ موصوف مُكَرَّمَةٍ اسم مفعول با هِيَ ضمیر نائب فاعل صفت اوّل، مَرْفُوْعَةٍ اسم مفعول با هِيَ ضمیر نائب فاعل صفت ثانی، مُطَهَّرَةٍ اسم مفعول با هِيَ ضمیر نائب فاعل صفت ثالث، بَاء حرف جار اَيْدِيْ مضاف سَفَرَةٍ موصوف كِرَامٍ بَرَرَةٍ دو صفت، موصوف با صفتین مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوا كَائِنَةٍ کا، كَائِنَةٍ اسم فاعل با هِيَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر صفت رابع، موصوف باصفات اربعہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا كَائِنَةٌ کا، اسم فاعل با هِيَ ضمیر فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر دوم، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝ؕ۱۲**

**آیت نمبر ۱۲:** فَاء اعتراضیہ مَنْ شرطیہ مبتدا شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، ذَكَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

**قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ۝ؕ۱۷**

**آیت نمبر ۱۷:** قُتِلَ فعل مجہول الْاِنْسَانُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔ مَا استفہامیہ مبتدا، اَكْفَرَ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ تعجبیہ ہوا۔

**مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ۝ؕ۱۸ مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۝ۙ۱۹ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ۝ۙ۲۰ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ۝ۙ۲۱ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ۝ؕ۲۲**

**آیت نمبر ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲:** مِنْ حرف جر اَيِّ شَيْءٍ مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور مبدل منہ مِنْ نُّطْفَةٍ جار بامجرور بدل، مبدل منہ بابدل متعلق مقدم خَلَقَ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ خَلَقَ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَدَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ السَّبِيْلَ اصل میں يَسَّرَ السَّبِيْلَ ہے، يَسَّرَ فعل هُوَ ضمیر فاعل السَّبِيْلَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسَّر، يَسَّرَ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اَمَاتَ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَقْبَرَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف ثُمَّ السَّبِیْلَ کا پہلا معطوف، ثُمَّ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم شَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ مقدم شرط، اَنْشَرَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خَلَقَ کا معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿٢٣﴾

**آیت نمبر ۲۳:** كَلَّا حرف ردع لَمَّا حرف جازم يَقْضِ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا موصولہ اَمَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ﴿٢٤﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿٢٥﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿٢٦﴾ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ﴿٢٧﴾ وَّ عِنَبًا وَّ قَضْبًا ﴿٢٨﴾ وَّ زَيْتُوْنًا وَّ نَخْلًا ﴿٢٩﴾ وَّ حَدَآئِقَ غُلْبًا ﴿٣٠﴾ وَّ فَاكِهَةً وَّ اَبًّا ﴿٣١﴾

**آیت نمبر ۲۴،۲۵،۲۶،۲۷،۲۸،۲۹،۳۰،۳۱:** فاء استینافیہ لِیَنْظُرْ فعل امر اَلْاِنْسَانُ فاعل اِلٰی حرف جار طَعَامِهٖ مرکب اضافی مبدل منہ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم صَبَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْمَآءَ مفعول بہ صَبًّا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ شَقَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْاَرْضَ مفعول بہ شَقًّا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین پھر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَنْبَتْنَا فعل بافاعل فِیْهَا جار بامجرور متعلق حَبًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عِنَبًا معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قَضْبًا معطوف ثانی، واؤ عاطفہ زَیْتُوْنًا معطوف ثالث، واؤ عاطفہ نَخْلًا معطوف رابع، واؤ عاطفہ حَدَآئِقَ غُلْبًا موصوف باصفت معطوف خامس، واؤ عاطفہ فَاکِهَةً معطوف سادس، واؤ عاطفہ اَبًّا معطوف سابع، معطوف علیہ بامعطوفات سبعہ اَنْبَتْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شَقَقْنَا کا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف ہوا صَبَبْنَا کا، معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بدل، مبدل منہ بابدل اِلٰی کے لئے مجرور، جار بامجرور متعلق لِیَنْظُرْ کا، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔

مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿٣٢﴾

**آیت نمبر ۳۲:** مَتَاعًا لَّکُمْ یہ اصل میں ہے فَعَلَ اللّٰهُ ذٰلِکَ ...... الخ فَعَلَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل ذٰلِکَ مفعول بہ مَتَاعًا مصدر باب تفعیل لَکُمْ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَامِ جارہ اَنْعَامِکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مَتَاعًا کے متعلق، مصدر با متعلق خود مفعول لہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اور یہ بھی کر سکتے ہیں کہ مَتَاعًا کو اَنْبَتْنَا کا مفعول مطلق تاکیدی قرار دیا جائے من غیر لفظہ۔

فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿٣٣﴾ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿٣٤﴾ وَ اُمِّهٖ وَ اَبِيْهِ ﴿٣٥﴾ وَ صَاحِبَتِهٖ وَ بَنِيْهِ ﴿٣٦﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر** ۳۳، ۳۴، ۳۵، ۳۶: فاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مبدل منہ یَوْمَ مضاف یَفِرُّ فعل الْمَرْءُ فاعل مِنْ حرف جر اَخِیْهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمِّهٖ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَبِیْهِ مرکب اضافی معطوف ثانی، واؤ عاطفہ صَاحِبَتِهٖ مرکب اضافی معطوف ثالث، واؤ عاطفہ بَنِیْهِ مرکب اضافی معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ مجرور، جار با مجرور متعلق یَفِرُّ کا، فعل بافاعل ومتعلق یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اِذَا کا بدل، مبدل منہ بابدل مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل الصَّآخَّةُ فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور اس کی جزاء، محذوف ہے جو بعد والی آیت سے سمجھی جارہی ہے اور وہ جزاء ہے اِشْتَغَلَ کُلُّ وَاحِدٍ بِنَفْسِهٖ، اِشْتَغَلَ فعل کُلُّ وَاحِدٍ مرکب اضافی فاعل بَاء حرف جر نَفْسِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوا اِشْتَغَلَ کا، فعل بافاعل ومتعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

## لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿۳۷﴾

**آیت نمبر** ۳۷: لَام حرف جر کُلِّ مضاف اِمْرِئٍ موصوف مِنْهُمْ جار با مجرور متعلق کَائِنٍ کا، کَائِنٍ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق، کَائِنٌ صیغہ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل ومتعلق خبر مقدم یَوْمَئِذٍ مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم یُغْنِیْ کا، شَاْنٌ موصوف یُغْنِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل هٖ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومفعول فیہ صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ بیانیہ ہوا۔

## وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿۳۹﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿۴۰﴾ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿۴۱﴾

**آیت نمبر** ۳۸، ۳۹، ۴۰، ۴۱: وُجُوْهٌ مبتدا، یَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم مُسْفِرَةٌ کا، مُسْفِرَةٌ صیغہ اسم فاعل باهِیَ ضمیر فاعل ومفعول فیہ مقدم خبر اوّل، ضَاحِكَةٌ اسم فاعل با هِیَ ضمیر فاعل خبر ثانی، مُسْتَبْشِرَةٌ اسم فاعل باهِیَ ضمیر فاعل خبر ثالث، مبتدا اپنی تینوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وُجُوْهٌ مبتدا، یَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم تَرْهَقُ کا، عَلَیْهَا متعلق ہوا کَائِنَةٌ کا، کَائِنَةٌ اسم فاعل با هِیَ ضمیر فاعل ومتعلق خبر مقدم غَبَرَةٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر وُجُوْهٌ کی خبر اوّل، اور تَرْهَقُ فعل هَا ضمیر مفعول بہ قَتَرَةٌ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ ومفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر وُجُوْهٌ کی خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

**سوال:** وُجُوْهٌ تو نکرہ ہے تو اس کا مبتدا بننا کیسے درست ہے؟

**جواب:** وُجُوْهٌ پر تنوین مضاف الیہ کے بدلے میں ہے پہلا وُجُوْهٌ دراصل وُجُوْهُ الْمُؤْمِنِیْنَ ہے اور دوسرا وُجُوْهٌ دراصل وُجُوْهُ الْكُفَّارِ ہے لہذا معرفہ کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے وُجُوْهٌ بھی معرفہ ہے اور اس کا مبتدا بننا درست ہے

## اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿۴۲﴾

**آیت نمبر** ۴۲: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، هُمْ ضمیر فصل الْكَفَرَةُ خبر اوّل، الْفَجَرَةُ خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ہوا۔اور یوں بھی کہہ کر سکتے ہیں اُولٰٓئِکَ مبتدا، ھُمْ ضمیر پھر مبتدا، اَلْکَفَرَۃُ الْفَجَرَۃُ ھُمْ کی دو خبر، مبتدا باخبرین اُولٰٓئِکَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

**۳، ۱۴۳۳، ۱۲، ۲ بمطابق ۱۹ اکتوبر ۲۰۱۲ء بروز جمعہ بوقت صبح ۸:۴۵ تکمیل ہوئی**

## ترکیب سُوْرَۃُ التَّکْوِیْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝۱ وَ اِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۝۲ وَ
اِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۝۳ وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝۴ وَ اِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ۝۵ وَ اِذَا
الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝۶ وَ اِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ۝۷ وَ اِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُىِٕلَتْ ۝۸ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ
قُتِلَتْ ۝۹ وَ اِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝۱۰ وَ اِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۝۱۱ وَ اِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ۝۱۲ وَ
اِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۝۱۳ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّاۤ اَحْضَرَتْ ۝۱۴

**آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴:** اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ دراصل اِذَا كُوِّرَتِ الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم کُوِّرَتْ فعل مجہول الشَّمْسُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، کُوِّرَتْ فعل مجہول ھِیَ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف علیہ، اور وَ اِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ دراصل وَ اِذَا انْكَدَرَتِ النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ہے واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم انْكَدَرَتْ فعل النُّجُوْمُ فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، انْكَدَرَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل، فعل بافاعل مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف اوّل، وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ دراصل وَاِذَا سُيِّرَتِ الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ہے واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم سُيِّرَتْ فعل مجہول الْجِبَالُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، سُيِّرَتْ فعل مجہول باھِیَ مستتر نائب فاعل مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف ثانی، وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ دراصل وَ اِذَا عُطِّلَتِ الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ہے واؤ عاطفہ عُطِّلَتْ فعل مجہول الْعِشَارُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، عُطِّلَتْ فعل مجہول باھِیَ ضمیر نائب فاعل مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف ثالث، وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف رابع، وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف خامس، وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف سادس، اوران جملوں کی اصل اور ترکیب معمولی فکر سے سمجھ آسکتی ہے اور وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُىِٕلَتْ دراصل وَاِذَا سُىِٕلَتِ الْمَوْءٗدَةُ سُىِٕلَتْ ہے واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم سُىِٕلَتْ فعل مجہول الْمَوْءٗدَةُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، سُىِٕلَتْ فعل مجہول ھِیَ ضمیر نائب فاعل بَاء حرف جر اَيِّ ذَنْۢبٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم قُتِلَتْ کا، قُتِلَتْ فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق سُىِٕلَتْ کے مفعول ثانی کے قائم مقام، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف سابع، وَ اِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف ثامن، وَ اِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف تاسع، وَ اِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف عاشر، وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف حادی عشر، اوران جملوں کی اصل اور ترکیب معمولی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فکر سے سمجھ آسکتی ہے پھر معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات کے ساتھ مل کر شرط، عَلِمَتْ فعل نَفْسٌ فاعل مَا موصولہ اَحْضَرَتْ فعل باھِیَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ﴿۱۵﴾ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ﴿۱۶﴾

**آیت نمبر ۱۵، ۱۶:** فاء استینافیہ لَآ اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل بَاء حرف جر الْخُنَّسِ موصوف یامبدل منہ الْجَوَارِ موصوف الْكُنَّسِ صفت، موصوف باصفت الْخُنَّسِ کی صفت یا بدل، موصوف با صفت یامبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا لَآ اُقْسِمُ کا، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ﴿۱۷﴾ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۹﴾ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ﴿۲۰﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ﴿۲۱﴾ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿۲۳﴾ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ﴿۲۴﴾ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۲۵﴾

**آیت نمبر ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵:** واؤ قسمیہ جارہ الَّيْلِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الصُّبْحِ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِذَا ظرف زمان مضاف عَسْعَسَ فعل باھُوَ ضمیر فاعل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ اوّل اُقْسِمُ کا، اِذَا مضاف تَنَفَّسَ فعل با ھُوَ ضمیر فاعل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ اُقْسِمُ کا، فعل با فاعل و متعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اسم لَام مزحلقہ تاکیدیہ قَوْلُ مضاف رَسُوْلٍ موصوف كَرِيْمٍ صفت اولی، ذِيْ قُوَّةٍ مرکب اضافی صفت ثانیہ، عِنْدَ مضاف ذِي الْعَرْشِ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ كَائِنًا کا، كَائِنًا اسم فاعل با ھُوَ ضمیر فاعل ومفعول فیہ حال مقدم مَكِيْنٍ ذوالحال موخر، ذوالحال باحال صفت ثالثہ، مُطَاعٍ اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل ثَمَّ ظرف مکان مفعول فیہ، اسم مفعول بانائب فاعل ومفعول فیہ صفت رابعہ، اَمِيْنٍ صفت خامسہ، موصوف باصفات خمسہ قَوْلُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ صَاحِبُكُمْ مرکب اضافی اسم بَاء حرف جر زائدہ مَجْنُوْنٍ محلًا منصوب خبر، مَا اپنے اسم وخبر سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل رَاٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ بَاء حرف جر الْاُفُقِ الْمُبِيْنِ موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا فعل کا، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جواب قسم ہوا، قسم باجواب قسم معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ ھُوَ اس کا اسم عَلَى الْغَيْبِ جار بامجرور متعلق مقدم ضَنِيْنٍ کا، بَاء حرف جار زائدہ ضَنِيْنٍ صفت مشبہ ھُوَ مستتر فاعل، صفت مشبہ بافاعل و متعلق مقدم محلًا منصوب خبر، مَا با اسم وخبر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ ھُوَ اس کا اسم بَاء حرف جر زائدہ قَوْلِ مضاف شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ محلًا منصوب خبر، مَا با اسم وخبر معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ جواب قسم، پھر قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ﴿۲۶﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۲۶**: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا ظَهَرَ لَكُمْ اَمْرُ مُحَمَّدٍ وَّالْقُرْاٰنِ، اَیْنَ محلًا منصوب مفعول فیہ مقدم تَذْهَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ استفہامیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۲۷﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ یَّسْتَقِیْمَ ﴿۲۸﴾

**آیت نمبر ۲۸،۲۷**: اِنْ نافیہ هُوَ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لغو ذِكْرٌ موصوف لِلْعٰلَمِیْنَ جار بامجرور مبدل منہ لَامِ حرف جر مَنْ موصولہ شَآءَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنْكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنًا کے، كَائِنًا اسم فاعل باهُوَ ضمیر فاعل و متعلق حال، ذوالحال باحال شَآءَ کا فاعل اَنْ ناصبہ یَسْتَقِیْمَ فعل با هُوَ ضمیر فاعل مصدر کے معنی میں ہو کر مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار بامجرور بدل، مبدل منہ بابدل متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق ذِكْرٌ کی صفت، موصوف باصفت مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

## وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۲۹﴾

**آیت نمبر ۲۹**: واؤ استینافیہ مَا نافیہ تَشَآءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو اَنْ ناصبہ یَشَآءَ فعل لفظ اَللّٰهُ موصوف یا مبدل منہ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ مرکب اضافی صفت یا بدل، موصوف باصفت یا مبدل منہ بابدل فاعل، فعل بافاعل مصدر کے معنی میں ہو کر مضاف الیہ ہوا وَقْتَ مضاف محذوف کا، مضاف بامضاف الیہ مستثنیٰ مفرغ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اور بعض حضرات اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ کو منصوب بنزع الخافض بنا کر تَشَآءُوْنَ کے متعلق بناتے ہیں۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

۱۹ اکتوبر ۲۰۱۲ پونے بارہ بجے رات کو اس کی کتابت سے فراغت ہوئی فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

# ترکیب سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿۱﴾ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ﴿۳﴾ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿۴﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ﴿۵﴾

**آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵**: اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ یہ اصل میں اِذَا انْفَطَرَتِ السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ہے وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ اصل میں وَاِذَا انْتَثَرَتِ الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ہے اور وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ اصل میں وَاِذَا فُجِّرَتِ الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ہے اور وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ اصل میں وَاِذَا بُعْثِرَتِ الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم انْفَطَرَتْ فعل السَّمَآءُ فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، انْفَطَرَتْ فعل اپنے هِیَ ضمیر فاعل سے مل کر مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم انْتَثَرَتْ فعل الْكَوَاكِبُ فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، انْتَثَرَتْ فعل باهِیَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم فُجِّرَتْ فعل مجہول الْبِحَارُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، فُجِّرَتْ فعل مجہول باهِیَ ضمیر نائب فاعل مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بُعْثِرَتْ فعل مجہول الْقُبُوْرُ نائب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، بُعْثِرَتْ فعل مجہول باھِیَ ضمیر نائب فاعل مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ شرط، عَلِمَتْ فعل نَفْسٌ فاعل مَا موصولہ قَدَّمَتْ فعل باھِیَ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخَّرَتْ فعل باھِیَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ عَلِمَتْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## یٰۤاَیُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِیْمِ ۝ الَّذِیْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ۝

**آیت نمبر ۶، ۷:** یَاء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ، اَلْاِنْسَانُ صفت یابدل، موصوف باصفت یامبدل منہ بابدل محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء ہوا۔ مَا استفہامیہ مبتدا، غَرَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ بَاء حرف جار رَبِّكَ مرکب اضافی موصوف اَلْكَرِیْمِ صفت اولی، اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل با ھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ سَوّٰی فعل با ھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ عَدَلَ فعل باھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ رَبِّكَ کی صفت، ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور غَرَّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ جواب نداء، پھر نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

## فِیْۤ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ۝

**آیت نمبر ۸:** فِیْ حرف جار اَیِّ مضاف صُوْرَةٍ موصوف مَا زائدہ شَآءَ فعل با ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر محذوف مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم رَكَّبَ کا، رَكَّبَ فعل باھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ ومتعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہوا اور یہ بھی جائز ہے کہ یوں کہا جائے کہ فِیْۤ اَیِّ صُوْرَةٍ کَائِنًا کے متعلق ہو کر رَكَّبَ کی ضمیر مفعول سے حال ہے۔

## كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّیْنِ ۝ وَاِنَّ عَلَیْكُمْ لَحٰفِظِیْنَ ۝ كِرَامًا كَاتِبِیْنَ ۝ یَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲:** كَلَّا حرف ردع بَلْ حرف اضراب فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَنْتُمْ لَاتَجْتَنِبُوْنَ مِنَ الْاِغْتِرَارِ، اَنْتُمْ مبتدا، لَاتَجْتَنِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنَ الْاِغْتِرَارِ جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، بَلْ عاطفہ تُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق عَلَیْكُمْ ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، کَائِنُوْنَ اسم فاعل با ھُمْ ضمیر فاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم لَام مزحلقہ برائے تاکید لَحٰفِظِیْنَ موصوف كِرَامًا صفت اولی، كَاتِبِیْنَ صفت ثانیہ، یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ تَفْعَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال تُكَذِّبُوْنَ کا فاعل بِالدِّیْنِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



26 26 جار بامجرور کَائِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿١٣﴾ وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ﴿١٤﴾ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿١٥﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ﴿١٦﴾

**آیت نمبر** ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶: اِنَّ حرف تحقیق اَلْاَبْرَارَ اس کا اسم لَام مزحلقہ تاکیدیہ فِيْ نَعِيْمٍ جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنُوْنَ کے، کَائِنُوْنَ اسم فاعل با هُمْ ضمیر فاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق اَلْفُجَّارَ اسم لَام مزحلقہ تاکیدیہ فِيْ جَحِيْمٍ ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق، کَائِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ ذوالحال يَصْلَوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ هُمْ ضمیر مَا کا اسم عَنْهَا جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے غَآئِبِيْنَ کے، بَاء حرف جر زائدہ غَآئِبِيْنَ اسم فاعل با هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر لفظاً مجرور محلاً منصوب مَا کی خبر، مَا با اسم و خبر حال، ذوالحال باحال يَصْلَوْنَ کا فاعل يَوْمَ الدِّيْنِ مرکب اضافی مفعول فیہ هَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ حال، ذوالحال باحال کَائِنُوْنَ کا فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ شُد۔

وَمَآ أَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿١٧﴾ ثُمَّ مَآ أَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿١٨﴾

**آیت نمبر** ۱۷، ۱۸: واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰی فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ مَا استفہامیہ مبتدا، يَوْمُ الدِّيْنِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر اَدْرٰی کے مفعول ثانی کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ کی ترکیب اوپر کی ترکیب سے واضح ہے اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ؕ وَالْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ﴿١٩﴾

**آیت نمبر** ۱۹: يَوْمَ مضاف لَا تَمْلِكُ فعل نَفْسٌ فاعل لِنَفْسٍ جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے، شَيْئًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل با اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ شد۔ اور بعض حضرات نے يَوْمَ کو مفعول فیہ بنایا ہے فعل محذوف يُجَازَوْنَ کا۔ واؤ استینافیہ اَلْاَمْرُ مبتدا، لِلّٰهِ ظرف مستقر متعلق ہوئے ثَابِتٌ کے، ثَابِتٌ اسم فاعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ ثَابِتٌ کا، ثَابِتٌ اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

۱۴۳۳،۱۲،۳ بمطابق ۲۰۱۲،۱۰،۲۰ء بوقت صبح ۷:۲۰ یوم السبت ترکیب مکمل ہوئی

## ترکیب سُوْرَۃُ الْمُطَفِّفِیْنَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ﴿١﴾ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



يَسْتَوْفُونَ ۝ وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ ۝

**آیت نمبر** ۱ و ۲ و ۳: وَيْلٌ مبتدا، لِ حرف جار الْمُطَفِّفِينَ موصوف، الَّذِينَ اسم موصول، إِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، اكْتَالُوا فعل بواو ضمیر فاعل، عَلَى النَّاسِ متعلق بہ مفعول فیہ مقدم مؤخر، ہوئی برائے جزاء محذوف، فَحِفْظُوا اكْتَالُوا فعل بواو ضمیر، والحال يَسْتَوْفُونَ فعل بواو ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال بہ ذوالحال بہ حال فاعل، فعل بہ فاعل جزاء شرط باجزاء معطوف علیہ، و او عاطفہ إِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم كَالُوا فعل بواو ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، مفعول فیہ مقدم معطوف علیہ أَوْ عاطفہ وَزَنُوا فعل بواو ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط برائے جزاء محذوف لِيَسْتَوْفُوا اليَسْتَوْفُوا فعل واو ضمیر ذوالحال يُخْسِرُونَ فعل بواو ضمیر فاعل حال بہ ذوالحال بہ حال فاعل، فعل بہ فاعل جزاء شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول بہا صفت، موصوف بصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر لِلْمُطَفِّفِينَ کے متعلق ہوئے لِلْمُطَفِّفِينَ اسم فاعل یا ثَبَتَ مقدر فاعل، متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**سوال** وَيْلٌ نکرہ ہے تو اس کا مبتدا بننا کیسے درست ہے؟

**جواب** وَيْلٌ بمعنی بددعا کلام ہے لہٰذا یہ معرفہ ہے اور اس کا مبتدا بننا درست ہے۔

أَلَا يَظُنُّ أُولَٰئِكَ أَنَّهُم مَّبْعُوثُونَ ۝ لِيَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۝

**آیت نمبر** ۴ تا ۶: هَمزہ استفہامیہ لَا نافیہ يَظُنُّ فعل أُولَٰئِكَ اسم اشارہ فاعل أَنَّ حرف مشبہ هُمْ ضمیر اس کا اسم مَبْعُوثُونَ اسم مفعول هُمْ ضمیر نائب فاعل، لام جارہ يَوْمٍ عَظِيمٍ مرکب توصیفی مجرور (اور یہ اگرچہ ظاہراً مجرور ہے مگر محلاً منصوب ہے) يَوْمَ مضاف يَقُومُ فعل النَّاسُ فاعل، لام جار رَبِّ الْعَالَمِينَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ [illegible] جار با مجرور متعلق، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق أَنَّ کی خبر، أَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مصدر کی تاویل میں ہو کر يَظُنُّ کے مفعولین کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ ہوا۔

كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْفُجَّارِ لَفِي سِجِّينٍ ۝

**آیت نمبر** ۷: كَلَّا حرف ردع، إِنَّ حرف مشبہ كِتَابَ الْفُجَّارِ مرکب اضافی اسم، لام مزحلقہ فِي جار سِجِّينٍ مجرور، ظرف مستقر ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر خبر، إِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا أَدْرَاكَ مَا سِجِّينٌ ۝ كِتَابٌ مَّرْقُومٌ ۝

**آیت نمبر** ۸ و ۹: [illegible] مَا استفہامیہ مبتدا، أَدْرَى فعل ہو ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول، فعل با فاعل و مفعول خبر، مبتدا سِجِّينٌ [illegible] [illegible]

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بھی درست ہے۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۰﴾ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۱۱﴾

**آیت نمبر** ۱۰، ۱۱: وَيْلٌ موصوف يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، لَام جارہ الْمُكَذِّبِيْنَ موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول يُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ يَوْمِ الدِّيْنِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖۤ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾

**آیت نمبر** ۱۲، ۱۳: واؤ استینافیہ مَا نافیہ يُكَذِّبُ فعل بِهٖ جار بامجرور متعلق اِلَّا حرف استثناء كُلُّ مضاف مُعْتَدٍ موصوف اَثِيْمٍ پہلی صفت، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُتْلٰى فعل مجہول عَلَيْهِ ظرف لغو متعلق اٰيٰتُنَا مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ شرط، قَالَ فعل با هُوَ ضمیر فاعل قول، اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ مرکب اضافی خبر ہے مبتدا محذوف هِيَ کی، مبتدا با خبر مقولہ مفعول بہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء صفت ثانیہ، موصوف با صفتین كُلُّ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مستثنٰی مفرغ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾

**آیت نمبر** ۱۴: كَلَّا حرف ردع بَلْ حرف عطف و اضراب اور معطوف علیہ محذوف ہے لَيْسَتْ اٰيٰتُنَا اَسَاطِيْرَ الْاَوَّلِيْنَ، لَيْسَتْ فعل ناقص اٰيٰتُنَا مرکب اضافی اسم اَسَاطِيْرَ الْاَوَّلِيْنَ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، بَلْ عاطفہ رَانَ فعل عَلٰى حرف جر قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَكْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ رَانَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۷﴾

**آیت نمبر** ۱۵، ۱۶، ۱۷: كَلَّا حرف ردع اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم عَنْ حرف جر رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم مَحْجُوْبُوْنَ کا، يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم لَام مزحلقہ برائے تاکید مَحْجُوْبُوْنَ اسم مفعول با هُمْ ضمیر نائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل هُمْ ضمیر اس کا اسم لَام برائے تاکید صَالُوا الْجَحِيْمِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ يُقَالُ فعل مجہول هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم بِهٖ جار بامجرور متعلق مقدم تُكَذِّبُوْنَ کا، تُكَذِّبُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل و متعلق فعل ناقص کی خبر، فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر ھٰذَا الترکیب کی تاویل میں ہو کر یُقَالُ کا نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

## كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِیْ عِلِّیِّیْنَ ﴿۱۸﴾

**آیت نمبر ۱۸:** كَلَّا حرف ردع اِنَّ حرف تحقیق كِتٰبَ الْاَبْرَارِ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم لَام مزحلقہ تاکیدیہ فِیْ عِلِّیِّیْنَ جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہوئے، کَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ ضمیر فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا عِلِّیُّوْنَ ﴿۱۹﴾ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿۲۰﴾ یَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۲۱﴾

**آیت نمبر ۱۹، ۲۰، ۲۱:** واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰی فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، مَا استفہامیہ مبتدا، عِلِّیُّوْنَ مبدل منہ كِتٰبٌ موصوف مَرْقُوْمٌ صفت اولی، یَشْهَدُ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ الْمُقَرَّبُوْنَ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین بدل، مبدل منہ بابدل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر اَدْرٰی کے مفعول ثانی کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

## اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ ﴿۲۲﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ یَنْظُرُوْنَ ﴿۲۳﴾

**آیت نمبر ۲۲، ۲۳:** اِنَّ حرف تحقیق الْاَبْرَارَ اِنَّ کا اسم لَام تاکیدیہ فِیْ نَعِیْمٍ ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق، کَائِنُوْنَ اسم فاعل با ھُمْ ضمیر فاعل خبر اوّل، عَلَى الْاَرَآئِكِ جار بامجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم یَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل اِنَّ کی خبر ثانی، اِنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## تَعْرِفُ فِیْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِیْمِ ﴿۲۴﴾

**آیت نمبر ۲۴:** تَعْرِفُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل فِیْ حرف جار وُجُوْهِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور تَعْرِفُ کے متعلق ہوئے نَضْرَةَ النَّعِیْمِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

## یُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِیْقٍ مَّخْتُوْمٍ ﴿۲۵﴾ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ؕ وَفِیْ ذٰلِكَ فَلْیَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ﴿۲۶﴾

**آیت نمبر ۲۵، ۲۶:** یُسْقَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مِنْ حرف جار رَحِیْقٍ موصوف مَخْتُوْمٍ صفت اولی، خِتٰمُهٗ مرکب اضافی مبتدا، مِسْكٌ خبر، مبتدا باخبر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے: فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ فِیْ ذٰلِكَ جار بامجرور متعلق مقدم فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كَمُلَ التَّنَافُسُ، لِیَتَنَافَسْ فعل امر الْمُتَنَافِسُوْنَ فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِیْمٍ ﴿۲۷﴾ عَیْنًا یَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۲۸﴾

**آیت نمبر ۲۷، ۲۸:** واؤ عاطفہ مِزَاجُهٗ مرکب اضافی مبتدا، مِنْ حرف جار تَسْنِیْمٍ ذوالحال عَیْنًا موصوف یَشْرَبُ فعل بِهَا جار بامجرور متعلق الْمُقَرَّبُوْنَ فاعل، فعل با فاعل و متعلق صفت، موصوف باصفت حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کے ہ کَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ عَیْنًا فعل محذوف اَمْدَحُ کا مفعول بہ ہے۔

## اِنَّ الَّذِیْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یَضْحَكُوْنَ ﴿۲۹﴾

**آیت نمبر ۲۹:** اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول اَجْرَمُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مِنْ حرف جر اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم یَضْحَكُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم کَانُوْا کی خبر، فعل ناقص بااسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## وَ اِذَا مَرُّوْا بِهِمْ یَتَغَامَزُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَ اِذَا انْقَلَبُوْۤا اِلٰۤى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِیْنَ ﴿۳۱﴾ وَ اِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْۤا اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿۳۲﴾ وَ مَاۤ اُرْسِلُوْا عَلَیْهِمْ حٰفِظِیْنَ ﴿۳۳﴾

**آیت نمبر ۳۰، ۳۱، ۳۲، ۳۳:** واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَرُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهِمْ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم شرط، یَتَغَامَزُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جزاء، شرط باجزاء معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اِنْقَلَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جر اَهْلِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم شرط، اِنْقَلَبُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال فَكِهِیْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جزاء، شرط باجزاء معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ مَا نافیہ اُرْسِلُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال عَلَیْهِمْ جار بامجرور متعلق مقدم حٰفِظِیْنَ کا، حٰفِظِیْنَ اسم فاعل با هُمْ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اُرْسِلُوْا کا نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل حال، ذوالحال باحال قَالُوْا کا فاعل، فعل بافاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق هٰۤؤُلَآءِ اِنَّ کا اسم لام مزحلقہ تاکیدیہ ضَآلُّوْنَ اسم فاعل با هُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر قول کا مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ یَضْحَكُوْنَ پر معطوف ہے۔

## فَالْیَوْمَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ یَضْحَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ لَا یَنْظُرُوْنَ ﴿۳۵﴾

**آیت نمبر ۳۴، ۳۵:** فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ کَانَ الَّذِیْنَ اَجْرَمُوْا یَضْحَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ فِی الدُّنْیَا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اَلْیَوْمَ مفعول فیہ مقدم یَضْحَكُوْنَ کا، مِنَ الْكُفَّارِ جار بامجرور متعلق مقدم یَضْحَكُوْنَ کا یَضْحَكُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال عَلَى الْاَرَآئِكِ جار بامجرور متعلق مقدم یَنْظُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال یَضْحَكُوْنَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم و متعلق مقدم خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا یَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۳۶:** هَلْ استفہامیہ ثُوِّبَ فعل مجہول الْكُفَّارُ نائب فاعل مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَفْعَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ ثُوِّبَ کا مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ ہوا قول محذوف يَقُوْلُوْنَ کا۔

سورۃ ھٰذا کی ترکیب سے ۱۴۳۳,۱۲,۳ بمطابق ۲۰۱۲,۱۰,۲۰ بوقت رات کے ۱۱:۴۵ بروز ہفتہ کو فراغت ہوئی

## ترکیب سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝۱ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ۝۲ وَ اِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝۳ وَ اَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَ تَخَلَّتْ ۝۴ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ۝۵

**آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵:** اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ دراصل اِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ہے اور وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ دراصل وَاِذَا مُدَّتِ الْاَرْضُ مُدَّتْ ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم انْشَقَّتْ فعل السَّمَآءُ فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، انْشَقَّتْ فعل هِيَ مستتر فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ اَذِنَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل لام حرف جر رَبِّهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حُقَّتْ فعل مجہول هِيَ مستتر نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف ہوا، معطوف علیہ بامعطوف مفسِّر، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مُدَّتْ فعل مجہول الْاَرْضُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ مفسَّر، مُدَّتْ فعل مجہول باهِيَ ضمیر نائب فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْقَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل مَا موصولہ فِيْهَا جار بامجرور ظرف مستقر متعلق فعل محذوف ثَبَتَ کے، ثَبَتَ فعل باهُوَ ضمیر فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَخَلَّتْ فعل باهِيَ ضمیر فاعل معطوف شُد، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف شُد، معطوف علیہ بامعطوف مفسِّر شُد، مفسَّر بامفسِّر معطوف شُد، معطوف علیہ بامعطوف شرط برائے جزاء محذوف لَاقَى الْاِنْسَانُ كَدْحَهٗ کی، لَاقَى فعل الْاِنْسَانُ فاعل كَدْحَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۝۶

**آیت نمبر ۶:** يَا ء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر پوشیدہ فاعل اَيُّ موصوف یا مبدل منہ هَا برائے تنبیہ، الْاِنْسَانُ صفت یا بدل، موصوف باصفت یا مبدل منہ بابدل محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ نداء، اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم كَادِحٌ اسم فاعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰى حرف جر رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق كَادِحٌ کا، كَدْحًا مفعول مطلق، اسم فاعل بافاعل و متعلق ومفعول مطلق معطوف علیہ، فاء عاطفہ مُلٰقِيْهِ اسم فاعل مضاف بامضاف الیہ معنًی مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جواب نداء، پھر نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۝۷ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۝۸ وَّ يَنْقَلِبُ اِلٰۤى اَهْلِهٖ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مَسْرُوْرًا ﴿٩﴾ وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ﴿١٠﴾ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ﴿١١﴾ وَّ يَصْلٰى
سَعِيْرًا ﴿١٢﴾ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ﴿١٣﴾ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ﴿١٤﴾

**آیت نمبر ۷،۸،۹،۱۰،۱۱،۱۲،۱۳،۱۴:** فَاء عاطفہ برائے تفریع اَمَّا حرف شرط برائے تفصیل مَنْ موصولہ اُوْتِيَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل كِتٰبَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، بَاء حرف جار بِيَمِيْنِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء جزائیہ سَوْفَ علامت فعل يُحَاسَبُ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل حِسَابًا يَّسِيْرًا موصوف باصفت مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول مطلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَنْقَلِبُ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مَسْرُوْرًا اسم مفعول باهُوَ ضمیر نائب فاعل حال، ذوالحال باحال فاعل اِلٰى حرف جر اَهْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف شُد، معطوف علیہ بامعطوف خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط برائے تفصیل مَنْ موصولہ اُوْتِيَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل كِتٰبَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، وَرَآءَ ظَهْرِهٖ منصوب بنزع الخافض دراصل مِنْ وَرَآءِ... الخ متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء عاطفہ سَوْفَ علامت فعل يَدْعُوْا فعل هُوَ مستتر فاعل ثُبُوْرًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَصْلٰى فعل باهُوَ ضمیر فاعل سَعِيْرًا مفعول بہ معطوف شُد، معطوف علیہ بامعطوف معلل اِنَّ حرف تحقیق ةٗ ضمیر منصوب اِنَّ کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر ذوالحال فِيْ حرف جار اَهْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے كَائِنًا کے، كَائِنًا اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق حال، ذوالحال باحال كَانَ کا اسم مَسْرُوْرًا اسم مفعول باهُوَ مقدر نائب فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ تعلیل اوّل، اِنَّ حرف تحقیق ةٗ ضمیر منصوب اِنَّ کا اسم ظَنَّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ مخففہ من المثقلہ ہے دراصل اَنَّهٗ ہے اَنَّ حرف تحقیق ةٗ ضمیر منصوب اسم لَنْ ناصبہ يَّحُوْرَ فعل باهُوَ ضمیر فاعل اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر ظَنَّ بمعنی عَلِمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر تعلیل ثانی، معلل اپنی ہر دو علت کے ساتھ سے مل کر مَنْ کی خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

بَلٰٓى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ﴿١٥﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ﴿١٦﴾ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ﴿١٧﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا
اتَّسَقَ ﴿١٨﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿١٩﴾

**آیت نمبر ۱۵،۱۶،۱۷،۱۸،۱۹:** بَلٰى حرف ایجاب اِنَّ حرف تحقیق رَبَّهٗ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم بَصِيْرًا صفت مشبہ هُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق مقدم، صفت مشبہ بافاعل و متعلق خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جواب برائے قسم مقدر۔ فَاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتَ هٰذَا، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم عَرَفْتَ فعل بافاعل هٰذَا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ شرط، لَا اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل بَاء حرف جر الشَّفَقِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الَّيْلِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ وَسَقَ فعل با هُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف شُد، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الْقَمَرِ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار با مجرور متعلق اِذَا ظرف مضاف اِتَّسَقَ فعل با هُوَ مستتر فاعل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مفعول فیہ لَاۤ اُقْسِمُ کا، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ قسم، لَتَرْکَبُنَّ فعل واؤ محذوفہ ذوالحال طَبَقًا موصوف عَنْ طَبَقٍ جار بامجرور مُجَاوِزًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جواب قسم شد، قسم باجواب قسم جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ﴿٢١﴾

**آیت نمبر ۲۰، ۲۱:** فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا ثَبَتَ اَنَّ اللّٰهَ خَالِقٌ عَظِيْمٌ، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ثَبَتَ فعل اَنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اَنَّ کا اسم خَالِقٌ عَظِيْمٌ موصوف باصفت خبر، اَنَّ با اسم و خبر فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ شرط، مَا استفہامیہ مبتدا، لَام حرف جار هُمْ ضمیر ذوالحال لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قُرِئَ فعل مجہول عَلَيْهِمْ جار بامجرور متعلق الْقُرْاٰنُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ شرط، لَا يَسْجُدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جزاء، شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ﴿٢٣﴾

**آیت نمبر ۲۲، ۲۳:** بَلْ حرف اضراب الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا، يُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لفظ اَللّٰهُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ يُوْعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

## فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٢٤﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿٢٥﴾

**آیت نمبر ۲۴، ۲۵:** فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَذَّبَ الْكُفَّارُ، یا اِنِ اسْتَمَرَّ الْكُفَّارُ فِي تَكْذِيْبِهِمْ، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم كَذَّبَ الْكُفَّارُ فعل با فاعل و مفعول فیہ مقدم شرط، بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لَهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم، اَجْرٌ موصوف غَيْرُ مَمْنُوْنٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر مستثنیٰ منقطع، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ بَشِّرْ کا مفعول بہ، بَاء جارہ عَذَابٍ اَلِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل امر بافاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

**فائدہ:** اگر اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کے بعد مِنْهُمْ مقدر مانا جائے تو پھر اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا... الخ مستثنیٰ متصل ہوگا جیسا کہ ترجمہ میں غور سے بات واضح ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ترکیب سُوْرَۃُ الْبُرُوْجِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَ السَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۝ وَ الْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ۝ وَ شَاهِدٍ وَّ مَشْهُوْدٍ ۝

**آیت نمبر ۱،۲،۳:** واؤ قسمیہ جارہ السَّمَآءِ موصوف ذَاتِ الْبُرُوْجِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ مرکب توصیفی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ شَاهِدٍ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَشْهُوْدٍ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق قسم، اور جواب قسم لَقَدْ قُتِلَ محذوف ہے جس پر قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ دال ہے، لَقَدْ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ فعل مجہول بانائب فاعل جواب قسم، پھر قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

**سوال:** آپ نے جواب قسم محذوف کیوں نکالا ہے سورت میں مذکور قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ کو جواب قسم کیوں نہیں بنایا؟

**جواب:** نحویوں کا مشہور ضابطہ ہے کہ وہ ماضی مثبت متصرف جس کا معمول مقدم نہ ہو جب ایسی ماضی جواب قسم ہو تو اس پر لام اور قَدْ کا داخل ہونا لازم ہے اور طول کلام کے بغیر ان میں سے ایک پر اکتفاء جائز نہیں ہے اور قُتِلَ پر یہ دونوں نہیں ہیں اس لئے قُتِلَ مذکور کے قرینہ کی وجہ سے لَقَدْ قُتِلَ محذوف مانا گیا ہے۔

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۝ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۝ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۝ وَّ هُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ۝

**آیت نمبر ۴،۵،۶،۷:** قُتِلَ فعل مجہول اَصْحٰبُ مضاف الْاُخْدُوْدِ مبدل منہ النَّارِ موصوف ذَاتِ الْوَقُوْدِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت بدل الاشتمال، مبدل منہ با بدل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ نائب فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف هُمْ ضمیر مبتداء، عَلَيْهَا جار بامجرور متعلق مقدم قُعُوْدٌ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ مبتداء، عَلٰى جارہ مَا موصولہ يَفْعَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْمُؤْمِنِيْنَ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم شُهُوْدٌ کا، شُهُوْدٌ اسم فاعل با هُمْ ضمیر فاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ قُتِلَ کا مفعول فیہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا کیونکہ یہ جواب قسم نہیں ہے۔

وَ مَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝

**آیت نمبر ۸،۹:** واؤ عاطفہ مَا نافیہ نَقَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُمْ جار بامجرور متعلق اِلَّا حرف استثناء اَنْ ناصبہ يُّؤْمِنُوْا فعل بَاء جارہ لفظ اللّٰهِ موصوف الْعَزِيْزِ صفت اولی، الْحَمِيْدِ صفت ثانیہ، الَّذِيْ اسم موصول لَهٗ جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم مُلْکُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے یُّؤْمِنُوْا کے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر نَقَمُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لفظ اَللّٰہُ مبتدا، عَلٰی حرف جار كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم شَهِيْدٌ کا، شَهِيْدٌ صفت مشبہ هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَ لَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ﴿۱۰﴾

**آیت نمبر ۱۰:** اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول فَتَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَمْ يَتُوْبُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم قائم مقام شرط، فاء جزائیہ برائے رابط لَهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل باهُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم عَذَابُ جَهَنَّمَ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم عَذَابُ الْحَرِيْقِ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر قائم مقام جزاء، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۬ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ﴿۱۱﴾

**آیت نمبر ۱۱:** اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ بواسطہ موصوف محذوف اَلْاَعْمَالَ کے مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لَهُمْ جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق، كَائِنَةٌ اسم فاعل باهِيَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم جَنّٰتٌ موصوف تَجْرِيْ فعل مِنْ حرف جار تَحْتِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور فعل کے متعلق ہوئے، اَلْاَنْهٰرُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلْفَوْزُ الْكَبِيْرُ موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ﴿۱۲﴾

**آیت نمبر ۱۲:** اِنَّ حرف تحقیق بَطْشَ مضاف رَبِّكَ مضاف بامضاف الیہ مضاف الیہ ہوا بَطْشَ کا، مضاف بامضاف الیہ اِنَّ کا اسم، لام مزحلقہ تاکیدیہ شَدِيْدٌ صفت مشبہ باهُوَ ضمیر فاعل اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَ يُعِيْدُ ﴿۱۳﴾ وَ هُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ﴿۱۵﴾ فَعَّالٌ لِّمَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



يُرِيْدُ ﴿١٦﴾

**آیت نمبر** ۱۳،۱۴،۱۵،۱۶: إِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا، یُبْدِیُٔ فعل با ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل جملہ فعلیہ خبر یہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُعِیْدُ فعل با ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف ھُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، الْغَفُوْرُ خبر اوّل، الْوَدُوْدُ خبر ثانی، ذُو الْعَرْشِ مرکب اضافی خبر ثالث، الْمَجِیْدُ خبر رابع، فَعَّالٌ صیغہ مبالغہ ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل لِ لام جارہ مَا موصولہ یُرِیْدُ فعل با ھُوَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، صیغہ مبالغہ با فاعل و متعلق خبر خامس، مبتدا پانچوں خبروں کے ساتھ مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

هَلْ أَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿١٧﴾ فِرْعَوْنَ وَ ثَمُوْدَ ﴿١٨﴾

**آیت نمبر** ۱۷،۱۸: هَلْ استفہامیہ اَتٰی فعل کاف ضمیر مفعول بہ حَدِیْثُ مضاف الْجُنُوْدِ مبدل منہ فِرْعَوْنَ وَ ثَمُوْدَ معطوف علیہ با معطوف بدل، مبدل منہ با بدل مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اَتٰی کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہوا۔

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿١٩﴾ وَّ اللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿٢٠﴾

**آیت نمبر** ۱۹،۲۰: بَلْ حرف اضراب الَّذِیْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا، فِیْ تَکْذِیْبٍ جار با مجرور متعلق ہوئے کَائِنُوْنَ کے، کَائِنُوْنَ اسم فاعل با هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لفظ اَللّٰهُ مبتدا، مِنْ جارہ وَرَآئِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم مُحِیْطٌ کا، مُحِیْطٌ اسم فاعل با ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿٢١﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿٢٢﴾

**آیت نمبر** ۲۱،۲۲: بَلْ حرف اضراب ھُوَ مبتدا، قُرْاٰنٌ موصوف مَجِیْدٌ صفت اولی، فِیْ جارہ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق، کَائِنٌ اسم فاعل با ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل و متعلق صفت ثانیہ، موصوف با صفتین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بِحَمْدِ اللّٰهِ وَتَوْفِيْقِهٖ بروز پیر بوقت ۷:۱۵ صبح بتاریخ ۲۲،۱۰،۲۰۱۲ کو اس کی ترکیب مکمل ہوئی

## ترکیب سُوْرَةُ الطَّارِقِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿١﴾ ... اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿٤﴾

**آیت نمبر** ۱،۴: واؤ قسمیہ جارہ السَّمَآءِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الطَّارِقِ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل با اَنَا مستتر فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ قسم، اِنْ نافیہ کُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی مبتدا، لَمَّا بمعنی اِلَّا حرف استثناء عَلَیْهَا جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق، کَائِنٌ اسم فاعل با ھُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم حَافِظٌ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کُلُّ نَفْسٍ کی خبر، مبتدا باخبر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا

## وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۞ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۞

**آیت نمبر ۳،۲**: واؤ اعتراضیہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰی فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اول، مَا استفہامیہ مبتدا، الطَّارِقُ مبدل منہ النَّجْمُ الثَّاقِبُ موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل خبر، مبتدا باخبر اَدْرٰی کے مفعول ثانی کے قائم مقام، اور النَّجْمُ الثَّاقِبُ کو ھُوَ محذوف کی خبر بھی بنا سکتے ہیں، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ اعتراضیہ ہوا۔

## فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۞

**آیت نمبر ۵**: فَاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا ثَبَتَ اَنَّ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ حَافِظًا، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ثَبَتَ فعل اَنَّ حرف تحقیق عَلٰی حرف جر کُلِّ نَفْسٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے کَائِنٌ کے، کَائِنٌ اسم فاعل ھُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم حَافِظًا اسم موخر، اَنَّ با اسم و خبر مفرد کے معنی میں ہو کر فاعل، فعل با فاعل و مفعول فیہ مقدم شرط، لِيَنْظُرْ فعل امر الْاِنْسَانُ فاعل مِمَّ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے خُلِقَ کے، خُلِقَ فعل مجہول با ھُوَ مقدر نائب فاعل و متعلق قائم مقام مفعول بہ، فعل امر با فاعل و متعلق جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۞ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۞

**آیت نمبر ۷،۶**: خُلِقَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ جارہ مَآءٍ موصوف دَافِقٍ صفت اولی، يَخْرُجُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ بَيْنِ مضاف الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے يَخْرُجُ کے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مجرور، جار با مجرور خُلِقَ کے متعلق، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

## اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۞ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۞ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۞

**آیت نمبر ۸،۹،۱۰**: اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اِنَّ کا اسم لام مزحلقہ قَادِرٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ رَجْعِ مصدر مضاف ہٖ ضمیر مضاف الیہ معنًی مفعول بہ يَوْمَ مضاف تُبْلَى فعل مجہول السَّرَآئِرُ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، مصدر مضاف با مضاف الیہ و مفعول فیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے قَادِرٌ کے، اسم فاعل با فاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا بُعِثَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، مَا مشابہ "بہ لَيْسَ" لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے کَائِنَيْنِ کے، کَائِنَيْنِ اسم فاعل با هُمَا ضمیر فاعل و متعلق خبر، مِنْ جارہ زائدہ قُوَّةٍ لفظًا مجرور و محلًّا مرفوع معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَاصِرٍ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اسم موخر، مَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۞ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۞ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۞ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۞

**آیت نمبر ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴**: واؤ قسمیہ جارہ السَّمَآءِ موصوف ذَاتِ الرَّجْعِ مرکب اضافی صفت، معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



موصوف ذَاتِ الصَّدْعِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل با اَنَا مستتر فاعل و متعلق قسم، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر منصوب اِنَّ کا اسم لَامِ مذحلقہ تاکیدیہ قَوْلٌ فَصْلٌ مرکب توصیفی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ هُوَ ضمیر اس کا اسم بِالْهَزْلِ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق، کَائِنًا اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر، مَا با اسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

## اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾

**آیت نمبر ۱۶،۱۵:** اِنَّ حرف مشبہ بالفعل هُمْ ضمیر منصوب اِنَّ کا اسم يَكِيْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كَيْدًا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول مطلق خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَكِيْدُ فعل با اَنَا ضمیر فاعل كَيْدًا مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

www.kitabosunnat.com

## فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾

**آیت نمبر ۱۷:** فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِنْ شِئْتَ اَنْ تَرٰى عَاقِبَةَ اَمْرِهِمْ، اِنْ شرطیہ شِئْتَ فعل بافاعل اَنْ ناصبہ تَرٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَاقِبَةَ اَمْرِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ مصدر کے معنی میں ہو کر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ شرط، مَهِّلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل الْكٰفِرِيْنَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مؤکد، اَمْهِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ رُوَيْدًا دراصل اِمْهَالًا رُوَيْدًا ہے، پھر یہ موصوف باصفت مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق تاکید، مؤکد با تاکید جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

# ترکیب سُوْرَةُ الاَعْلٰى

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ﴿۱﴾ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۲﴾ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ﴿۳﴾ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ﴿۴﴾ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ﴿۵﴾

